تمام دینی و دُنیاوی مشکلات کا روحانی حل

پیرزادہ سیّد محمد عثمان نوری محمدؐ جاوید قادری

مدنی بک ڈپو
اُردو مارکیٹ، گلی مٹیا محل، جامع مسجد، دہلی ۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

عملیات سورۂ مزمل

مصنف

پیرزادہ سید محمد عثمان نوری محمد جاوید قادری

مدنی بکڈپو

اردو مارکیٹ، گلی مٹیا محل، جامع مسجد، دہلی ۶

نام کتاب : عملیاتِ سورۂ مزمل

مصنف : پیرزادہ سید محمد عثمان نوری محمد جاوید قادری

سال اشاعت : سنہ ۲۰۱۴ء

طابع وناشر : مدنی بکڈپو دہلی ۶

قیمت :

ملنے کے پتے

- حاشر بکڈپو، دریبہ چمن سرائے، سنبھل
- عرشی کتاب گھر، منڈی میر عالم روڈ، حیدرآباد
- ناز بکڈپو، محمد علی روڈ، ممبئی
- مشاہد بکڈپو، زکریا اسٹریٹ، کلکتہ
- امدادیہ بکڈپو، ہزاری باغ، جھارکھنڈ
- القرآن کمپنی کمانی گیٹ، اجمیر شریف، راجستھان
- عطاری اسٹور، درگاہ، بلند دروازہ، ناگور، راجستھان
- فریدیہ بکڈپو، کھٹی تالاب، جموں
- مکتبہ اہلسنت و جماعت، چینی بازار، درگاہ رشی بابا، اننت ناگ، کشمیر

رازِ شفاء الامراض

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

الکتاب (قرآن مجید) مجھے عرشِ عظیم کے نیچے عطا کی گئی ہے اور وہ ہر مرض کی دوا و شفاء ہے۔

محمد شبیر قادری

انتساب

محسن انسانیت' آقائے دوجہاں

حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ کے نام

جن کے وسیلہ جلیلہ سے اللہ رب العزت اپنے بندوں پر رحمت و کرم فرماتا ہے

محمد شبیر قادری

حسن ترتیب

حرف آغاز

اللہ سبحانہٗ و تعالےٰ کے پاک نام سے شروع جو اپنی مخلوقات کے لئے رحمان و رحیم، یکتا، لاشریک، علیم وخبیر، شافی وکافی اور ہمیشہ سے موجود اور ہمیشہ کے لیے قائم ودائم رہنے والا، ہر شکل صورت سے منزہ حسن میں بے مثال، حجابات قدرت اٹھانے والا، ہر شے کا تخلیق کار اور ہر شے میں بلا امتیاز موجود، ہر حاضر و غائب بات سے آگاہی رکھنے والا اور اپنی حکمت و قدرت سے ہر شے کو شفاءِ کاملہ عاجلہ بخشنے والا، جس کی حکمت بے مثال اور ہر شے پر غالب وہ قادر مطلق ہے اور ہر شے کا خالق و مالک ہے۔

اللہ جل شانہٗ وہ پاک ذات ہے جس نے موت اور حیات کو پیدا فرمایا اور وہی ہر شے کو فنا کر کے پھر زندہ کرنے والا ہے وہ ذات رحیم و کریم جس نے روزِ میثاق کے اقرار کے تحت اس دنیائے خاکی میں انسان کو بھیجا اور اس کے دعویٰ آزمائش کے لئے عوارض اور تکالیف کو بھی ساتھ ہی نازل فرمایا اوراس کے ساتھ ہی اپنی حکمت شفاء کا بھی نزول ان عوارض اور تکالیف کے رفع کرنے کے لئے فرمایا۔

اسی لئے اللہ تعالیٰ عزوجل نے ہدایت، صراط مستقیم اور اعمال زندگی و اخلاق کو سنوارنے کی تلقین کے ساتھ ساتھ شفاء اوراس کے طور طریق بھی نازل فرمائے اوراس بارے میں قرآن پاک میں واضح ارشاد ہے کہ:۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

ہم قرآن پاک میں وہ شے اتارتے ہیں جو شفاء اور رحمت ہے

ایمان والوں کے لئے (الاسراء: آیت ۸۲)

اللہ تعالیٰ عزوجل نے اپنے پیارے محبوب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے وسیلۂ جلیلہ سے ہمیں قرآن مجید و فرقان حمید کی شکل میں رہتی دنیا تک کے لئے جو ہدایت و شفا بھیجی ہے وہ تعلیمات عمل کے لحاظ سے ہمہ جہت ہیں اس کتاب میں زندگی کے ہر پہلو ہر شعبے اور ہر امر کے لئے ہدایت وراہنمائی و شفاء کا پورا پورا سامان موجود ہے کوئی امیر ہو یا غریب 'بادشاہ ہو یا فقیر' حاکم ہو یا محکوم' جرنیل ہو یا سپاہی' افسر ہو یا ماتحت' غرض کہ معاشرے کے ہر چھوٹے بڑے طبقے کے لئے زندگی گزارنے' عوارض اور تکالیف سے بچنے اور بعداز عوارض و تکالیف لاحق ہونے کے ان سے صحت یابی وشفاء کے لئے بھرپور رہبری اور راہنمائی موجود ہے قرآن مجید و فرقان مجید کی شفاء بنی نوع انسان کے روحانی اور جسمانی دونوں قسم کے امراض کو محیط ہے یعنی اللہ تعالیٰ عزوجل کا یہ کلام جہاں روحانی قلبی امراض کے لئے شفاء ہے وہاں اس میں جسمانی اور ظاہری بدنی امراض و عوارض کے لئے شفاء کاملہ موجود ہے۔

اسی لئے حضور نبی کریم ﷺ نے اپنے صحابۂ کبار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کی روحانی کمزوریوں اور جسمانی بیماریوں کو دور کرنے کے لئے مختلف آیات قرآنیہ بطور نسخۂ شفاء تجویز فرمائے بلکہ خود بھی اکثر ان سے اپنے اوپر دم کرکے امت کے لئے طریقۂ عمل دیا۔

حضور نبی کریم ﷺ کے اسی تعامل کی اقتداء کرتے ہوئے علمائے امت' صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا یہ معمول رہا ہے کہ وہ اپنے حلقۂ اثر میں لوگوں کے مختلف روحانی وجسمانی امراض میں قرآن پاک کی آیات مبارکہ' اسماء حسنیٰ اور حضور نبی کریم ﷺ سے منقول دعاؤں سے علاج تجویز کرتے آئے ہیں اور اس سلسلہ میں انہوں نے بے حد کاوش اور محنت سے کام لیتے ہوئے ان عوارض کا علاج و طریقہ اپنی اپنی قلمی بیاضوں میں مندرج کیا ہے اور یہ تمام مجموعہ ہائے وظائف ایسے ہیں کہ اکثر تو ابھی تک نادر ونایاب ہیں اور جو طبع ہو چکے ہیں اور منظر عام پر آچکے ہیں وہ بھی بڑے ضخیم ہیں جن سے موتی

چننا ہر ایک کے بس کا روگ نہیں ہے۔

چونکہ حق کے لئے نشانیاں اور حقیقت کے لئے پورا نظام الٰہی موجود ہے اور بندوں کے لئے عرفان الٰہیہ کے ساتھ ساتھ رحمان ورحیم ذات پر ایمان لانا ضروری ہے اوراس ذات تک پہنچنے کے لئے وسیلہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہونا بہت ضروری اور مطلوب ہے تاکہ شفائے کاملہ وعاجلہ باآسانی خزینۂ الٰہی سے حاصل ہوسکے۔

اس مادی دور میں ہر انسان کسی نہ کسی پریشانی، مشکل، بیماری اور آزمائش میں مبتلا ہے اور ذہنی ٹینشن کا مریض بنا ہوا ہے اور ان بیماریوں کے شافی حل کے لئے دنیاوی ادویات اور ڈاکٹروں وحکیموں کے پیچھے پھر رہا ہے لیکن شفاء پھر بھی نہیں ملتی اس لئے بہتر یہی ہے کہ بندہ اپنے گناہوں کی معافی مانگے اور اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور توبہ کرے اور اسی سے شفاء کے لئے مدد مانگے تاکہ بفضلہٖ ان اعمال کے کرنے سے اسے شفاء کاملہ اور عاجلہ جلد از جلد مل سکے اور وہ عوارض سے پاک زندگی گزارنے کے قابل ہوسکے عاجز کی یہی دُعا ہے اور اس کتاب کے تالیف کرنے کا مقصد ومنشاء بھی یہی ہے۔

آخیر میں بندۂ عاجز کی یہ عاجزانہ التجا ودُعا بارگاہ ایزدی اللہ تعالیٰ عزوجل میں ہے کہ باری تعالیٰ سورۂ مزمل کے طفیل اور توسل حضور نبی کریم احمد مجتبےٰ محمد مصطفیٰ ﷺ سب کو شفاء کاملہ عطا فرمائے اور ان کی تمام مشکلات کو دائما دور فرمائے اور قلبی، روحانی اور جسمانی سکون ورحمت عطا فرمادے۔ (آمین ثم آمین)

طالب دعا

پیر سید محمد عثمان نوری

محمد جاوید قادری

محمد شبیر قادری

پیمانہ اوراد و وظائف

☆ سب سے پہلے انسان کو اپنا یقین و توکل ذات باری تعالیٰ پر لوہے کی لٹھ کی مانند مضبوط کرنا چاہیئے اور اس بات کو دل و دماغ میں پختہ کرلینا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ عزوجل ہی وہ ذات ہے جس کی طرف سے میرے اوپر یہ آزمائش نازل ہوئی ہے اور وہی ذات اس ابتلاء وآزمائش سے بتوسل آقائے رحمت حضور نبی کریم ﷺ نجات دینے والی ہے اوراس ابتلاء وآزمائش میں وہی ذات کافی وشافی اور رحمان ورحیم وکریم ہے۔

☆ جو کچھ بھی اللہ تعالیٰ عزوجل سے مانگا جائے وہ بوسیلہ محبوب رب للعالمین جناب احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ ﷺ آقائے رحمت دوجہان مانگا جائے کیونکہ اس کے بغیر وہ التجا اور فریاد بارگاہ الٰہی میں نہیں پہنچتی اللہ تعالیٰ اوراس کے پیارے رسول ﷺ کا فرمان ہے کہ کوئی دُعا یافریاد اس وقت تک عرش الٰہی پر نہیں پہنچتی جس کے ھمراہ میرے اوپر درود وسلام شامل نہ ہو وہ آسمان اور زمین کے درمیان لٹکی رہتی ہے اس لئے کثرت درود پاک اختیار کرنا بے حد ضروری ہے تاکہ شفاعتِ رسول اللہ ﷺ کے حقدار بن جائیں۔

☆ رزقِ حلال کمائے اور رزق حلال کھائے حرام روزی سے بچے حرام لباس سے بھی بچتا رہے رزق حلال کے ضمن میں مشکوٰۃ شریف کی ایک حدیث مبارکہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس بدن کو حرام غذا دی گئی وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔

☆ اپنی جسمانی طہارت وپاکیزگی کا ہر طرح سے خیال رکھے مسلم شریف کی حدیث

پاک ہے حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان فرمایا کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ پاکیزگی نصف ایمان ہے۔

☆ نماز پنجگانہ باجماعت کا پابند ہو۔ بخاری شریف کی حدیث پاک ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ بتاؤ اگر تم لوگوں میں کسی کے دروازے پر نہر ہو اور وہ اس میں روزانہ پانچ مرتبہ غسل کرتا ہو تو کیا اس کے بدن پر کچھ میل باقی رہ جائے گی؟ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا ایسی حالت میں اس کے بدن پر بھی میل باقی نہ رہے گی۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ و السلام نے فرمایا: بس یہی کیفیت پانچوں نمازوں کی ہے اللہ تعالیٰ ان کے سب گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

☆ جھوٹ سے پرہیز کرے ہر معاملے میں سچ بولے کیونکہ جھوٹ بولنے کی عادت روحانی قوت کے حصول میں مانع ہے۔ مسلم شریف کی حدیث پاک ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور سرور کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا "سچ بولنا نیکی ہے اور نیکی جنت میں لے جاتی ہے اور جھوٹ بولنا فسق وفجور ہے اور فسق وفجور جہنم میں لے جاتا ہے۔

☆ عمل پڑھتے ہوئے شیطانی وسوسے اور فاسد خیالات اپنے قلب سے دُور کئے جائیں اور جس کام کے لیے پڑھ رہا ہے اوّل سے آخر تک اس کا خیال رکھے اور ترکیب عمل اچھی طرح سے معلوم کرے۔

☆ کسی جگہ تنہائی میں جو جگہ پاک صاف ہو وہاں پر بیٹھ کر عمل کرے اور کسی کو اس جگہ پر مداخلت نہ کرنی چاہیئے اپنے گھر کا ایک حصہ علیحدہ سے اس مقصد کے لیے منتخب کرے۔

☆ عمل کا آغاز کرتے ہوئے اور عمل ختم کرنے کے بعد کسی سے اس کا تذکرہ نہ کرے کہ فلاں کے لیے یہ عمل کیا ہے۔

☆ عامل ہر طرح کے ناجائز کام کرنے سے پرہیز کرے اور کسی انسان اور حیوان کو

ناجائز تکلیف نہ دے۔

☆ فسق وفجور سے پرہیز کرنا بہت ضروری ہے ورنہ اس کی محنت ضائع جائے گی اور خواہ مخواہ عامل اس عمل کی بدنامی کا باعث بنے گا۔

☆ باوضو ہو کر قبلہ رخ بیٹھے قلب اور حوالی قلب میں جہاں تک ہو سکے خشوع وخضوع پیدا کرے ورنہ مطلوبہ مقصد میں کامیابی نہ ہوگی یعنی روحانی فیوض سے محروم رہے گا۔

☆ جس مقصد کے لیے یہ تعویذ دیا ہے جب وہ کام ہو جائے تو عامل تعویذ دیتے وقت ہدایت کرے کہ تعویذ کو قبرستان میں دفن کر دے یا جاری پانی میں ڈال دے بے ادبی ہرگز نہ کرے۔

☆ تکبر، دھوکہ دہی، خودنمائی، غیبت، ریاکاری اور بے ہودہ باتوں سے عامل ہر وقت دُور رہے اور اس سے پرہیز کرے۔

☆ نقش یا تعویذ کی جو زکوٰۃ یا ہدیہ مقرر ہو وہ عمل سے پیشتر لازماً ادا کی جائے۔

☆ ☆ ☆

عمل شروع کرنے سے پہلے ضروری امر

سب سے پہلے دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل سے توفیق و استعانت اور منظوری کے لئے سات یا گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضور رسول کریم ﷺ، آل اولاد و والدین نبی ﷺ، اولیاء امت، جمیع مسلمین اور مسلمات اور اپنے والدین کو بخش کر بوسیلہ جناب ائمہ مجتبےٰ محمد مصطفےٰ آقائے دو جہاں ﷺ انتہائی حضوری قلب اور خشوع وخضوع سے دُعا مانگیں اور پھر اس عمل یا وظیفہ کا ورد شروع کیا جائے تا کہ اس کے اثرات سے کماحقہ استفادہ ہو سکے۔

نوٹ:۔ بعد از حل وشفاء بندۂ عاجز اور اس کے والدین اور بزرگان سلسلہ کے حق میں دعائے خیر سے نوازیں۔ از حد شکریہ)

پیر سید محمد عثمان نوری
محمد جاوید قادری
محمد شبیر قادری

اعمال:۔

حصول فتوحات ظاہری و باطنی

مجھ کو شرف بیعت جناب مولانا مولوی محمد رمضان صاحب نقش بندی مجددی سے ہے یہ عمل مجھ کو حضرت ممدوح سے حاصل ہوا ہے۔ میں نے اس کو کھڑے ہو کر پڑھا تھا جو آدمی موکلوں سے ڈرتا ہو وہ اس عمل کو نہ پڑھے کیونکہ اس میں موکلوں کی طرف سے ضرور اشارے ہوتے ہیں۔ عمل ہذا کے تین چلہ ہیں۔ تین چلوں کے بعد ہمیشہ اس کا ورد رکھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ضرور فتوحات حاصل ہوتی ہے۔ مگر چلوں میں ترک حیوانات ضروری ہے۔

طریق عمل:۔

اوّل ایک سو گیارہ بار یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبِعَدَدِ الْمُزَّمِّلُ وَالْخَصَائِصِ بَعْدَہٗ یَاحَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ رَحْمَۃٍ وَعَلِیْمٍ یَاحَنَّانُ

پڑھ کر ایک سو گیارہ بار سورۂ مزمل شریف پڑھ کر سو بار یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَسَخَّرَنِیْ خُدَّامُ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ الشَّرِیْفَۃِ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

پھر آخر میں درود مذکور ایک سو گیارہ بار پڑھ عمل تمام کر لے ایک چلہ تک اسی

طریقہ سے پڑھتا رہے جب دوسرا چلہ شروع ہو تو صرف سورۂ مزمل شریف کی تعداد کو بجائے ایک سو گیارہ کے اکیاسی بار کر دے باقی ورد بدستور پڑھے۔ تیسرے چلہ میں سورۂ شریف اکتالیس بار روز پڑھے جب تینوں سے فارغ ہو جائے تو ہمیشہ اپنی طاقت کے موافق گیارہ بار یا سات بار روزانہ بلاناغہ پڑھتا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم فتوحات بدرجہ غایت ہونگی۔

بادشاہ جنات کو تابع کرنا

جس کسی کو یہ خواہش ہو کہ وہ بادشاہ جنات کو اپنا تابع بنائے۔ تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اُس پر لازم ہے کہ وہ گوشۂ تنہائی میں چالیس جمعہ آدھی رات کو سورۂ مزمل شریف کی ذیل کی آیات مبارکہ ایک سو گیارہ بار پڑھا کرے۔ لیکن غسل کر کے پاک صاف لباس میں یہ عمل کرے۔ اور خوشبو بھی جلائے اور ساتھ ہی ذیل کا نقش مبارک بھی اپنے پاس سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و مشک سے بنا کر رکھے' چلے کے اختتام پر جنات کا بادشاہ حاضر ہوگا اور بعداز سوال و جواب تابع فرمان ہونے کا وعدہ کرے گا۔ زبانی وعدے کے ساتھ ہی اس نقش پر اس سے دستخط ثبت کروائے اور اس کو قسم حضرت سلیمان علیہ السلام بھی کھانے کو کہے۔ بعدازاں جب بھی بادشاہ جن کو بلانا مقصود ہو۔ ان آیات مبارکہ کا ذکر گیارہ بار کر کے نقش پر پھونک مارے اور اس کا نام لے کر پکارے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بادشاہ جنات فوراً حاضر ہوجائے گا اور جو بھی جائز حاجت یا مقصد ہو گا اُس کو پورا کرے گا۔

آیات مبارکہ:۔

يَاۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ۝ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ۝ نِّصْفَهٗۤ اَوِانْقُصْ

مِنۡهُ قَلِيۡلًا ۙ اَوۡزِدۡ عَلَيۡهِ وَرَتِّلِ الۡقُرۡاٰنَ تَرۡتِيۡلًا ؕ

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

٩١٥	٩٢١	٩١٣	٩٢٧
٩١٤	٩٢٦	٩١٦	٩٢٠
٩٢٥	٩١١	٩٢٣	٩١٧
٩٢٢	٩١٨	٩٢٤	٩١٢

سخت مہم میں کامیابی

جس کسی کو کوئی بھی سخت مہم درکار ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نفع بخش اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے اس مہم پر جانے سے قبل باوضو حالت میں مکئی کا آٹا گوندھ کر اس میں شکر ملائے اور اس کی تین روٹیاں پکائے۔ روٹیاں پکانے کے بعد ہر ایک روٹی پر گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھے، ایک روٹی سونے سے پیشتر کھائے۔ دوسری روٹی اس مقام پر پہنچ کر کھائے جہاں پر مہم درپیش ہو۔ جبکہ تیسری روٹی قدرے وقفہ کے بعد اس طرح کھائے کہ پہلے وضو کرے اور پھر اس پر دوبارہ گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھے اوّل و آخر درود پاک مستغاث اکیس اکیس مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ عزوجل سے کامیابی کی دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کے فضل و کرم سے اس مہم میں کامیابی حاصل ہوگی اور حسب منشاء وہ کام ہو جائے گا۔

قضائے حاجات و مقبولیت دُعا

جب کوئی حاجت درپیش ہو تو رات کو بارہ رکعت نماز تہجد پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک ایک بار سورۂ مزمل شریف پڑھے نماز سے فارغ ہو کر پانچ بار استغفار اور پانچ سو بار تیسرا کلمہ اور پانچ سو بار درود شریف پڑھ کر اپنی حاجت کی دُعا کرے چند روز تک یہی عمل کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دُعا قبول اور حاجت پوری ہوگی اگر ہمیشہ مداومت کرے تو عجیب وغریب فائدہ حاصل ہو۔

برائے حصول اولاد

اولاد کے خواہاں افراد کے لئے ذیل کا عمل ازحد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے سات روز تک برابر ایک چھالیہ لے کر اس پر نو بار سورۂ مزمل شریف پڑھ کر عورت کے گلے میں ڈالے اور شب کو خاوند سے ہم بستر ہو۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات دن کے عرصہ میں حمل قائم ہوگا۔

طاقت گویائی زیادہ ہو

جن حضرات کی قوت گویائی بالکل نہ ہو یا بے حد کم ہو ان کے لئے ذیل کا عمل ازحد مفید اور نفع بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے پانچ شب تک ہر روز اکتالیس بار سورۂ مزمل شریف پڑھے اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اُس کی کھوئی ہوئی طاقت گویائی زیادہ ہوجائے گی۔

محمد شبیر قادری

دفعیہ سحر و جادو

جادو یا سحر میں کوئی مبتلا ہو گیا ہو تو سات بار سورۂ مزمل شریف پانی پر دم کر کے پلائے اور غسل دے بفضل باری تعالیٰ شفاء ہوگی۔

حفاظت حمل

ذیل کا نقش تین ماہ کا حمل ہونے کے قریب ہو تو اختیار کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس نقش کی بدولت حمل میں آسانی ہوگی۔

اس نقش کو سفید کاغذ پر مشک، زعفران وگلاب سے لکھیں جب یہ نقش مکمل ہو جائے تو سات عدد چھوٹی سوئیاں یا پن لے کر ان میں سے ہر ایک سوئی پر آیت الکرسیٰ سات بار پڑھ کر باری باری سوئی نقش میں پروتا جائے بعدہٗ اس کو لپیٹ کر موم جامہ کر کے تانبے کے تعویذ رکھیں اور اتنا لمبا ڈورا ڈال کر گلے میں عورت پہن لے کہ تعویذ ناف سے دو انگل نیچے رہے۔ بعد بچہ پیدا ہونے کے فوراً بچہ کو غسل دیں اور کانوں میں اذانیں کہلوا کر فوراً یہ تعویذ ماں کے گلے سے اتار کر بچہ کو پہنا دیں۔ دوران حمل اس کا خصوصی خیال رکھیں۔ نیز ہر روز حاملہ کو ایک بار سورۂ مزمل بمعہ درود شریف ذیل اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار پڑھ کر دم بھی کریں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَا ئِقَ

نقش مبارک:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اِذۡ قَالَتِ امۡرَاَةُ عِمۡرٰنَ رَبِّ اِنِّىۡ نَذَرۡتُ لَكَ مَافِىۡ بَطۡنِىۡ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلۡ مِنِّىۡ اِنَّكَ اَنۡتَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ يُوۡنُسَ اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ هُوۡدٍ اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ يُوۡسُفَ اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ يٰسٓ، اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ مُزَّمِّلۡ، اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ وَالضُّحٰى اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ اَلَمۡ نَشۡرَحۡ، اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ قُلۡ يٰۤاَيُّهَا الۡكٰفِرُوۡنَ لَاۤ اَعۡبُدُ مَاتَعۡبُدُوۡنَ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّاعَبَدۡتُّمۡ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ لَكُمۡ دِيۡنُكُمۡ وَلِىَ دِيۡنِ ؕ اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَتِ اِيں آيَاتِهَا آنچه مسان ومسانی که دربدن طفل فلاں بنت فلاں باشد و در شود فَاللّٰهُ خَيۡرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِيۡنَ ؕ ○

زیارت رسول مقبول ﷺ

زیارت رسول مقبول ﷺ کے لئے شب پنج شنبہ کو دو سو پچاس بار سورۂ مزمل شریف مع اوّل و آخر درود شریف سو سو بار پڑھ کر ثواب حضور رسول کریم ﷺ کو بخشیں۔ اگر اس روز زیارت سے مشرف نہیں ہوا تو چند شب تک اس عمل کو جاری رکھے مگر اس جگہ کو پاک و صاف رکھے خوشبو و عود جلاتا رہے، اپنا لباس عطر وغیرہ سے درست رکھے، کسی سے کلام نہ کرے بعد پڑھنے کے اسی جگہ زمین پر سوجایا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم زیارت سے ضرور مشرف ہوگا۔

حصول فتوحات

ہمہ اقسام کی فتوحات ظاہری و باطنی کے حصول کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ بخش اور مفید عمل ہے۔

اس مقصد کے لئے ترک حیوانات کر کے تین چلہ تک سورۂ مزمل شریف کو اس ترکیب سے پڑھے کہ بعداز نماز عشاء تازہ وضو کر کے چار رکعت نماز ایک سلام سے پہلی رکعت میں بعداز الحمد شریف' سورۂ واللیل' دوسری میں سورۂ الم نشرح' تیسری میں سورۂ اخلاص اور چوتھی میں سورۂ الناس پڑھے بعد سلام پھیرنے کے پانی میں جا کر نصف جسم یعنی ناف تک پانی میں کھڑا ہو اور تہبند علیحدہ کر کے باہر پھینک دے یا وہاں کوئی چیز پاس ہو تو اس پر رکھ دے' پھر اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف کی تلاوت کرے ایک چلہ تک یہی عمل کرے دوسرے چلہ میں بجائے اکتالیس بار یومیہ کے سورۂ مزمل شریف اکیس بار روز پڑھے اور تیسرے چلہ میں گیارہ بار جب تینوں چلے ختم ہو جائیں تو ہر روز نماز عشاء کے بعد گیارہ بارسورۂ مزمل شریف اپنے گھر میں پانی سے علیحدہ پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بہت کثرت سے فتوحات حاصل ہونگی۔

دریافت حال

جب انسان کسی معاملہ میں متردّد اور حیران ہو اور یہ چاہے کہ مجھ کو اس امر کی کیفیت دریافت ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ نصف شب کو دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعداز فاتحہ کے ایک ایک بارسورۂ مزمل شریف پڑھ کر ایک سو آٹھ مرتبہ بعد اسلام کے:۔

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

اور ایک سو آٹھ مرتبہ:

یَااَللّٰهُ عَالِمُ ' مَافِیْ قَلْبِیْ مُعِیْنُ فِیْهِ

پڑھ کر رو بقبلہ سو جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کو خواب میں حال معلوم ہو جائے گا' یہ عمل تاحصول مطلب برابر سات رات تک کرے۔

بچے کی حیاتی

جس عورت کے بچے پیدا ہوتے ہی مر جاتے ہوں اور زندہ نہ بچتے ہوں اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے عورت کے قد کے برابر نیلے سوت کے اکتالیس دھاگے لے کر ان پر اکتالیس بارسورۂ مزمل اس طرح پڑھے کہ ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد ایک گرہ لگاتا جائے۔ جب اکتالیس گرہیں لگ جائیں تو اس کا گنڈہ بنا کر عورت کی کمر پر باندھے۔ جب بچہ ہو جائے تو اس گنڈے کو ماں کی کمر سے اتار کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ پھر یہ عمل ہر سال کرتے رہیں اور ہر سال گنڈہ بچے کے گلے میں پہلے گنڈھے کے ساتھ ڈالتے جائیں۔ جب بچہ گیارہ برس کا ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کے واسطے بہت سا کھانا پکا کر حضرت غوث الاعظم رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی روح پرفتوح کو ثواب پہنچائے اور اس کو فقراء میں تقسیم کرے۔ بعدازاں سب گنڈے اتار کر کسی پاک جگہ پر دفن کر دے۔ باور رہے کہ ہر گنڈے کو موم جامہ کر کے بہت احتیاط سے گلے میں ڈالیں۔

آسان اور مجرب عمل

سورۂ مزمل

ہر انسان کے لئے ذیل کا آسان اور مجرب عمل بے حد نفع بخش ہے۔

اس مقصد کے لیے ہر روز بعداز سنت نماز فجر کے ایک بارسورۂ مزمل پڑھ کر فرض پڑھا کرے اور اس کے بعد ہر نماز پنجگانہ کے دو دو بارسورۂ مزمل شریف پڑھے تاکہ

دن رات میں اس کی تعداد گیارہ ہو جائے لیکن دوران تلاوت سورۂ مزمل شریف جب ذیل کی آیت مبارکہ پر پہنچے تو اس کی تکرار پچیس بار کرے پھر اس کے بعد:۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

پچیس مرتبہ پڑھ کر سورت تمام کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی تمام مشکلات آسان ہونگی۔ اور ہر جائز امر میں کامیابی ہوگی۔

آیت مبارکہ:۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ○

حب و بغض

ہمہ اقسام کی حاجات حب و بغض کے لئے ذیل کا عمل ازحد پراثر اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے عروج ماہ قمر بدھ یا جمعرات یا جمعہ سے شروع کرے ایک وقت معین کر کے محفوظ جگہ میں اطمینان قلب اور طہارت کامل کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۂ الحمد شریف کے بعد سورۂ مزمل شریف کو بیس بار اور دوسری رکعت میں پانچ بار پڑھے' بعد از سلام کے اپنی حاجت کے واسطے دُعا کرے اگر محبت کے واسطے پڑھتا رہے تو اثنائے عمل میں معشوق کی صورت کا خیال رکھے اور اگر دشمن کے واسطے پڑھتا ہے تو دشمن کو بہ شکل سیاہ تصور کرے' اگر فتوحات کی نیت سے پڑھے تو اس کا خیال رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند روز میں جو حاجت ہوگی پوری ہوگی۔

نوٹ:۔ ناجائز عمل کی صورت میں عذاب الٰہی کا سزاوار خود ہوگا۔

روزانہ خرچ کریں مگر جیب کبھی بھی خالی نہ رہے

اس نقش ذیل کو مشک و زعفران وگلاب سے بھوج پتر پر لکھے اگر بھوج پتر دستیاب نہ ہو تو اس کے لیے بہ امر مجبوری کاغذ استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ نقش زعفران وگلاب و مشک سے لکھا جائے اور بیچ کے خانہ میں یومیہ خرچ لکھیں اور اس کے اوپر سورۂ مزمل سات بار اوّل و آخر درود پاک سات سات بار پڑھ کر دم کریں اور موم جامہ کر کے اپنے بازو پر باندھ لیں۔ سورۂ مزمل کو ذیل کے طریقے سے پڑھ کر دم کرنا ہے۔ پھر نظارہ الٰہی دیکھیے۔

طریق سورۂ مزمل شریف:۔

اوّل وآخر درود شریف دس بار آیت الکرسی ایک بار:۔

اَستَغفِرُ اللّٰہَ رَبِّیۡ مِنۡ کُلِّ ذَنۡبٍ وَّاَتُوۡبُ اِلَیۡہِ ؕ

(ستر بار یا سات بار)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ یَاۤاَیُّھَا الۡمُزَّمِّلُ

(ایک سانس میں سات بار)

زَمِّلۡنِیۡ بِلُطۡفِکَ الۡخَفِیِّ (تین بار)

قُمِ الَّیۡلَ اِلَّا قَلِیۡلًا ۙ نِّصۡفَہٗۤ اَوِانۡقُصۡ مِنۡہُ قَلِیۡلًا ۙ اَوۡزِدۡ عَلَیۡہِ وَرَتِّلِ الۡقُرۡاٰنَ تَرۡتِیۡلًا ؕ

وَمَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجۡعَلۡ لَّہٗ مَخۡرَجًا وَّیَرۡزُقۡہُ مِنۡ حَیۡثُ لَا یَحۡتَسِبُ ؕ وَمَنۡ یَّتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسۡبُہٗ ؕ

اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ؕ (پچاس بار یا پانچ بار)

اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝ؕ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۝ؕ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝ؕ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝ (سو بار یا دس بار)

رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ؕ (تیس بار یا تین بار)

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ۝ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ۝ۙ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ۝ قف يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ۵ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۝ؕ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ۝ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ۝ق صلے السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ج فَمَنْ شَآءَ

اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّہٖ سَبِیْلًا ۝ؑ

رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْداً لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ط (تیس بار یا تین بار)

اِنَّ رَبَّکَ یَعْلَمُ اَنَّکَ تَقُوْمُ اَدْنٰی مِنْ ثُلُثَیِ الَّیْلِ وَنِصْفَہٗ وَثُلُثَہٗ وَطَآئِفَۃٌ مِّنَ الَّذِیْنَ مَعَکَ ط وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ ط عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْہُ فَتَابَ عَلَیْکُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ط عَلِمَ اَنْ سَیَکُوْنُ مِنْکُمْ مَّرْضٰی لا وَاٰخَرُوْنَ یَضْرِبُوْنَ فِی الْاَرْضِ یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ لا وَاٰخَرُوْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ زصلے فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنْہُ لا وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ وَاَقْرِضُوا اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا ط

(تیس بار یا تین بار)

اَلَا اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ط (اکیس بار ایک سانس میں)

وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِکُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْہُ عِنْدَ اللّٰہِ ھُوَ خَیْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ط وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ ط اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ؑ

درود شریف دس مرتبہ پھر سجدے میں جاکر یہ دُعا سات بار پڑھے۔

دُعا:۔

اَللّٰھُمَّ یَا مُفَتِّحُ اِفْتَحْ یَامُسَبِّبُ سَبِّبْ یَامُفَرِّحُ اِفْرَحْ

يَامُسَهِّلُ سَهِّلْ وَيَا مُيَسِّرُ يَسِّرْ وَيَا مُدَبِّرُ بِرْ وَيَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ بِالْخَيْرِ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۳۰۰۲۶	۳۰۰۲۹	۳۰۰۳۲	۳۰۰۱۹
۳۰۰۳۱	۳۰۰۲۰	۳۰۰۲۵	۳۰۰۲۴
۳۰۰۲۱	۳۰۰۳۴	۳۰۰۲۷	۳۰۰۳۰
۳۰۰۲۸	۳۰۰۲۳	۳۰۰۲۲	۳۰۰۳۳

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم
الٰہی بحق ھو الغفور الودود
ذوالعرش المجید فعال لما یرید حسب
ضرورت خرچہ روزمرہ از خزانہ غیب
رساں النستہ برسد

نوٹ:۔ اس نقش کو پہننے سے پہلے حسب توفیق صدقہ و خیرات فقراء میں تقسیم کرے۔

عمل سورۂ مزمل شریف

اس عمل کے لیے لازم ہے کہ اکل حلال اختیار کرتے ہوئے ترک لوازم جلالی و جمالی اختیار کرے اور تنہائی میں بعداز نماز عشاء ہر روز اکیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھے یہ چلہ چالیس روز تک بلاناغہ کرے۔ ہر روز بعداز وردسورۂ مزمل شریف نقش ذیل اکیس مرتبہ گلاب و زعفران ومشک سے کسی سفید کاغذ پر لکھے اور گندم کے آٹے کی گولی میں رکھ

کر دریا میں مچھلیوں کے آگے ڈال دے۔ سات یوم کے بعد سورۂ مزمل شریف ایک بار پڑھ کر ایک نقش دریا میں ڈالا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے سورۂ مزمل کا عامل بن جائے گا اور اس نقش کو ہر مقصد کے لیے استعمال میں لا سکے گا۔ احتیاط لازم ہے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۹۱۵	۹۲۱	۹۱۳	۹۲۷
۹۱۴	۹۲۶	۹۱۶	۹۲۰
۹۲۵	۹۱۱	۹۲۳	۹۱۷
۹۲۲	۹۱۸	۹۲۴	۹۱۴

فراخی رزق

فراخی رزق کے لیے ذیل کا عمل نافع اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعداز نماز عشاء سورۂ مزمل شریف اکیس بار چالیس روز تک بلاناغہ اس طرح پڑھیں کہ دوران تلاوت جب آیت مبارکہ:۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

پر پہنچے تو پچیس مرتبہ پڑھیں پھر اس کے بعد سورۂ مزمل شریف کو مکمل کریں۔ اوّل و آخر درود پاک ذیل سات سات مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دست بدعا ہو۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ایک چلے ہی میں رزق کی فراوانی ہو جائے گی اور تنگی رزق کی شکایت جاتی رہے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ○ دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَاءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ○ اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ" مَّرْفُوْعٌ" مَّشْفُوْعٌ" مَّنْقُوْشٌ" فِى اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ○ سَيِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ○ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ" مُّعَطَّرٌ" مُّطَهَّرٌ" مُّنَوَّرٌ" فِى الْبَيْتِ وَالْحَرَمِ ○ شَمْسِ الضُّحٰى بَدْرِ الدُّجٰى صَدْرِ الْعُلٰى نُوْرِ الْهُدٰى كَهْفِ الْوَرٰى مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ○ جَمِيْلِ الشِّيَمِ ○ شَفِيْعِ الْاُمَمِ ○ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ ○ وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ وَجِبْرِيْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى مَقَامُهٗ وَقَابَ قَوْسَيْنِ مَطْلُوْبُهٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ ○ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ خَاتَمِ النَّبِيّٖنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ اَنِيْسِ الْغَرِيْبِيْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ رَاحَةِ الْعَاشِقِيْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ شَمْسِ الْعَارِفِيْنَ سِرَاجِ السَّالِكِيْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِيْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسَاكِيْنَ ○ سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ اِمَامِ

الْقِبْلَتَيْنِ وَسِيْلَتِنَا فِى الدَّارَيْنِ صَاحِبِ قَابَ
قَوْسَيْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَيْنِ
جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ مَوْلَانَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ اَبِى
الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُوْرِ اللّٰهِ ٥
يٰاَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ
وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا ٥ط

تپ لرزہ

تپ لرزہ میں مبتلا مریضوں کے لئے ذیل کا عمل ازحد شفاء بخش اور مجرب المجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے تین بار سورۂ مزمل شریف پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے خداوند تعالیٰ شفاء دے گا' تین روز تک یہ عمل کرے اور اگر اوّل ہی روز میں شفاء ہو تو پھر آئندہ عمل کی ضرورت نہیں۔

حاضری موکل ہفت کواکب

جو کوئی حضرات موکل ہفت کواکب کی تسخیر چاہتے ہوں تو ان کے لئے شرائط وظائف وعملیات کے ساتھ ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے شب منگل کو چوبیس بار سورۂ مزمل شریف معہ اوّل وآخر گیارہ' گیارہ بار درود شریف کے پڑھے۔ ۴۴ روز تک متواتر پڑھتا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم موکل ہفت و کواکب کے حاضر ہونگے اور فرمانبرداری کریں گے۔

محمد شبیر قادری

حصولِ علم غیب

علم غیب کے حصول کے خواہاں حضرات کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ہزار بار سورۂ مزمل شریف قند سیاہ پر دم کر کے کھا جائے۔
ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم جس قدر چاہے گا اللہ تعالیٰ اُس کو علم عطا کرے گا۔

اسقاطِ حمل

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور تسلّی بخش ہے۔
اس مقصد کیلئے سورۂ مزمل شریف قند سیاہ پر باوضو حالت میں دم کر کے حمل والی عورت کو کھلائے۔
ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم حمل قائم رہے گا۔

تسخیر موکل آفتاب و ماهتاب

جو کوئی موکل آفتاب و ماہتاب کی تسخیر چاہتا ہو اُس کے لئے باشرائط عملیات وظائف ذیل کا عمل از حد موثر اور مجرب ہے۔
اس مقصد کے لئے شب چہار شنبہ کو چار سو بار سورۂ مزمل شریف پڑھے۔ بعدہٗ روز اس قدر چالیس دن تک پڑھے۔
ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم موکل آفتاب و ماہتاب مسخر ہوں گے۔

درستگی حافظه

حافظہ کی درستگی اور نسیان سے حفاظت کے لئے ذیل کا عمل تیر بہدف ہے۔ اس مقصد کے لئے سورۂ مزمل شریف تین بار پانی پر دم کر کے ہر روز پی لیا کرے۔

چندروز میں انشاءاللہ تعالیٰ حافظہ ٹھیک ہو جائے گا۔

برائے عداوت

عداوت اور بغض کے لئے ذیل کا عمل بے حد مؤثر اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے دو روٹی پر سورۂ مزمل شریف لکھے اور چاروں نام جن کے درمیان عداوت چاہتا ہے بھی لکھ دے، بعدۂ سیاہ کتے کو کھلا دے۔ قیامت تک صلح نہیں ہوگی۔

برائے اولاد

اولاد کے خواہاں حضرات کے لئے ذیل کا عمل از حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے جب عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے اور اُس روز روزہ رکھے اور دودھ پر سات بار سورۂ مزمل شریف دم کر کے روزہ افطار کرے۔

اگر دونوں ایسا کریں اولیٰ ہے، رات کو اپنے خاوند سے ہم بستر ہو۔ اللہ تعالیٰ عزوجل نیک بیٹا دے گا۔

برائے دشمنوں کے درمیان جدائی

دو دشمنوں کے درمیان جدائی ڈالنے اور اُن کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے اس کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے پندرہ بار سورۂ مزمل شریف کسی خوردنی شے پر دم کر کے دونوں کو کھلائے، درمیان پڑھنے کے نام دونوں کا لیوے۔

بفضلہٖ باری تعالیٰ جدا جدا ہو جائیں گے۔

محمد شبیر قادری

دشمنوں کو بیمار کرنا

اپنے دشمنوں کو بیماری میں مبتلا کر کے اور اُن کے شر سے چھٹکارا پانے کے لئے ذیل کا عمل از حد نافع اور فائدہ بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے اوپر کاغذ کے چار خط کھینچے، درمیان میں سورۂ مزمل لکھے اور نیچے دشمن کا نام لکھ کر قبر کہنہ میں دفن کر دے۔

بفضل باری تعالیٰ چند روز میں دشمن بیمار ہوگا، جب تک وہ کاغذ قبر سے علیحدہ نہ کیا جائے گا، آرام نہ آئے گا۔

نوٹ:- یہ عمل ناجائز نہ کیا جائے، ورنہ اُلٹا نقصان اپنی ذات کو بحکم خداوندی پہنچے گا۔

تسخیر پریاں

پریوں کو تسخیر کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بہتّر (۷۲) بار سورۂ مزمل شریف اوپر ماش کے دم کر کے چاروں طرف پھینک دے، اس وقت پریاں حاضر ہوں گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حصولِ قوت روحانی و انکشاف

قوتِ روحانی بڑھانے اور انکشافات الٰہی پانے کے خواہاں افراد کے لئے ذیل کا عمل تیر بہدف ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نمازِ عشاء بستر طاہر پر چت لیٹ کر زبان تالو سے لگا کر بلاحرکت زبان کے دل میں سورۂ مزمل شریف کو سات بار روزانہ تلاوت کرے اور اسی حالت میں سو جائے۔ ہمیشہ اس کا ورد رکھے، چند روز میں حالت روحانی اُس پر منکشف ہونے شروع ہو جائیں گے۔ عمل ہذا میں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ سات بار سورۂ مزمل شریف کے پڑھنے کے

نوبت نہیں پہنچی، درمیان میں نیند آجاتی ہے اس کا کچھ حرج نہیں کیونکہ یہ سورۂ مزمل شریف کا معجزہ ہے۔

حفظ قرآن مجید

جس بچے یا بڑے کی یہ خواہش ہو کہ اسے قرآن پاک بہت جلد حفظ ہو جائے اور اس معاملے میں اسے کوئی رکاوٹ پیش نہ آوے، تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے لازم ہے کہ وہ ہر نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف کی اس آیت مبارکہ:

أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا ﴿۴﴾

پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔

اس کی برکت سے اسے بہت جلدی قرآن پاک حفظ ہو جائے گا اور اُس کا حافظہ بہت تیز ہو جائے گا۔

جنّ کا سایہ دور کرنا

اگر کسی پر جنّ کا سایہ ہو اور کسی طرح نہ جاتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش باوضو حالت میں سفید کاغذ پر زعفران و گلاب و مشک سے لکھ کر خوشبو لگا کر اس پر آیت مبارکہ ذیل اکیاون مرتبہ پڑھ کر دم کرنے کے بعد موم جامہ کر کے اس کے گلے میں ڈالیں اور سات دن مسلسل بلا ناغہ اس آیت مبارکہ کو گیارہ بار پڑھ کر دم بھی کیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم وہ جن یا آسیب بھاگ جائے گا اور کوئی ضرر نہ پہنچا سکے گا۔

محمد شبیر قادری

آیت مبارکہ:

اِنَّآ اَرۡسَلۡنَآ اِلَيۡكُمۡ رَسُوۡلًا ۙ شَاهِدًا عَلَيۡكُمۡ كَمَآ اَرۡسَلۡنَآ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ رَسُوۡلًا ﴿۱۵﴾

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

۸۰۵	۸۱۱	۸۰۳
۸۰۴	۸۰۶	۸۰۹
۸۱۰	۸۰۲	۸۰۷

کند ذہنی کا علاج

جس کسی طالب علم یا شخص کی یادداشت اور قوتِ حافظہ انتہائی کمزور کسی بھی وجہ سے ہوگئی ہو، اور اُس کی وجہ سے کوئی بھی بات اُسے یاد نہ رہتی ہو تو ایسے طالب علم یا شخص کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اس طالب علم یا شخص کے لیے لازمی ہے کہ وہ بعد از ہر نماز ذیل کی آیت مبارکہ اکیس مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے، اوّل و آخر درود شریف ذیل سات، سات مرتبہ پڑھا کرے اور اسی آیت مبارکہ کا نقش سفید کاغذ پر زعفران و گلاب مشک سے بنا کر خوشبو لگا کر اس پر اسی آیت مبارکہ کا ایک سو ایک بار بمعہ اوّل و آخر درود شریف ذیل گیارہ، گیارہ بار پڑھ کر دم کر کے موم جامہ کر کے گلے میں پہنچے۔ اسے سیدھے بازو پر باندھے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے یادداشت انتہائی تیز ہو جائے گی۔ بھولنے والی عادت ختم ہو جائے گی اور ایک دفعہ کی سنی یا پڑھی ہوئی بات تا حیات ذہن پر نقش ہو جائے گی۔

آیتِ مبارکہ:

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝٨

درود پاک:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَائِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَائِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ

نقش:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

۷۳۶	۷۵۰	۷۴۷	۷۴۴
۷۴۸	۷۴۳	۷۳۷	۷۴۹
۷۴۲	۷۴۵	۷۵۲	۷۳۸
۷۵۱	۷۳۹	۷۴۱	۷۴۶

محمد شبیر قادری

مجربات حضرت پیرانِ پیر عطیہ مولوی عبدالرحمن صاحب

بقول مولوی صاحب موصوف! جب بغداد شریف میں تھے تو یہ عمل ہندوستان میں صرف ان کے پاس تھا اور کسی کے پاس نہیں۔ اوّل تا آخر اجازت دیتا ہوں۔ اور یہ عمل بموجب ارشادِ غوث پاک کے چار باتوں کے واسطے ہے۔

اوّل:- ہلاکت دشمن

دوم:- زبان بندی

سوم:- فتح یابی بردشمن

چہارم:- واسطے تسخیر اور محبت

ترکیب اس عمل معظم کی یہ ہے کہ ترک حیوانات کر کے گیارہ روز تک ہر روز گیارہ بار درمیان فرض وسنت نماز ظہر یا عشاء کے پڑھے۔

طریق یہ ہے کہ اوّل مثل طریق مندرجہ عمل نمبر بارہ کے اسم یا جمیل واستغفار اعوذ و درود شریف پڑھ کر سورۂ شریف قیلا پر پہنچے تو تین بار اس کو تکرار کرے، اگر قصد ہلاکت دشمن ہے تو دُعاء:

اَللّٰھُمَّ اَھلِکْ فُلَانَ بنَ فُلَانٍ

ایک بار پڑھے، اگر قصد زبان بندی ہے تو دعاء:

اَللّٰھُمَّ اعْقِدْ لِسَانَ فُلَانَ بنَ فُلَانٍ

ایک بار پڑھے، اگر قصد محبت ہے تو دعاء:

اَللّٰھُمَّ احْببنِیْ فُلَانَ بنَ فُلَانٍ

ایک بار پڑھے، اگر ارادہ فتح یابی بردشمن ہے تو یہ دعاء:

اَللّٰھُمَّ القُرنِیْ فُلَانَ بنَ فُلَانٍ

کہہ کر آگے بڑھے جب کلمہ:

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ

پر پہنچے تو ادعیۂ مذکورہ میں سے اپنی حاجت کے موافق کی دعا کو دس بار کہے، اس طرح کلمہ:

وَعَذَابًا اَلِيْمًا.

کو تین بار تکرار کر کے اپنی حاجت کی دُعا کرے۔ جب کلمہ:

وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ط

پر پہنچے تو تین بار تکرار کر کے ایک بار کہے:

يَا ذَاالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ يَا مَنْ يُّقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ قَادِرِیْ لِقَضَآءِ حَاجَتِیْ فَاِنَّكَ قَادِرٌ اَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ.

پھر بدستور اپنی حاجت کی دُعا کر کے جب:

يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ لا

پر پہنچے تو اس کو بھی تین بار کہہ کر اپنی حاجت کی دُعا کرے، اسی طرح کلمہ واستغفر اللہ کو تین بار کہہ کر اپنی حاجت کی دُعا کر کے سورت تمام کر لے اور اپنی حاجت کیا ہے۔ مثلاً کسی کی محبت کے واسطے عمل کیا ہے تو اس طرح دُعا کرے کہ اے خداوند! فلاں بن فلاں کے دل کو میری طرف مائل کر جیسا کہ زلیخا کا دل حضرت یوسف علیہ السلام کی طرف مائل کیا تھا تو نے اور قصد ہلاکت دشمن میں مثلاً اس طرح دُعا کرے کہ الٰہی فلاں بن فلاں کو ہلاک کر اور ساتوں اندام اس کے بستہ کر جس طرح اندام دشمناں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو باندھا تھا تو نے بحق لا الہ اللہ علی ہذا دیگر حاجات میں دعا مانگنے کے بعد ذیل کی دُعا آخر میں پڑھی جاتی ہے ایک بار پڑھے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز والحکیم گیارہ روز کے عرصہ میں جو حاجات ہوگی بفضل باری

تعالیٰ پوری ہوگی۔

دُعا:۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ الْكَرِيْمَةِ يَاطَهُوْجُ يَاعَتِيْمَ يَاشَنَا شَادِيْبُ وَبِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ وَبِحَقِّ نُبُوَّةِ مُحَمَّدَ الرَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِیْ سَمَّيْتُ يٰاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ وَيَاَيُّهَا الْمُدَثِّرُ تُرَمِّنِیْ يَاعُطُوْنَ بَرْدَاءِ لُطْفِكَ مِنْ عُيُوْنٍ اِنَّهَا عَيْنُ اٰدِمَّةٌ مِنْ اَعْدَائِیْ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

☆حاجات فلاح دارین☆

دین و دنیا کی تمام حاجات کے لئے ذیل کا عمل ازحد نافع اور اکسیر ہے۔ اس مقصد کے لئے بعداز نماز صبح کے:۔

يٰاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ

تین بار پڑھ کر:۔

قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ

سے پڑھنا شروع کرے جب آیت مبارکہ:۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝

پر پہنچے تو اس کی تین بار تکرار کرے اسی طرح آیت مبارکہ:۔

وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ

کو تین بار پڑھے اور علیٰ ہذا کلمہ:۔

يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ

کو تین بار کہے جب سورہ تمام کرے تو آیت مبارکہ:۔

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۠

کو تین بار پڑھ کر ایک سو دس بار **يَاغَنِيُّ** اور دو سو بار **يَامُنْعِمُ** پڑھ کر دُعا کرے اور ہمیشہ اسی طرح پڑھتا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم کچھ عرصہ کے بعد امور دنیوی میں ترقی ہوگی اور کوئی حاجت باقی نہ رہے گی۔

باری کا بخار

جس کسی کو باری کا بخار ہوگیا ہو اور آرام نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ایک کالی ڈوری لے کر اس پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر:۔

☆ سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ
☆ سورۂ اخلاص ایک مرتبہ
☆ آیت الکرسی سات مرتبہ
☆ سورۂ مزمل شریف تین مرتبہ
☆ اسم الٰہی یا حفیظ اکیس مرتبہ

پڑھ کر ایک گرہ پھونک لگا کر لگائیں۔ اس طریق سے سات گرہیں ڈوڑی پر لگا کر مریض کے گلے میں باندھیں۔ اس کے علاوہ اول وآخر درود شریف ذیل بھی گیارہ، گیارہ بار اور سورۂ مزمل شریف سات بار پڑھ کر پانی بھی دم کر کے وقفہ وقفہ سے پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے بخار دفع ہو جائے گا اور مکمل صحت یابی

بفضل باری تعالیٰ مل جائے گی۔ پانی والا عمل گیارہ دن تک جاری رکھیں۔ بعداز شفایابی فقراء میں حسب توفیق خیرات بھی تقسیم کردیں۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ

میاں بیوی میں صلح و صفائی کے لئے

اگر کسی گھر میں میاں بیوی میں شدید ناچاقی ہو گئی ہو اور وہ ایک دوسرے کی شکل سے بیزار ہوں اور بات بات پر آپس میں جھگڑتے ہوں تو ان کو سمجھانے بجھانے اور صلح صفائی کا کوئی بھی حربہ کام نہ کرتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مجرب، فائدہ مند اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر صبح صادق کے وقت صندل کی اصلی لکڑی کے ٹکڑے پر سات مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر دم کرے اور ہر بار سورۂ مزمل شریف پڑھ کر یہ الفاظ کہے اور لکڑی پر پھونک مارے۔

الفاظ:۔

الحب فلاں بن فلاں علٰی حب فلاں بن فلاں

(یہاں مرد اور عورت کا نام اور ان کی ماؤں کا نام لے)

بعدازفراغت عمل اس لکڑی کو گھر کی کسی ایسی دیوار پر اونچی جگہ ٹھونک دے جہاں اس پر سورج کی روشنی خوب اچھی طرح پڑتی رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم جیسے جیسے سورج طلوع ہوتا جائے گا۔ اُن کے درمیان ناچاقی اور نااتفاقی کی دیوار گرتی جائے گی اور بالآخر وہ خودبخود ایک دوسرے کی طرف مقناطیس کی مانند کھنچے چلے جائیں گے اور بالآخر پائیدار صلح و صفائی خودبخود کرلیں گے اور جیسے جیسے دن گزرتے جائیں گے ان کے درمیان بے مثال انمٹ محبت و اتفاق بڑھتا جائے گا جو کبھی بھی ختم نہ ہوگا۔

حسب منشاء جگہ پر شادی کے لئے والدین کو راضی کرنا

اگر کسی کی تمنا اپنے محبت کے ساتھ شادی کی ہو اور راہ میں رکاوٹ والدین کی ناراضگی مائل ہو اور وہ کسی بھی طرح راضی نہ ہوتے ہوں تو ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے نئے چاند کے پہلے جمعہ کی شب بوقت نماز تہجد اٹھ کر دو رکعت نماز نفل تحیتہ الوضو پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد اول وآخر درود شریف ذیل اکیس، اکیس مرتبہ اورسورۂ مزمل شریف اکیس مرتبہ پڑھے۔ پڑھنے کے دوران اپنے مقصد کو پیش نظر رکھے۔ پھر سجدے میں جا کر گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور اپنے والدین کی رضا جوئی کی دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین جمعہ کی شب کے عمل سے والدین کی ناراضگی بفضل باری تعالیٰ دور ہو جائے گی اور وہ مطلوبہ جگہ پر شادی کے لئے فوری طور پر رضا مند ہو جائیں گے۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْاَنْوَارِ وَالْاَسْرَارِ وَکَاشِفِ الْاَسْتَارِ وَکَاشِفِ الْاَسْرَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَانُوْرَ الْاَنْوَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَامَعْدِنَ الْاَسْرَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاکَاشِفَ الْاَسْتَارِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاکَاشِفَ الْاَسْرَارِ اِکْشِفْ عَیْنِیْ اِکْشِفْ قَلْبِیْ اِکْشِفْ صَدْرِیْ یَاکَاشِفَ الْاَسْرَارِ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ خُذْبِیَدِیْ اَعِیْنُوْنِیْ اَغِیْثُوْنِیْ یَاصَادِقُ صِدْقَ قَوْلِکَ مَنْ عَسُرَتْ عَلَیْہِ حَاجَۃٌ" فَلْیُکَثِّرْ بِالصَّلٰوۃِ عَلَیَّ فَاِنَّھَا تَکْشِفُ الْھُمُوْمَ وَالْغُمُوْمَ وَالْکُرَبَ وَتُکَثِّرُ الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِیَ الْحَوَائِجِ یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْکَ وَعَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ

قضائے حاجات

☆ جو شخص کسی مشکل میں گرفتار ہو اور اپنی حاجت میں درماندہ مضطرب ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے اُس شخص کو چاہیے کہ آدھی رات کو بیدار ہو کر وضو کر کے دو رکعت نماز تحیتہ الوضو پڑھے اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور بعد میں رجوع دل سے اپنی حاجت کے واسطے دُعا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی مشکل آسان ہوگی۔

☆ یہ عمل حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے۔

بعد از نماز عشاء کے امور دنیاوی سے فارغ ہو کر تنہا اور محفوظ جگہ میں عروج ماہ شب دوشنبہ یا شب جمعہ سے یہ عمل شروع کرے بہتر تو یہ ہے کہ روزمرہ شروع عمل سے پیشتر غسل پاک کرے اوراحرام یعنی صرف ایک تہبند سفید اور پاک کپڑے کا باندھ کر وضو کرے، وضو کے بعد مصلے پر کھڑے ہو کر دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۂ الحمد شریف کے بعد تین بارسورۂ اخلاص پڑھے بعداز سلام کے اس کا ثواب بروح پاک حضرت محمد ﷺ و حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ہدیہ کر کے رو بقبلہ دو زانوں یا چار زانوں بیٹھے اور سر کی ٹوپی یا عمامہ اتار کر اپنے سامنے رکھ لے اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کرسورۂ مزمل شریف اکتالیس بار پڑھے، پھر گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اوّل دُعا ترقی دین کر کے بعدہ حضور قلب سے اپنی حاجت کی دُعا کر کے اسی جگہ سو رہے، ایک چلہ میں یہ عمل کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اثنائے چلہ میں اس کی حاجت پوری ہو جائے گی ایام سرما میں سردی معلوم ہوتو صرف ایک پتلی رضائی اوپر اوڑھ لے۔

☆ حاجات دین و دنیا کے حل کے لئے ذیل کا عطیہ سلسلہ قادریہ کا یہ عمل ازحد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے غسل و وضو کر کے دو رکعت نماز بہ نیت نفل ادا کرے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ بارسورۂ اخلاص پڑھے، سلام کے بعد اس کا ثواب روح فتوح آنحضرت ﷺ اور حضرت غوث الثقلین کو ہدیہ کر کے تین بار کلمہ:

یَاغَوْثُ اَغِثْنِیْ اَنْ اَصِرْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَاتِیْ

کہہ کر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر گیارہ بارسورۂ مزمل شریف مع اعوذ باللہ اور بسم اللہ شریف کے پڑھے اور ہر بار ختم سورۂ شریف کے بعد اپنی حاجت کے لئے دُعا کرے جب گیارہ بارسورہ شریف پڑھ چکے تو گیارہ بار درود شریف پڑھے یہ ایک ختم ہوا

اسی طرح گیارہ ختم کرے۔ اگر ایک شخص سے نہ ہو سکے تو چند شخص مل کر کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دُعا قبول اور حاجت پوری ہوگی۔

☆ ہمہ اقسام کی حاجات دین و دنیا کے لئے ذیل کا عمل بھی تیر بہدف اور پُر اثر ہے۔

اس مقصد کے لئے شب جمعہ آدھی رات کو اٹھ کر اوّل غسل کرے بعدہ لباس معطر پہن کر قرآن شریف ہاتھ میں لے کر کسی بزرگ کے مزار کے سرہانے کھڑا ہو کر اوّل تین بار درود شریف پڑھ کر اکیس بار سورہ شریف معہ بسم اللہ شریف کے تلاوت کر کے بعدہ تین بار درود شریف پڑھ کر اپنی حاجت کے واسطے دُعا کرے سات روز تک برابر عمل مذکور کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم حوصلہ کے موافق جو حاجت عامل کی ہوگی پوری ہو جائے گی۔

☆ یہ عمل ایک کامل درویش سیاح سے مجھ کو ملا ہے جملہ حاجات دینی و دنیوی کے واسطے خواہ کیسی ہی سخت اور اہم حاجت کیوں نہ ہو اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز تہجد یا عشاء باوضو حالت میں کھڑے ہو کر اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے بعدہ سورہ شریف شروع کرے اور لفظ **وَالْمُكَذِّبِيْنَ** و لفظ **مَعَكَ** اور تمام ہونے سورت پر ایک ایک اذان کہے۔ اسی طرح سورۂ شریف کو اکتالیس بار پڑھ کر پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنی حاجت کی دُعا کرے چالیس روز تک یہ عمل کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم عامل کی حاجت خواہ کیسی ہی اہم کیوں نہ ہو پوری ہو جائے گی۔

☆ جو کوئی حاجت ضروری درپیش ہو تو سنت اور فرض نماز صبح کے درمیان گیارہ بار سورہ شریف مع اوّل و آخر سات سات بار درود شریف کے پڑھ کر اپنی حاجت کے لئے دُعا کرے اور اسی طریق سے رات کو نماز عشاء کے فرض و سنت کے درمیان عمل

مذکور کر کے دُعا مانگے جب تک حاجت پوری نہ ہو عمل مذکور کرتا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند روز میں حاجت پوری ہو جائے گی۔

☆ ہمہ اقسام کی دینی و دنیاوی حاجت کے حل کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ایک وقت مقرر کر کے چالیس روز تک اوّل سو بار درود شریف ذیل ایک بار آیت مبارکہ:۔

وَاُفَوِّضُ اَمۡرِیۡۤ اِلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ

پڑھ کر چالیس بار سورۂ مزمل شریف پڑھے آخر میں سو بار درود شریف ذیل پڑھ کر اپنی حاجت کی دُعا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چلہ میں حاجت پوری ہو گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّجَھۡرًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الۡاَوَّلِیۡنَ وَالۡاٰخِرِیۡنَ فِی الۡمَلَاءِ الۡاَعۡلٰی اِلٰی یَوۡمِ الدِّیۡنِ

☆ عطیہ مولوی عبدالرحمٰن صاحب قادری ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے جب کوئی حاجت درپیش ہو تو عروج ماہ قمر میں نیک دن سے ترک حیوانات کر کے یہ عمل شروع کرے اور نماز ظہر یا عشاء کے سنت و فرض کے درمیان پڑھے جب تک حاجت پوری نہ ہو معہ ترک حیوانات کے پڑھتا رہے بعد کو چھوڑ دے۔

طریقہ یہ ہے اوّل دس بار **یا جمیل** تین بار:۔

اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ

الرَّحِیْم” وَاَتُوبُ اِلَیْهِ

ایک بار:۔

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

ایک بار:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الرَّمْلِ رَمْلٍ وَالحَصٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُؤمِنِیْنَ مَا الْکَافِرِیْنَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمَطَرِ وَجَمِیْعِ الْاَشْیَآءِ

پڑھ کر سورۂ مزمل شریف مع بسم اللہ کے شروع کرے اور:۔

اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیْلِ هِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِیْلاًo ط

تک تکرار کرے جب:۔

وَاصْبِرْ عَلٰی مَایَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِیْلاًo

پر پہنچے تو تین بار تکرار کر کے اپنی حاجت طلب کر کے ایک بار یہ کلمات کہے:۔

وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ ط

اپنی حاجت کا دل میں خیال کرے جب:۔

فَلَا تُخَیِّبْنِیْ بَارَّ وَالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ط یَامَنْ یُّقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ قَادِرُ بِقَضَآءِ حَاجَتِیْ اِنَّكَ قَادِرٌ وَّ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر” ط

پر پہنچے تو تین بار تکرار کرے اور اپنی حاجت طلب کرے کیونکہ موقعہ اجابت ہے جب کلمہ:۔

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْر” رَّحِیْم” oع

پر پہنچے تو اس کو تین بار کہہ کر سورہ ختم کرے اور اپنی حاجت طلب کر کے ایک بار یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ الْكَرِيْمَةِ يَاطَهُوْجَ يَاعُتَيِّمَ يَاشَنَا شَادِيْبُ وَبِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ وَبِحَقِّ نَبُوَّةِ مُحَمَّدَ الرَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِیْ سَمَّيْتَهٗ يٰاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ وَيٰاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ تُرَمِّنِیْ يَاعُطُوْنَ بَرْدَاءِ لُطْفِكَ مِنْ عُيُوْنِ اِنَّهَا عَيْنُ اٰدَمَّهَ مِنْ اَعْدَائِیْ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اسی طرح سورہ شریف کو گیارہ بار روز مرہ پڑھے۔

ہر قسم کی پریشانی سے نجات

ہر قسم کی پریشانیوں سے چھٹکارا پانے کے لیے سورۂ مزمل شریف کا ذیل کا عمل انتہائی اکسیر اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز سنت نماز فجر اور فرضوں سے پہلے ایک بارسورۂ مزمل شریف پڑھے اور جب فرض ادا کر چکے تو دو مرتبہ اور پڑھے اس طرح ہر نماز کے بعد دو مرتبہ پڑھے۔ اس طرح اس کی کل تعداد گیارہ گیارہ مرتبہ ہو جائے گی۔ اوّل و آخر درود شریف تجینا پانچ پانچ بار پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے ہر قسم کی پریشانی رفع ہو جائے گی۔

بچے کی نظر بد

بچے کو نظر بد سے محفوظ رکھنے کے لئے ذیل کی آیت مبارکہ کو تانبے کی تختی پر

کندہ کروا کر بچے کے گلے میں ڈالنا۔ اسے ہر بلا اور نظر بد سے محفوظ رکھنا ہے۔

آیت مبارکہ:۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝

ہر مقصد کے لیے نقش

ہر مقصد کے حصول کے لئے ذیل کا نقش بے حد فائدہ مند اور موثر ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے نقش کو سفید کاغذ یا ہرنی کی جھلی پر مشک و زعفران وگلاب سے باوضو حالت میں لکھے اور خوشبو لگا کر اس پر سورۂ مزمل شریف گیارہ بار پڑھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھنے سے دین و دنیا کے ہر امر میں کامیابی ہو جائے گی۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۱۱۴۰	۲۱۱۴۳	۲۱۱۴۶	۲۱۱۳۳
۲۱۱۴۵	۲۱۱۳۴	۲۱۱۳۹	۲۱۱۴۴
۲۱۱۳۵	۲۱۱۴۸	۲۱۱۴۱	۲۱۱۳۸
۲۱۱۴۲	۲۱۱۳۷	۲۱۱۳۶	۲۱۱۴۷

محمد شبیر قادری

برائے محبت و تسخیر

جو شخص یہ چاہے کہ لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت جاگزیں ہو جائے اور وہ اُس سے بھی محبت مہر و پیار و الفت سے پیش آئے تو اس کے لئے ذیل کا نقش بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز فجر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کسی سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و مشک سے ذیل کا نقش بنائے اور پھر اس پر سورۂ مزمل شریف کی آیات مبارکہ ذیل کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کر کے خوشبو لگائے اور پھر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس نقش کی بدولت لوگوں کے دل میں اس کی محبت اُجاگر ہو جائے گی اور وہ اس سے پیار و محبت سے پیش آئیں گے۔

آیات مبارکہ:۔

يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ نِّصْفَهٗۤ اَوِانْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۙ اَوْزِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ؕ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۹۲۱	۹۱۵	۹۱۴	۹۲۶
۹۱۳	۹۲۷	۹۲۰	۹۱۶
۹۲۴	۹۱۲	۹۱۷	۹۲۳
۹۱۸	۹۲۲	۹۲۵	۹۱۱

نقش برائے دفعیۂ رنج وغم

جس کسی پر ہر وقت حزن و ملال، رنج و غم چھایا رہے اور باوجویکہ کوشش بسیار کے طبیعت میں فرحت و راحت و انبساط پیدا نہ ہوتا ہو دلی طور پر بے سکون رہتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران وگلاب و مشک سے بوقت طلوع آفتاب بنائے اور اس پر سورۂ مزمل شریف اکیس مرتبہ اور درود شریف ذیل اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر خوشبو لگا کر اپنے پاس رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی برکت سے حزن و ملال کی کیفیت رفتہ رفتہ ختم ہو کر طبیعت میں راحت و انبساط پیدا ہو جائے گی نہایت مجرب اور مفید عمل ہے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَااللّٰہُ	یارحمٰنُ	یاحیُّ	یاقیُّومُ	یااللّٰہُ
یَارحمٰنُ	۲۸۸۲۵	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۳	یَارحمٰن
یاحیُّ	۲۲۸۲۰	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۴	یاحیُّ
یاقیُّومُ	۲۲۸۲۱	۲۲۸۲۶	۲۲۸۱۹	یاقیُّومُ
یااللّٰہُ	یارحمٰنُ	یاحیُّ	یاقیُّومُ	یااللّٰہُ

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ

الْقُلُوْبِ وَدَوَ ائِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَا ئِقَ

حصول اولاد

حصول اولاد کے خواہاں افراد کے لئے ذیل کا عمل ازحد مفید اور نافع ہے۔

اس کے لئے عروج ماہ میں نیک دن سے عورت و مرد دونوں روزہ رکھیں، شام کو غسل کر کے اکیس بار سورۂ مزمل شریف کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر اس سے دونوں روزہ افطار کریں اور شب کو ہم بستر ہوں، سات دن تک یہی عمل کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ضرور حمل قائم ہوگا اور فرزند نرینہ پیدا ہوگا۔

دوران حمل مسان ہوجانا

اگر کسی عورت کو حمل قرار پا گیا ہو بعد حمل کے زمانے میں مسان کی شکایت بھی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے حمل کے دو یا تین ماہ کے وقت کے درمیان اس نقش اور عبارت کو سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھ کر عورت کی کمر میں باندھے اور تعویذ عورت کے رحم پر پڑا رہے۔

البتہ! مجامعت یا صحبت کے وقت اس نقش کو کھول دیا جائے اور غسل کرنے کے بعد پھر کمر میں اسی طرح باندھ دیا جائے اور وضع حمل کے وقت جب بچہ پیدا ہونے لگے تب اس نقش کو کھول لیا جائے اور اس نقش کو نئے کپڑے اور نئے ڈوڑے میں سی کر بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے اس سے تو مولود بھی محفوظ و مامون رہے گا۔

محمد شبیر قادری

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۱۷	۳۱	۲۸	۲۴
۲۹	۲۳	۱۸	۳۰
۲۲	۲۶	فلاں بنت فلاں یعنی حاملہ اور حاملہ کی ماں کا نام	۱۹
۳۲	۲۰	۲۱	۲۷

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ اِذۡ قَالَتِ امۡرَاَتُ عِمۡرٰنَ رَبِّ اِنِّىۡ نَذَرۡتُ لَـكَ مَا فِىۡ بَطۡنِىۡ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلۡ مِنِّىۡ اِنَّكَ اَنۡتَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ يُوۡنُسَ اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ هُوۡدَ اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ يُوۡسُفَ اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ يٰسٓ' اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ مُزَّمِّلۡ' اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ وَالضُّحٰى اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ اَلَمۡ نَشۡرَحۡ' اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَةِ سُوۡرَةِ قُلۡ يٰۤاَيُّهَا الۡكٰفِرُوۡنَ لَاۤ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ط اِلٰهِىۡ بِحُرۡمَتِ اِیۡں انہا انچہ مسان و مسانی در وجود فلاں بنت فلاں مسطوطہ شدہ باشد دفع شود۔

مقبولیت چشم خلائق

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ چشم خلائق میں معزز و محترم ہو جائے اور ہر ایک اس سے عزت سے پیش آئے تو ذیل کا نقش ایسے میں نہایت ہی نفع بخش اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز فجر بوقت طلوع آفتاب ذیل کے نقش کو کسی سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و مشک سے لکھے اور پھر اس پر سورۂ مزمل شریف کی آیت مبارکہ ذیل کو تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور اس کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے سیدھے بازو پر باندھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی برکت سے وہ چشم خلائق میں مقبول ہو جائے گا اور جس جگہ بھی جائے گا عزت و احترام پائے گا۔

نقش:۔

یَااَللّٰہُ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَااَللّٰہُ

۱۳۲۵	۱۳۱۱	۱۳۱۹	۱۳۲۲
۱۳۱۸	۱۳۲۳	۱۳۲۴	۱۳۱۲
۱۳۲۰	۱۳۱۷	۱۳۱۳	۱۳۲۷
۱۳۱۴	۱۳۲۶	۱۳۲۱	۱۳۱۶

یَااَللّٰہُ محمد شبیر قادری یَااَللّٰہُ

آیت مبارکہ:۔

اِنَّ رَبَّكَ يَعۡلَمُ اَنَّكَ تَقُوۡمُ اَدۡنٰى مِنۡ ثُلُثَىِ الَّيۡلِ وَنِصۡفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيۡنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيۡلَ وَالنَّهَارَ ؕ

مرض نسیان

جس کسی کو مرض نسیان ہو گیا ہو اور وہ ہر شے بھول جاتا ہو کوئی بھی بات یاد نہ رکھ سکتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش باوضو حالت میں بوقت چاشت کسی سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و مشک سے لکھے اور اس پر آیت مبارکہ ذیل پانچ سو مرتبہ اول وآخر درود شریف ذیل اکتالیس، اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس نقش کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لے یا سیدھے بازو پر باندھے۔

اس کے علاوہ اسی نقش کو بوقت چاشت روزانہ زعفران وگلاب و مشک سے چینی کی طشتری پر لکھے اور اس کو شہد کے شربت سے دھو کر پی لیا کرے۔ پینے کا عمل بلاناغہ اکتالیس روز تک کیا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اس کا یہ مرض رفتہ رفتہ دور ہو جائے گا اور اس کی یادداشت بے حد تیز ہو جائے گی اور وہ کوئی بھی بات بھولنے نہیں پائے گا۔

آیت مبارکہ:۔

وَاذۡكُرِ اسۡمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلۡ اِلَيۡهِ تَبۡتِيۡلًا ؕ ۝

نقش:۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَافِیْ جَمِیْعِ الْقُرْآنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

مالی پریشانی کا حل

جو شخص مالی پریشانی میں مبتلا ہو اور اس کی وجہ سے بے حد پریشان رہتا ہو۔ ذہنی سکون برباد ہو چکا ہو اور حل کے لئے سرگرداں ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور نفع بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر اور نماز عشاء اول و آخر درود شریف تا ج گیارہ

گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل شریف سات مرتبہ پڑھ کر ذیل کی دُعا سجدے میں گڑگڑا کر بے حساب پڑھے، پھر اٹھ کر بیٹھ جائے اور اس دُعا کی کثرت صبح طلوع آفتاب تک کرے۔ پھر اپنے مقصد کے لئے دُعا مانگے۔ رات کو کم از کم اس وقت تک کرتا رہے جب تک بے حال نہ ہو جائے پھر سجدے میں گڑگڑا کر دُعا مانگے جتنے عجز و انکسار اور حضور قلب سے عمل کرے گا اتنا ہی جلدی اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا تا حصول مقصد یہ عمل جاری رکھے۔

دُعا:۔

يَااَللّٰهُ يَارَزَّاقُ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط

حصول روزگار

جو کوئی حصول روزگار میں مارا مارا پھر رہا ہو اور باوجود یکہ کوشش و تلاش کے ناکام رہے اور مایوسی حد سے زیادہ بڑھ گئی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از نماز عشاء۔

☆ اول وآخر درود پاک مستغاث اکیس، اکیس بار

☆ سورۂ فاتحہ شریف گیارہ بار

☆ سورۂ اخلاص گیارہ بار

☆ سورۂ مزمل شریف گیارہ بار

☆ **رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ** گیارہ بار

☆ **يَافَتَّاحُ يَارَزَّاقُ** ایک سو ایک بار

پڑھ کر سجدے میں جا کر گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور اپنے مقصد کے

لئے دُعا مانگے۔نشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت مطلوبہ مقصد بہت جلد حل ہو جائے گا اور بفضل باری تعالیٰ روزگار مل جائے گا تاحصول مقصد عمل جاری رکھے۔

نقش برائے ناف

جس کسی کو ناف کی شکایت ہو جائے اور وہ کسی طرح درست نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب و مشک سے سفید کاغذ پر لکھ کر خوشبو لگائیں اوپر تین بار سورۂ مزمل شریف پڑھ لیں اور موم جامہ کر کے ناف کے اوپر کمر میں باندھیں۔ اس نقش کی برکت سے ناف خود بخود درست ہو جائے گی اور تکلیف رفع ہو جائے گی بے حد مجرب اور مفید ہے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۷۱۰۹ / ۳۸۰۹	۱۷۱۱۰ / ۳۸۱۰	۱۷۱۱۴ / ۳۸۱۴	۱۷۱۳۳ / ۳۸۳۳
۲۷۲۲ / ۱۷۱۲۲	۵۱۷۶ / ۱۷۱۱۵	۲۷۱۶ / ۱۷۱۱۷	۴۷۱۴ / ۱۷۱۱۴
۱۷۱۱۹ / ۳۸۱۹	۱۷۱۱۰ / ۲۷۱۰	۱۷۱۲۴ / ۳۸۲۴	۱۷۱۱۲ / ۲۷۱۲
۲۷۱۲ / ۱۷۱۱۲	[illegible] / ۱۷۱۱۴	۲۷۱۱ / [illegible]	۲۷۱۷ / ۱۷۱۱

درد سر

جس کسی کے سر میں درد ہو اور آرام نہ آتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز فجر و مغرب باوضو حالت میں مریض کا سر پکڑ کر اول و آخر سات، سات مرتبہ درود پاک ذیل، ایک بار سورۂ مزمل شریف اور سات بار ذیل کی آیت مبارکہ پڑھ کر سر درد والی جگہ پر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے پھر کبھی سردرد کی شکایت نہ ہو گی شدید درد کی صورت میں یہ عمل تین دن تک کریں۔

آیت مبارکہ:۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَافِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ يَارَبَّنَا يَاكَرِيْمُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ بَعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَجَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ دَائِمًا اَبَدًا

برائے دفعیۂ چیچک

جس علاقے میں چیچک کی وباء پھیل گئی ہو اور اس کی وجہ سے چیچک کا مرض لاحق ہو گیا ہو اور آرام نہ آتا ہو تو ذیل کا عمل نہایت نافع اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے نیلے رنگ کے سوت کے اکیس تار لے کر ان پر باوضو

حالت میں نوگرہیں اس طرح لگائیں کہ ہر گرہ پرایک مرتبہ سورۂ فاتحہ شریف اور ایک مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر پھونک لگائیں، پھر اس دھاگے کو گنڈے کی شکل میں مریض کے گلے میں باندھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت چیچک کا مرض آہستہ آہستہ معدوم ہوکر بالکل ختم ہو جائے گا اور آئندہ کبھی بھی ایسی شکایت پیدا نہ ہوگی اس کے ساتھ روزانہ اول وآخر درود شریف ذیل، سورۂ فاتحہ وسورۂ مزمل شریف ایک ایک بار پڑھ کر مریض کو تاشفاء دم بھی کیا کریں، چیچک کی وبا پھوٹنے سے قبل ہی حفظ ماتقدم اگر یہ گنڈہ تیار کر کے گھر کا ہر فرد پہن لے تو چیچک نزدیک بھی نہیں پھٹکے گی اور بفضلہٖ تعالیٰ اس سے بالکل محفوظ رہے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَمُرْشَدِنَا وَرَاحَةِ قُلُوْبِنَا وَطَبِيْبِ ظَاهِرِنَا وَبَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَوْلِيَآءِ اُمَّتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

ہر مشکل کے لئے

جوکوئی اس بات کا خواہاں ہوکہ اس کی کوئی مشکل اور حاجت بلاکسی تردّد کے پوری ہو جایا کرے تو ذیل کا عمل اکسیر کا حکم رکھتا ہے، لیکن شرط یہ ہے کہ اس عمل کو خلوص نیت سے اپنا معمول بنالے اور زندگی میں کبھی بھی ناغہ نہ کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت کبھی بھی کسی مصیبت، ابتلاء، پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا اور نہ ہی کسی کے آگے دستِ سوال اٹھانا پڑے گا۔ اللہ مسبب

الاسباب ہر مقصد میں کامیابی عطا فرمائے گا۔

اس مقصد کے لئے اوّل و آخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ اورسورۂ مزمل شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر دُعائے ذیل ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھا کرے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَافِیْ جَمِیْعِ الْقُرْآنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

دُعا:۔

اَللّٰہُ کَافِیْ اَلْکَافِیْ اَلْکَافِیْ وَقَصَدَہٗ اَلْکَافِیْ وَجَدَّہٗ الْکَافِیْ بِکَافِیْ الْکَافِیْ وَکَفَافِیْ اَلْکَافِیْ وَنِعْمَ الْکَافِیْ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ

دو دشمنوں کے درمیان صلح و صفائی کرانا

جو شخص اپنے دو دشمن عزیزوں کے درمیان صلح و صفائی چاہتا ہو اور اس کی یہ بھی خواہش ہو کہ ان کے درمیان موجود نفرت محبت میں بدل جائے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے لازم ہے کہ چالیس یوم تک بلاناغہ سورۂ مزمل شریف اس طرح پڑھے کہ اس مدت کے اندر اندر اس کی مقدار تلاوت گیارہ سو چالیس بار ہو جائے لیکن ہر بار پڑھنے کے بعد ذیل کے الفاظ پڑھے' اس طرح یہ عمل ایک مقررہ مدت تک چالیس یوم تک مکمل کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا کرے اگر ممکن ہو تو کسی شیریں پھل

یا مٹھائی پر آخری روز دم بھی کرے اور یہ ان کو کسی نہ کسی طرح کھلادے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت سے ان میں دشمنی بالکل ختم ہو جائے گی اور نفرت محبت میں بدل جائے گی اور باہمی صلح و صفائی ہو جائے گی۔

الفاظ:۔

اُحِبُّ فلان بن فلان مابعین فلان بن فلان بطفیل ایں سورۂ شریفہ

دردشکم

جس کے پیٹ میں شدید درد رہتا ہو اور دواؤں سے آرام نہ آتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں پانی کی بوتل لے کر اس پر ایک مرتبہ سورۂ مزمل شریف، سات بار درود پاک ذیل اور اکیس بار ذیل کی دُعا پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو دم میں وقفے وقفے سے دو دو گھونٹ پلایا کریں، اس سے دردشکم رفتہ رفتہ غائب ہو جائے گی اور تین دن کے عمل سے ہمیشہ کے لئے اس مصیبت سے نجات مل جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَا ئِقَ

محمد شبیر قادری

دُعا:۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْبَاسِطُ وَاَنَا الْمَبْسُوْطُ فَمَنْ ۘ بَدَعَ الْمَبْسُوْطُ اِلَّا الْبَاسِطُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ

جاڑا بخار

جس شخص کو سردی لگ کر جاڑے کا بخار ہوتا ہو اور کسی پل چین نہ ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے اس پر لازم ہے کہ وہ ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے باوضو حالت میں سفید کاغذ پر لکھ کر خوشبو لگا کر اوپر سورۂ مزمل شریف تین بار پڑھ کر دم کریں اور مریض کے گلے میں یا بازو میں موم جامہ کر کے پہنائیں۔ جاڑے کا بخار بفضل باری تعالیٰ ختم ہو جائے اور مریض شفایاب ہو جائے گا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۲۲۸۲۳ ۵۶۷	۲۲۸۱۸ ۵۶۲	۲۲۸۲۵ ۵۶۹
۲۲۸۲۴ ۵۶۸	۲۲۸۲۲ ۵۶۶	۲۲۸۲۰ ۵۶۴
۲۲۸۱۹ ۵۶۳	۲۲۸۲۶ ۵۷۰	۲۲۸۲۱ ۵۶۵

علاج بانجھ پن

جو عورت بانجھ ہو تو اس کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کی آیت مبارکہ سفید کاغذ پر باوضو حالت میں پر زعفران و گلاب و مشک سے لکھ کر کسی برتن میں پانی لے کر اس کو گھول لیں یا کسی پانی کی بوتل میں اس کو ڈال لیں۔ بانجھ عورت اس پانی کو سات مرتبہ روز پیئے۔ اور یہ عمل گیارہ روز تک بلاناغہ کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اللہ باری تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس عورت کا بانجھ پن بالکل ختم ہو جائے گا اور وہ عورت بہت جلد حاملہ ہو جائے گی۔

آیت مبارکہ:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

اِنَّا سَنُلۡقِىۡ عَلَيۡكَ قَوۡلًا ثَقِيۡلًا ○

برائے نظر بدی

شیر خوار بچے کی بدنظری کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش سفید کاغذ پر باوضو حالت میں زعفران وگلاب و مشک سے بنا کر خوشبو لگائیں اور اس پر آیت مبارکہ ذیل اکتالیس بار بمع درود پاک ذیل گیارہ بار پڑھ کر دم کرے اور موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بچہ بدنظری سے محفوظ و مامون رہے گا۔

آیت مبارکہ:۔

رَبُّ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذۡهُ

وَكِيْلًا ۝

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۰۱۵	۱۰۲۹	۱۰۲۶	۱۰۲۳
۱۰۲۷	۱۰۲۲	۱۰۱۶	۱۰۲۸
۱۰۲۱	۱۰۲۴	۱۰۳۱	۱۰۱۷
۱۰۳۰	۱۰۱۸	۱۰۲۰	۱۰۲۵

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِيَّةِ وَلَمْعَةِ الْقَبْضَةِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَمَعْدِنِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِيَّةِ وَخَزَائِنِ الْعُلُوْمِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِيَّةِ وَالْبَهْجَةِ السُّنَمَةِ الرُّتْبَةِ الْعَلِيَّةِ مِنَ الدَّرَجَةِ النَّبِيِّيْنَ تَحْتَ لِوَائِهٖ فَهُمْ مِنْهُ وَاِلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَاخَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ اِلٰى يَوْمٍ تُبْعَثُ مَنْ اَفْنَيْتَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْراً وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

ادائیگی قرض

جو شخص قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو اور ادائیگی قرض کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ ہر فرض نماز کے بعد بہ صمیم قلب ایک بار سورۂ مزمل شریف اور اس کے بعد یہ دُعا تین بار مانگا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند یوم کے عمل سے قرض سے نجات پانے کی سبیل اللہ تعالیٰ فرما دیں گے۔

دُعا:۔

يَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ هَيِّئْ لَنَا سَبَبًا لَا يَسْتَطِيْعُ لَهٗ طَلَبْنَا وَيَامُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ فَضْلِكَ وَاَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَاَبْوَابَ فَضْلِكَ وَاَبْوَابَ مَغْفِرَتِكَ وَاَبْوَابَ عِنَايَتِكَ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۝

حصول اولاد

جس کسی عورت کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ نیک اور صالح اولاد کا خواہش مند ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے لازم ہے کہ وہ چاند کی پہلی تاریخ سے سات یوم تک بلاناغہ باوضو حالت میں سورۂ مزمل شریف کی آیت مبارکہ ذیل کو سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و مشک سے لکھے یا چینی کی طشتری میں لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر پیئے اور اکیس مرتبہ اس آیت مبارکہ کو معہ درود پاک ذیل اکیس مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم بھی کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین ماہ کے اندر اندر تین مرتبہ اس عمل کے کرنے

سے وہ عورت حاملہ ہو جائے گی اور اس کے ہاں نیک اور صالح بچہ پیدا ہوگا۔

آیت مبارکہ:۔

اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيلِ هِىَ اَشَدُّ وَطاً وَّاَقوَمُ قِيلَاؕ

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الاَوَّلِينَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الاٰخِرِينَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى النَّبِيِّينَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى المُرسَلِينَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى المَلَاءِ الاَعلٰى اِلٰى يَومِ الدِّينِ

وسعت رزق

رزق کو وسعت دینے کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ایک وقت معین کر کے مع اوّل و آخر درود شریف کے روزمرہ سورۂ شریف کو تین بار بطریق مندرجہ ذیل پڑھ لیا کرے سورۂ مزمل شریف مکمل کرنے سے پہلے تین بار یہ کہے۔

يَاَيُّهَا المُزَّمِّلُ زَمِّلنِى بِلُطفِكَ الخَيرَش بِحُرمَتِ حَضرَتِ مُحَمَّدُ الرَّسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ

چوتھی بار سورۂ شروع کر کے جب کلمہ:۔

فِرعَونَ رَسُولًا

پر پہنچے تو سو بار:۔

حَسبُنَا اللهُ وَنِعمَ الوَكِيلُ

پڑھ کر سورت تمام کرے دوسری بار سورت شروع کرے تو جب کلمہ مذکور پر پہنچے تو تین بار:۔

شَاهَتِ الْوُجُوهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا حٰمٓ عٓسٓقٓ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ

پڑھ کر سورت تمام کرے۔تیسری بار کلمۂ مذکور پر تین بار:۔

كِفَايَتُنَا حِمَايَتُنَا فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

پڑھ کر سورت تمام کرے اور اپنی حاجت مانگے۔

انشاء اللہ تعالٰی العزیز الحکیم چند روز میں اس کا اثر ظاہر ہوگا۔

تسخیر حاکم

حاکم سے جائز حاجت روائی کے لئے ذیل کا عمل پر اثر اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے اوّل و آخر درود شریف ذیل کے ساتھ سورۂ مزمل شریف کا پہلا رکوع اکیس بار اور دوسرا رکوع گیارہ بار پڑھ کر پانی یا شربت پر دم کر کے قدرے اس میں سے اپنے منہ اور سر پر لگائے اور باقی کو پی کر حاکم کے روبرو جائے۔

انشاء اللہ تعالٰی العزیز الحکیم حاکم مہربانی سے پیش آئے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَتَوَجَّهُ وَاَتَقَرَّبُ اِلَيْكَ وَاَسْئَلُكَ بِالصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالسَّخَاوَةِ وَمَعْدِنِ الْاَخْلَاقِ وَالْمُرُوَّةِ وَمَعْدِنِ الْاَلْطَافِ

وَالْمَوَدَّةِ وَمَعْدِنِ التَّسْخِيْرِ وَالْمَحَبَّتِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمَحْبُوْبِيْنِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ اَجْمَعِيْنَ ہر روز جتنی تعداد پڑھے آخر میں یہ دُعا ضرور ملا کر پڑھے يَا مُؤَلِّفُ تَاَلَّفْتَ بِالْاُلْفَةِ وَالْاُلْفَةُ فِيْ اُلْفَةِ اُلْفَتِكَ يَا مُؤَلِّفُ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ الْمُؤْمِنِيْنَ كَمَا سَخَّرْتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ فِيْ عَيْنِیْ تَسْخِيْرًا وَسَخِّرْ فِيْ لِسَانِیْ تَسْخِيْرًا وَ وَجْهِیْ تَسْخِيْرًا وَسَخِّرْ فِيْ نَفْسِیْ تَسْخِيْرًا كَثِيْرًا دَائِمًا يَا مُسَخِّرُ تَسَخَّرْتَ بِالتَّسْخِيْرِ فِيْ تَسْخِيْرِ تَسْخِيْرِكَ يَا مُسَخِّرُ

دست غیب از مجربات حضرت پیران پیر

عطیہ مولوی عبدالرحمان صاحب قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

شرائط چلہ کے موافق تنہا و محفوظ و پاک و صاف جگہ کا انتظام کر کے اس مہینے سے کہ جس مہینے کی پہلی تاریخ اتوار کو ہو ترک جلالی و جمالی کے ساتھ یہ عمل شروع کرے یہ عمل تین چلہ تک پڑھا جائے گا اور ہر چلہ بائیس روز کا ہوگا اگر تینوں چلے برابر ادا کرے تو بہت بہتر ہے ورنہ درمیان میں کچھ فاصلہ دے کر پڑھے۔ اثنائے چلہ میں ایک تو صبح کی نماز قضا نہ کرے اور دوسرے اثنائے چلہ میں اگر کوئی شخص خواہ وہ اپنا دوست ہو یا بھائی یا رشتہ دار اگر کچھ دے تو ہر گز نہ لے۔ اگر لے تو عمل ٹوٹ جائے گا کیونکہ اصل میں اس

عمل کے موکلات مختلف صورتوں میں آکر دھوکہ دیتے ہیں ان کے دھوکہ میں نہ آوے تیسرے بروقت تلاوت عمل کے بھی یہ خیال رکھے کہ اگر کوئی شکل شیر وغیرہ کے پیدا ہو تو اس سے ہرگز خوف نہ کھائے اور اگر وہ منہ کھولے تو اس کے منہ میں کوئی شے جو پہلے سے اپنے پاس رکھی ہو ڈال دے خواہ وہ شے قسم نقدی سے ہو یا کھانے کی شے ہو۔

غرضیکہ اس کے منہ کھولنے پر کسی شے کا ڈالنا ضروری ہے۔ علاوہ ازیں اور احتیاطیں جو اثنائے چلہ میں عامل کے واسطے ضروری ہیں۔ ان پر کاربند رہے اور نہایت احتیاط رکھے کیونکہ یہ سورۂ مزمل شریف باموکل کا عمل ہے اگر بے احتیاطی کرے گا تو نقصان ہوگا' طریق عمل یہ ہے کہ شروع عمل سے پہلے غسل کر کے ایک پاک کپڑے سے جو بلادوختہ اور معطر ہو احرام باندھ کر بخور و خوشبو روشن کر کے مصلے پر بیٹھ کر عمل شروع کرے پہلے دن سورۂ شریف ایک بار پڑھے' دوسرے دن دو بار علیٰ ہذا القیاس روزانہ ایک بار بڑھاتا جائے یہاں تک کہ گیارہویں دن گیارہ بار پڑھے جب بارھواں دن ہو تو اس دن سے ایک ایک بار کم کرنا شروع کرے یعنی بارھواں دن دس بار تیرھویں دن نو بار یہاں تک کہ بائیسویں دن وہی ایک بار رہ جائے۔ یہ ایک چلہ ہوا۔ اسی طرح تین چلوں تک پڑھے۔ احرام والا صرف بروقت تلاوت باندھے بعدۂ علیحدہ کر کے دوسرے کپڑے پہن لے۔ جب چلوں سے فارغ ہو جائے تو سورہ شریف روزمرہ ایک بار ہمیشہ پڑھ لیا کرے تین چلوں کے پورا کرنے کے بعد اگر زکوٰۃ موافق شرائط کے ادا ہوتی ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اپنے خرچ کے موافق فتوحات اس کو ملیں گی۔ یعنی ایک یا دو روپیہ روز مقرر ہو جائیں گے۔ اب طریق عمل یہ ہے کہ اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے بعدۂ بطریق عمل مندرجہ ذیل سورۂ شریف کو تلاوت کرے۔

سورۂ مزمل شریف باموکلات

يَا اِسْرَافِيْلُ بِحَقِّ شَمُوْطَنَا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يٰاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ○ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ○

نِّصفَهٗٓ اَوِانْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۙ اَوْزِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ؕ اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ؕ اِنَّ لَكَ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ؕ يَارُقْتَمَا بِحَقِّ فَجْرُكُوْر وَاذْكُرِاسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ؕ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ يَااَمْوَاكِيْلُ بِحَقِّ طَهْتَنْقُوْنَالَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝

يَاهَيْجَمَائِيْلُ يَاهَيْجَمَائِيْلُ بِحَقِّ كَفْ كَفْ دَرْفَشْ خَشْدًااَوَاصْبِرْ عَلٰی مَايَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝ يَاجَبْرَائِيْلُ بِحَقِّ تَسْتَطِيْمُ وَذَرْنِیْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِی النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ۝ اِنَّ لَدَيْنَآ رُوْهَائِلُ وَبِحَقِّ يَاوَاه اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ۙ وَّطَعَامًا ذَاغُصَّةٍ وَّ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ قف

يَاجَبْرَائِيْلُ بِحَقِّ الْخَشْفَفُ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ؕ فَعَصٰی فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ۝ يَاكَلْكَائِيْلُ بِحَقِّ دِيْنُوْنِیْ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ۝ ق صلے

نِ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ

هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ج فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ع
يَا رُوبِمَائِيْلَ بِحَقِّ عَصَا جُوْاِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ
اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ
الَّذِيْنَ مَعَكَ ط وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ط عَلِمَ اَنْ
لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ
الْقُرْاٰنِ ط عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى لا فَلَا
تُحِيْنَنِيْ يَا ذَا الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط يَا مَنْ قُلَّ الَّيْلَ
وَالنَّهَارَ قَضَا حَاجَاتِيْ فَاِنَّكَ قَادِرٌ قَادِرٌ عَلَيْنَا
وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط يَا عِزْرَائِيْلُ بِحَقِّ
لِتَرْعَنَنِيْ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ
مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ لا وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ صلے فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ لا وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ
وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ط وَمَا
تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ
خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ط وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ع

فتوحات ظاہری و باطنی

☆ ہمہ اقسام کی فتوحات کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند، مجرب اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے بہ نیت چلہ ترک حیوانات کر کے چاند کی پہلی تاریخ سے

تیسری تک یعنی روزے رکھے اور افطار سے پیشتر اس انداز سے کھیر پکائے کہ جو اپنی خوراک سے نہ زیادہ ہو اور نہ کم۔ بعدہٗ پانچویں تاریخ سے عمل شروع کرے۔ بعدہٗ نماز عشاء یا تہجد غسل یا وضو کر کے پارچہ احرامی باندھ کر اوّل گیارہ بار درود شریف پھر تین بار الحمد شریف پڑھے مگر ہر بار آیت مبارکہ:۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

کو گیارہ بار تکرار کر کے اور آخر میں تین بار آمین کہے بعدہٗ:۔

وَاُفْتَحْ عَلَيْنَا خَزَائِنَ رَحْمَتِكَ بِحَقِّ يَااَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ زُقْنِىْ بِلُطْفِكَ الْاَلْطَافِ

پڑھ کر سورۂ شروع کرے جب لفظ وکیلا پر پہنچے اور نو بار يَارَبُّ پڑھے جب:۔

تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ط

پر پہنچے اپنے مطلب کی دُعا کر کے سورۂ تمام کرے اور انیس بار:۔

يَارَحِيْمُ كُلَّ مُرِيْخٍ وَمَكْرُوْبٍ وَغِيَاثُهٗ وَمَعَاذَهٗ يَارَحِيْمُ

اسی طرح سے گیارہ بار سورۂ مزمل شریف پڑھے' بعد ختم چلہ کے ہر روز اس کو ہمیشہ ورد رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم فتوحات بدرجہ کمال ہوگی۔

☆ ذیل کا عمل عطیہ سلسلہ قادریہ کا ہے۔

جس ماہ کی پہلی تاریخ جمعرات کے ہو (بعد رویت ہلال کے) روز کہہ کر دودھ چاول سے روزہ افطار کرے اور دوسری کوئی چیز نہ کھائے بعد نماز عشاء قبل وتر غسل کر کے دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھے' رکعت اوّل میں بعد فاتحہ کے سورۂ الم نشرح گیارہ بار اور دوسرے رکعت میں سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھے بعد سلام کے ہر دو رکعت کا ثواب آنحضرت ﷺ و حضرت پیران پیر کی روح پاک کو پہنچا کر چار زانو بیٹھے' پہلو نہ بدلے

ایک بیٹھک سے اکتالیس بار سورۃ شریف پڑھے مگر اوّل و آخر درود شریف و کلمہ تمجید سات سات بار پڑھے۔ جب نماز سے فارغ ہو اسی جگہ رو بقبلہ سر بجانب قطب کر کے سو رہے اور صبح سے سورۂ شریف کو بعد نماز صبح کے گیارہ بار اور بعد نماز ظہر و عصر و مغرب دو دو بار اور بعد از نماز عشاء تین بار ورد رکھے اور جب مہینے کی پہلی تاریخ آئے تو رات کو عمل مذکور کر کے پھر صبح سے بدستور سورۂ شریف کا ورد رکھے ایک سال تک یہ عمل جاری رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ فتوحات بکثرت ہونگی۔

☆ یہ عمل بھی مجھ کو اپنے مرشد موصوف الصدر سے حاصل ہوا ہے جو شخص ایک بار اس کی زکوٰۃ دے کر ہمیشہ اس کا ورد رکھے گا۔ اس کو اس کا لطف حاصل ہوگا اور اس کو معلوم ہو جائے گا' بدھ یا جمعرات کے روز روزہ رکھے بعد افطار کے غسل کر کے سفید اور پاک خوشبو میں بسے ہوئے کپڑے پہن کر عشاء کی نماز کے بعد مسجد یا حجرہ میں معتکف ہو کر بیٹھ جائے اور اس عمل کو ایک یا دو یا دس یا چالیس روز میں پورا کرے۔ اثنائے تلاوت میں پورے طور ترک جلالی و جمالی رکھے بجز دال مونگ و نان گندم کے کچھ نہ کھائے۔ چمڑے کے ڈول کا پانی اپنے استعمال میں لائے اور جوں وغیرہ بھی نہ مارے۔ جب عمل پورا ہو تو دوگانہ نفل شکریہ ادا کر کے مصلے سے اٹھے اور ایک بار یا دو تین مساکین کو کھانا کھلائے اور خود بھی ان کے ہمراہ ہو کر کھائے بس اس سورۃ کا عامل ہو جائے گا بعدہٗ ہمیشہ نماز عشاء یا صبح کے بعد اس سورت کو مع آیات کے اکتالیس بار یا اکیس یا سات بار پڑھ لیا کرے' کبھی ناغہ نہ کرے اگر کسی وجہ سے ناغہ ہو تو قضا کر لے غرض ترک نہ کرے۔ طریق تلاوت یہ ہے کہ بہ نیت اعتکاف و ادائے نصاب حجرہ یا مسجد میں داخل ہو کر اوّل دو رکعت نفل ادا کر کے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۂ مزمل شریف پڑھے بعد سلام کے دو زانوں بیٹھ کر اور لوبان جلا کر اکتالیس بار یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَازَھَرَتِ النُّجُوْمُ وَصَلِّ

عَلٰی مُحَمَّدٍ مَاتَلَاحَتِ الْغُیُوْمُ وَصَلِّ مُحَمَّدٍ یَاحَیُّ قَیُّوْمُ

اس کے بعد سو بار یَـــامُــنْــعِمُ پڑھ کر سورۂ شریف شروع کرے جب لفظ تَرْتِیْلًا پر پہنچے تو اکتالیس بار آیت مبارکہ:۔

وَمَنْ یَتَّقِ اللّٰهِ یَجْعَلْ لَّه' مَخْرَجًاوَّ یَرْزُقْه' مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ط مَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُه' اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ط قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْراً

تک پڑھے جب آیت مبارکہ:۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَفَاتَّخِذْهُ وَکِیْلًا o

پر پہنچے تو اکتالیس بار:۔

یَابَاسِطَ الرِّزْقِ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ

پڑھے جب لفظ سَبِیْلًا پر پہنچے تو اکتالیس بار آیت مبارکہ:۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا اٰیَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ o

تک پڑھے جب:۔

قَرْضًا حَسَنًا ط

پر پہنچے تو:۔

اَلَآ اِلَی اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ

اکتالیس بار پڑھ کر سورت تمام کر کے اکتالیس بار آیت مبارکہ:۔

اَللّٰهُ لَطِيفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ

اسی طرح سورۂ شریف کو تین سو ساٹھ بار تلاوت کر کے بس زکوٰۃ ادا ہوگی بعدۂ بطریق مذکور ہمیشہ ورد رکھے۔

☆ فتوحات ظاہری و باطنی کے لئے ذیل کا عمل ازحد نافع، مجرب اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے نوچندی جمعرات یا بدھ کو غسل کر کے پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر ایک جگہ مقرر کر کے نماز مغرب کے بعد اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ اکتالیس بار سورۃ شریف پڑھے بعد ختم اپنے مطلب کی دُعا کرے اور نماز عشاء ادا کر کے اسی جگہ سو رہے، صبح کو اٹھ کر بلا اس کے کہ کوئی کام کرے یا کسی سے کلام کرے ایک بار سورۃ شریف کو پڑھے، پھر کھڑا ہو کر اپنے کاروبار میں مشغول ہو اسی طرح چالیس روز تک عمل کرتا رہے، چالیس روز کے بعد ہمیشہ سورۃ شریف کو ساٹھ بار پڑھ لیا کرے، کبھی ناغہ نہ کرے اگر ناغے ہوئے تو فتوحات میں کمی ہوگی۔

فتوحات رزق

فتوحات رزق کے لئے ذیل کا عمل ازحد نافع اور ضروری ہے۔

اس مقصد کے لئے عروج ماہ میں نیک دن سے ایک وقت مقرر کر کے شروع کرے اور پھر ہمیشہ بلاناغہ پڑھے، طریقہ یہ ہے کہ اوّل و آخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف پڑھے، درمیان میں گیارہ سو بار **يَا مُغْنِيُ** اور اکتالیس بار سورۃ شریف پڑھے اگر اس قدر ممکن نہ ہو تو گیارہ بار پڑھے مگر اکتالیس بار بہتر ہے۔

انشاء اللہ تعالٰی العزیز الحکیم چند روز میں فتوحات بکثرت شروع ہوں گی۔

غنائے قلب

عطیہ مولوی محمد روشن صاحب

غنائے قلب اور بخل سے نجات کے لئے ذیل کا عمل کا بے حد فائدہ مند اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے ہمیشہ نماز صبح کے بعد مع اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف کے سو بار سورۃ شریف پڑھ لیا کرے' اگر اثنائے تلاوت میں کسی سے بات کرنے کی ضرورت ہو تو تین بار درود شریف پڑھ کر گفتگو ضروری کرکے پھر تین بار درود شریف پڑھ کر سورۃ شریف کی تعداد پوری کرے اس کو کبھی ناغہ نہ کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کے اثر سے چند روز میں برکت پیدا ہوگی کہ بیان سے باہر ہے' تمام دشمن مقہور ہوں گے اور جو اس کے عامل کو ستانے کا ارادہ کرے گا وہ خود مبتلائے مصیبت ہوگا اور عامل کی تمام ضرورتیں بفضل خدا پوری ہوں گی اور فلاح دارین حاصل ہوگی۔

فلاح دارین

فلاح دارین (دین و دنیا) کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب' فائدہ مند اور آزمودہ ہے۔

اس کے لئے عروج ماہ میں چھ دن ترک حیوانات کر کے روزہ رکھ کر پانی میں کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر۔ اگر پانی کا سامان نہ ہو بغیر پانی کے کھڑا ہو کر۔ اگر کھڑے ہونے سے پہلے سے معذور ہو تو بیٹھ کر ایک دن میں یا چند روز میں مع اوّل و آخر درود شریف کے سورۂ شریف کو گیارہ سو بار تلاوت کرے' اثنائے تلاوت میں کسی سے کلام نہ کرے۔ اگر چند روز میں پڑھے تو جب تک تعداد مذکور پوری نہ ہو ترک حیوانات رکھے اور روزہ سے رہے' جب تعداد مذکور پوری ہو جائے پھر اپنی طاقت کے موافق کچھ تعداد

معین کر کے روزمرہ پڑھا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند روز میں عجب حالت پیدا ہو گی۔

مطلوب حاضر کرنا

جائز مقاصد کے لئے اپنے مطلوب کو حاضر کرنے کا عمل ذیل انتہائی زود اثر اور مجرب ہے۔

اس کے لئے اوّل سورۂ شریف کی کسی طریقہ سے زکوٰۃ ادا کرے' بعدۂ ضرورت کے وقت ایک ایسی جگہ کا انتظام کر کے جہاں بروقت تلاوت کرنے کی آواز نہ آئے تین پتلی لکڑیاں لائے' جس میں ایک لکڑی انجیر کی ہو۔ دوسری انار شیریں کی' تیسری شہتوت شیریں کی ان تینوں لکڑیوں کو باہم باندھ کر ایک تپائی بنائے' اب ایک کورا چراغ مٹی کا لا کر اس تپائی پر رکھے اور سرسوں کا تیل اس میں ڈال کر مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے کی بتی بنا کر اس میں ڈال کر روشن کرے اور چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف کر کے ایک سوزن آہنی اور اکتالیس کالی مرچیں لے کر چراغ کے روبرو بیٹھ جائے اور ایک مرچ سوئی سے چھید کر کے باتصور مطلوب ایک بار سورۂ مزمل شریف پڑھ کر اس مرچ پر دم کر کے سب مرچوں کو جلائے۔ یہی عمل برابر تین روز تک کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم پہلے دن' انتہاء تیسرے دن تک مطلوب ضرور حاضر ہو جائے گا۔

نوٹ: ناجائز مقاصد کے لئے اس عمل کو نہ اختیار کیا جائے بصورت دیگر خود مستوجب الٰہی ہوگا۔

محبت زن و شوھر

زوجین میں باہمی' دائمی محبت اور الفت پیدا کرنے کے لئے یہ عمل از حد اکسیر اور مفید ہے۔

اس کے لئے عمل ہذا میں اوّل زکوٰۃ شریف کی شرط ہے، بروقت ضرورت قدرے شیرینی پر تین بار سورۂ شریف معہ چاروں ناموں کے یعنی **الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں** پڑھ کر اس پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم باہم محبت پیدا ہو جائے گی۔

رجوعات خلائق

جو شخص کہ تسخیر اور رجوعاتِ خلائق کا جویا ہو، اس کو چاہیے کہ اس عمل پر ایک وقت معین کر کے مداومت کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ چند روز کے بعد وہ اپنی مدعا میں کامیاب ہونا شروع ہو جائے گا۔ طریق عمل یہ ہے کہ مع اوّل و آخر درود شریف کے روزمرہ گیارہ بار سورۃ شریف کی تلاوت کرے مگر ہر بار جب لفظ:

اِلٰی رَبِّہٖ سَبِیْلًا ؑ

پر پہنچے تو ایک سو اٹھائیس بار سورۃ خلاص اس طریق سے پڑھے۔

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یَاحَنَّانُ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَامَنَّانُ لَمْ یَلِدْ یَاکَرِیْمُ وَلَمْ یُوْلَدْ یَارَحِیْمُ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَاعَزِیْزُ

بعدہٗ سورت تمام کرے۔

پیدائش اولاد

حضرات پیران پیر کے مجربات سے ہے۔

اکتالیس تار کچے نیلے سوت کے لے کر اوّل تین بار درود شریف معہ بسم اللہ شریف پڑھ کر گیارہ بار آیت الکرسی پڑھ کر دم کر کے گرہ دے بعدہٗ سورۂ رحمٰن مع بسم اللہ شریف کے شروع کرے اور ہر مرتبہ۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ

پر دم کر کے گرہ دیتا جائے' بعدہٗ سورۂ مزمل مع بسم اللہ شریف کے اکتالیس بار پڑھ کر اکتالیس بار گرہ لگائے' ہر بار ایک گرہ بعد سورۂ مزمل شریف مع بسم اللہ شریف کے اکیس بار پڑھ کر اکیس گرہ لگا دے۔ جب گنڈہ تیار ہو جائے تو شیرینی گیارہ پیسے یا ٹکہ یا گیارہ روپیہ کی لا کر اس پر حضرت غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فاتحہ دلا کر اس گنڈہ کو جب عورت حیض سے فارغ ہو بعد غسل کے عورت کی کمر سے باندھ دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ضرور حمل قائم ہوگا۔

حصول فتوحات

عطیہ سلسلہ قادریہ عالیہ

حصول فتوحات کے لئے ذیل کا عمل بے حد نفع بخش اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے عروج ماہ میں شب پنجشنبہ یا جمعہ کو ایک بجے اٹھ کر وضو کر کے دو رکعت نماز تحیۃ الوضوء پڑھ کر اس کا ثواب روح مقبول رسول اللہ ﷺ کو ہدیہ کر کے اکیس بار:۔

کٓھٰیٰعٓصٓ کَفَایَتُنَا

پڑھ کر اکیس بار سورۂ مزمل شریف کی تلاوت کر کے آخر میں ایک سو اکیس بار:۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ حَمَایَتُنَا

پڑھ کر نقش ذیل زمین پر لکھے اور مٹا کر دوسرا لکھے' اسی طرح اکیس نقش لکھ کر مٹائے۔ یہ عمل اکیس روز تک کرے' بائیسویں روز یہ نقش کاغذ پر اکیس عدد لکھے' بیس نقش کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دے اور ایک اپنے پاس رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم جب تک وہ نقش رہے گا۔ غیب سے فتوحات حاصل ہوتی رہیں گی۔

محمد شبیر قادری

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۴	۲۳	۲۸
۲۹	۲۵	۲۱
۲۲	۲۷	۲۶

ادائیگی قرضہ

جو شخص مقروض ہو اور باوجود ہر کوشش کے کسی بھی طریقہ سے قرضہ اترنے کی کوئی شکل نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے اس شخص کو چاہیے کہ وہ چالیس روز تک برابر روزمرہ چالیس بار سورۃ مزمل شریف بہ نیت ادائے قرضہ ورد کرے اوّل و آخر درود شریف پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کے قرضے کے ادا ہونے کا سامان غیب سے پیدا ہوجائے گا۔

زکوٰۃ سورۂ مزمل شریف

سورۂ مزمل شریف کا عامل بننے کے لئے اس کی زکوٰۃ کا طریق درج ذیل اپنانا ضروری ہے، تاکہ اس کے تمام فوائد سے کماحقہ مستفید ہوا جاسکے۔

اس کے لئے عروج ماہ میں بدھ و جمعرات و جمعہ کو روزہ رکھ کر بدھ کی رات کو بعد نماز عشاء قبل وتر سر برہنہ کھڑا ہو کر اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ساٹھ بار سورۂ مزمل شریف کی تلاوت کرلے اسی طرح جمعرات کی رات کو چالیس بار اور جمعہ کی رات کو تیس بار پڑھے، ہفتہ کے دن علی الصباح تین پاؤ شیرینی لے کر عند اللہ تقسیم کر دے

یہ اس کی زکوٰۃ ہوئی۔ اب بعد زکوٰۃ کے جس کے واسطے ضرورت ہو عروج ماہ میں سات روز تک سورۂ مزمل شریف سات بار اسی ترکیب سے جو اوپر بیان ہوئی پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم وہ حاجت پوری ہوگی۔ مگر حب کے واسطے بروقت تلاوت مصری اپنے منہ میں رکھے اور مطلوب کا تصور کرے اور ہلاکت دشمن کے واسطے بجائے عروج کے نزول ماہ میں پڑھے اور وقت تلاوت کے کالی مرچ یا نیم کا پتہ اپنے منہ میں رکھے' اگر بعد زکوٰۃ کے ہمیشہ ہر نماز کے بعد دوبارہ سورۂ شریف کو پڑھ لیا کرے تو عجیب فائدہ دیکھے۔

تکلیفات زمانہ سے حفاظت

زمانے بھر کے دکھوں اور تکلیفوں سے نجات کے لیے یہ عمل نہایت مجرب اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بہ نیت نصاب یا ترکِ جمالی و جلالی یعنی گوشت گائے و لہسن و پیاز خام وغیرہ کرے۔ پھر عروج ماہ قمر کے بدھ۔ جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے اور مسجد یا کسی پاک صاف گوشۂ تنہائی میں دوگانہ نماز نفل اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص کو پڑھنے اور ساتھ ہی ایک مرتبہ سورۂ یٰسین شریف اور چھ مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔ بعداز نماز اپنے گرد چاروں طرف حصار باندھے اور خوشبو روشن کرے اور ہر روز ایک سو بیس بار سورۂ مزمل شریف کو پڑھے' اس طرح ہر سال تین روز کی زکوٰۃ ادا کیا کرے' اس عمل کو چالیس روز بلاناغہ پورا کرے۔ چلے کے خاتمے کے بعد ہر روز سورۃ مزمل کو بعداز نماز فجر چالیس بار یا کم از کم گیارہ بار معمول رکھے' یہ عمل تمنائے دل اور ظاہری و باطنی امور کے واسطے بھی بے حد مجرب اور نافع ہے۔

حصول ظاہری و باطنی امور

ظاہری و باطنی دین ودنیا کے ہر امور کے لیے سورۂ مزمل کا ذیل کا طریقہ نہایت

نافع اور مجرب ہے ہر روز بعداز نماز عشاء اسی جگہ دو رکعت نماز نفل دوگانہ اس طرح ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعدسورۂ مزمل اکیس بار اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد بیس بارسورۃ مزمل پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے بلاناغہ عمل سے ساری زندگی ہر معاملے میں یہ سورۃ اس کے لیے ممدو معاون ثابت ہوگی۔

قید سے رہائی

اگر کوئی قیدی ناجائز طور پر قید میں ہو اور اس کے چھٹکارے کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہوتو ایسے میں لازم ہے کہ سورۃ مزمل شریف کا ذیل کا عمل باوضو تخلیئے میں بیٹھ کر کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی برکت سے قیدی کی رہائی کا پروانہ حکومت کی طرف سے جاری ہوجائے گا۔

ترکیب عمل:۔

سب سے پہلے درود شریف تخمیناً دس بار، پھر سورۂ مزمل شریف کو شروع کرے اور جب لفظ **تَبۡتِيۡلًا** پر پہنچے تو پچاس بار اس آیت کو پڑھے۔

آیت مبارکہ:۔

وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجۡعَلۡ لَّهٗ مَخۡرَجًاۙ وَّيَرۡزُقۡهُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَحۡتَسِبُ ؕ مَنۡ يَّتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسۡبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمۡرِهٖ ؕ قَدۡ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَىۡءٍ قَدۡرًا

پھر رَبُّ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ کے بعد لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذۡهُ

وَكِيلًا پڑھے اور جب سَبِيلًا پر پہنچے تو پچاس دفعہ یہ آیت پڑھے۔
آیت مبارکہ:۔

رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ ط

پھر جب قَرْضًا حَسَنًا پر پہنچے تو اکیس بار:۔

اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ وَاِلَى اللّٰهِ تَصِيرُ الْاُمُورُ ط

پڑھے۔

پھر سورۂ ختم کرنے کے بعد دس مرتبہ درود شریف تنجینا پڑھ کر یہ دُعا ایک مرتبہ مانگے۔

دُعا:۔

سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَاحَنَّانُ يَامَنَّانُ يَابَدِيعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَاذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ اَكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

پھر سجدۂ میں گڑگڑا کر قیدی مطلوب کی رہائی کے لیے دُعا مانگے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز چند یوم کے عمل سے قیدی رہا ہو جائے گا۔

ترقی رزق

ترقی رزق کے لیے حسب ذیل عمل نہایت مجرب اور نافع ہے۔
اس کے لئے نئے چاند کی پہلی اتوار کو رات عشاء کی نماز کے بعد تنہائی میں دو

رکعت نماز نفل ادا کرے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد اکیس بار یہ آیت کریمہ پڑھے:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوۡلٍ حَسَنٍ وَّاَنۡۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيۡهَا زَكَرِيَّا الۡمِحۡرَابَ وَجَدَ عِنۡدَهَا رِزۡقًا

پھر نماز کے بعد سترہ سو پینتیس مرتبہ یہ آیت شریفہ پڑھے۔

وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجۡعَلۡ لَّهٗ مَخۡرَجًاۙ وَّيَرۡزُقۡهُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَحۡتَسِبُ ط وَمَنۡ يَّتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسۡبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمۡرِهٖ ط قَدۡ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَىۡءٍ قَدۡرًا ط

پھر سورۂ مزمل شریف سات بار پڑھے اور سجدے میں سر رکھ کر سو بار یَاوَاسِعُ کہے اور اس کے بعد ہر روز آیت مذکور تنہائی میں پڑھتا رہے۔ خدا کے فضل و کرم سے بلاواسطہ رزق اس کو پہنچتا رہے گا۔

ظالم دشمن سے نجات

جس کا دشمن انتہائی ظالم ہو اور اس سے چھٹکارا ممکن نہ ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے اُس شخص پر لازم ہے کہ ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے سفید کاغذ پر لکھے اور اس کے نیچے دشمن اور اس کی ماں کا نام بھی لکھے۔ پھر اس نقش پر ذیل کی آیت مبارکہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس نقش کو چار تہہ کر کے اوپر سے دھاگہ لپیٹے اور اس کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دے۔ چند دنوں میں ہی دشمن کے ظلم سے نجات مل جائے گی۔ عمل مذکور اتوار کے روز نماز فجر کے بعد اور طلوع آفتاب سے

پہلے پہلے باوضو حالت میں کرے۔

آیت مبارکہ:۔

اِنَّا سَنُلۡقِیۡ عَلَیۡكَ قَوۡلًا ثَقِیۡلًا ۝

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۳۰۰	۳۰۶	۳۰۳	۳۱۱
۳۱۲	۳۰۲	۳۰۹	۲۹۷
۳۰۷	۲۹۹	۳۱۰	۳۰۴
۳۰۱	۳۱۳	۲۹۸	۳۰۸

قہرٌ بحق فلان بن فلان

نوٹ:۔ باور رہے کہ ناجائز نہ کرے۔ وگرنہ عتوب خداوندی کا خود ذمہ دار ہوگا۔

خزانۂ غیب سے روزی حاصل کرنا

یہ ایک ایسا عمل ہے۔ جس کی نظیر ملنا محال ہے اور روزی ایسی جگہ سے ملے جہاں سے گمان بھی نہ ہو۔

ترکیب:۔

اس مقصد کے لئے اوّل درود شریف مستغاث ایک بار پڑھے بعد ازاں آیت

کریمہ:۔

وَمَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجۡعَلۡ لَّہٗ مَخۡرَجًاۙ وَّ یَرۡزُقۡہُ مِنۡ حَیۡثُ لَا یَحۡتَسِبُ ؕ وَمَنۡ یَّتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ فَہُوَ حَسۡبُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمۡرِہٖ ؕ قَدۡ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیۡءٍ قَدۡرًا ؕ

ایک ہزار ایک بار پڑھے پھر ایک بار درود مستغاث پڑھے اسی طرح چالیس یوم تک یہ عمل بلاناغہ کرے۔ لیکن ہر روز مقرر کردہ وقت پر ہی پڑھا کرے اس کے لیے کوئی وقت مقرر نہ ہے۔ لیکن بہتر ہے کہ بعداز نماز عشاء بہ فراغت روزمرہ دنیاوی کاموں کے غسل کر کے پاک صاف کپڑے پہن کر قبلہ رخ بیٹھ کر پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کا اثر پانچویں چھٹے روز سے ظاہر ہوگا اور غیب سے ایک شے پہنچے گی مگر لانے والے سے کسی بھی قسم کی مزاحمت بالکل نہ کرے۔ نہ دریافت کرے کہ تم کون ہو؟ اور یہ کیا شے ہے؟ کچھ بھی گفتگو بالکل نہ کرے بس نہایت خاموشی سے وہ شے لے کر اپنے پاس بحفاظت رکھ لے۔ جب چالیس دن مکمل ہو جائیں تو اس کے بعد لازم ہے کہ ہر روز بعداز ہر نماز اوّل و آخر درود شریف مستغاث دس دس بار اور اسی آیت مذکورہ کو دس بار پڑھ لیا کرے تاکہ عمل قائم رہے اگر بہ امر مجبوری کسی دن بعداز ہر نماز نہ پڑھ سکے تو اس دن صبح کو بعداز نماز فجر لازماً پڑھ لیا کرے۔ اس کے لیے یہ بھی لازم ہے کہ یہ عمل در برج ثابت و عروج ماہ قمر میں شروع کرے اور اکل حلال اختیار کرے۔

واسطے دفع مسان حاملہ

سات تار کچے ریشم کے لا کر گنڈہ بنا کر اس پر گیارہ بار سورۂ مزمل شریف دم کر کے گیارہ گرہ لگائے ہر دفعہ سورت تمام کر کے ایک گرہ دے پھر اس گنڈہ کو عورت کی کمر

میں باندھے اور وضع حمل کے وقت کھول ڈالے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت حاملہ عورت کو جو مسان کی شکایت ہوگی، وہ دور ہو جائے گی۔

جادو کا اثر زائل کرنا

کسی شخص پر جادو یا سحر کا اثر ہو تو اس اثر کو زائل کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اتوار کے دن بعد از نماز فجر باوضو حالت میں بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و مشک سے سورۂ مزمل شریف لکھ کر اس کو کسی بوتل میں پانی لے کر ڈال لیں اور پھر اس پانی کو روزانہ دن رات میں پانچ بار مسحور کو پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ یوم کے اندر اندر ہر قسم کا سحر اور جادو ختم ہو جائے گا اور مسحور شفا پا جائے گا۔

پریشانی کا حل

اگر کوئی کسی ایسی پریشانی میں مبتلا ہو گیا ہو اور وہ کسی بھی طرح ختم نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے اس شخص پر لازم ہے کہ وہ منگل کے دن باوضو حالت میں ستاون مرتبہ سورۂ مزمل شریف اور اوّل و آخر درود پاک ذیل اکیس، اکیس مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد سجدہ میں جا کر اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم وہ مشکل خود بخود رفع ہو جائے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ

كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

حصول محبت الٰہی

جو کوئی اس امر کا خواہش مند ہو کہ اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت ہر وقت موجود رہے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ ہر روز نماز فجر کے بعد سینتالیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف اور اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے آخر میں نہایت صمیم قلب سے بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے بفضل باری تعالیٰ اس کے اندر محبت الٰہی موجزن ہو جائے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْاَنْوَارِ وَالْاَسْرَارِ وَكَاشِفِ الْاَسْتَارِ وَكَاشِفِ الْاَسْرَارِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَانُوْرَ الْاَنْوَارِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَامَعْدِنَ الْاَسْرَارِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاكَاشِفَ الْاَسْتَارِ' اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاكَاشِفَ الْاَسْرَارِ اِكْشِفْ عَيْنِىْ اِكْشِفْ قَلْبِىْ اِكْشِفْ صَدْرِىْ يَاكَاشِفَ الْاَسْرَارِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ خُذْ بِيَدِىْ اَعِيْنُوْنِىْ اَغِيْثُوْنِىْ يَاصَادِقُ صِدْقَ قَوْلِكَ مَنْ عَسُرَتْ عَلَيْهِ حَاجَة" فَلْيُكْثِرْ بِالصَّلٰوةِ عَلَىَّ فَاِنَّهَا تَكْشِفُ الْهُمُوْمَ وَالْغُمُوْمَ وَالْكُرَبَ وَتُكَثِّرُ الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِى الْحَوَائِجَ يَاقَاضِىَ الْحَاجَاتِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْكَ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ

قید سے رہائی

اگر کوئی کسی ظالم اور جابر شخص کی قید میں ہو اور خلاصی کی کوئی صورت ممکن نہ دکھائی دے اوراس کے گھر والے بے انتہا پریشان ہوں تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اس کے لواحقین بعد نماز عشاء اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف بمعہ اول وآخر درود شریف ذیل اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور انتہائی عاجزی و انکساری کے ساتھ دُعا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم وہ قیدی جلد قید سے رہائی پا جائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر''

تفرقہ ڈالنا

دو بڑے اشخاص کے گٹھ جوڑ کو توڑنے کے لیے اور ان کے درمیان جدائی ڈالنے کے لیے باوضو حالت میں سورۃ مزمل شریف پندرہ مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی شے پر دم کر کے کسی طرح کھلادیں' دھیان یہ رکھیں کہ ہر بار سورۃ مبارکہ کو پڑھ کر شیرینی پر دم کرتے

وقت ان دونوں کا نام اور ان کی ماؤں کا نام ضرور پڑھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اُن کے درمیان ہمیشہ کے لئے جدائی پیدا ہو جائے گی۔

چوری کے مال کی بازیابی

اگر کسی کا مال چوری ہو جائے اور باوصف ہر قسم کی کوشش و بسیار کے بازیابی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے بدھ، جمعرات، جمعہ کے دن روزے رکھے اور افطاری سے قبل ہر روز باوضو حالت میں تین بار سورۂ مزمل شریف اور اوّل و آخر درود پاک تین تین مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی و انکساری سے دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند یوم میں چوری شدہ مال بازیاب ہو جائے گا اور چور بھی دام گرفت میں آجائے گا۔

والدین کی رضاء جوئی حاصل کرنا

اگر کسی کے والدین اس سے سخت ناراض رہتے ہوں اور بات پہ بات پر ڈانٹ ڈپٹ کرتے ہوں تو اُن کو راضی کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے اُس شخص پر لازم ہے کہ وہ چالیس روز تک ذیل کا عمل بلاناغہ نماز تہجد کے ساتھ ادا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی برکت سے اس کے والدین اس سے مکمل راضی ہو جائیں گے اور ہمیشہ کے لیے بہت زیادہ مہر و محبت سے پیش آئیں گے۔

عمل:

بوقت تہجد اٹھ کر غسل کرے اور باوضو ہو کر نماز تہجد کے بارہ رکعت اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا کرے۔

درد گردن

اگر کسی کی گردن میں شدید درد لاحق ہو گیا ہو اور اس کو کسی پل بھی چین نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نفع بخش اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لیے اُس شخص پر لازم ہے کہ وہ کسی سفید کاغذ پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ذیل کا نقش سورۂ مبارکہ مزمل شریف لکھ کر اوپر سورۂ مزمل شریف پانچ بار پڑھ کر دم کر کے گردن پر موم جامہ کر کے باندھ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضل خداوند تعالیٰ درد گردن رفع ہو جائے گا اور مکمل آرام آجائے گا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۹۱۵	۹۲۱	۹۱۳	۹۲۷
۹۱۴	۹۲۶	۹۱۶	۹۲۰
۹۲۵	۹۱۱	۹۲۳	۹۱۷
۹۲۲	۹۱۸	۹۲۴	۹۱۲

خرابی پیٹ

اگر کسی کا پیٹ خراب ہو گیا ہو اور پیٹ کی تکلیف کو کسی صورت بھی آرام نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے اُس شخص پر لازم ہے کہ وہ باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر چینی کی کسی بڑی پلیٹ میں سورۂ مزمل شریف کو زعفران وگلاب و مشک سے لکھے اور پھر اس کو خالص شہد کے شربت سے دھو کر بوتل میں بھرے اور اس بوتل کو دن میں وقفے وقفے سے استعمال کر کے خالی کر دے۔ پہلے دن ہی سے پیٹ کی تکلیف میں کمی واقع ہو جائے گی' یہ عمل تین تا سات روز تک مسلسل کرنے سے ہمیشہ کے لیے پیٹ کی جملہ شکایات سے نجات مل جائے گی اور بفضل باری تعالیٰ شفاء کاملہ نصیب ہوگی۔

آفیسر کو مہربان اور نرم کرنا

جس کسی کو حاکم یا کسی بڑے آفیسر کے پاس جانے سے ڈر لگتا ہو تو ایسی حالت میں اس کے لیے لازم ہے کہ حاکم کی ناراضگی سے بچنے اور اسے راضی و موم کرنے کے لیے ذیل کا عمل کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے حاکم یا آفیسر مذکورہ اس پر مہربان ہو جائے گا اور جو بھی کام ہوگا وہ باآسانی ہو جائے گا۔

عمل:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَیُّ الۡقَيُّوۡمُ ۝ بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ذُوا الۡجَلَالِ وَالۡاِكۡرَامِ ۝ بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِیۡ لَا يَضُرُّ مَعَ اسۡمِهٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی

السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۵ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ فلان بن فلان (یہاں حاکم اور اس کی ماں کا نام لے)

بازیافت گم شدہ

اگر کسی کا کوئی عزیز یا بچہ کھو گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کی آیت مبارکہ کا ورد ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر چاروں اطراف میں دم کرے اور ایک سفید کاغذ پر اس آیت مبارکہ کو لکھ کر اس کے نیچے ذیل کی عبارت لکھے اور اپنے پاس رکھے' فلاں بن فلاں کی جگہ گم شدہ کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھے۔

بفضل باری تعالیٰ اس عمل کی برکت سے گم شدہ جہاں کہیں بھی ہوگا وہیں رک جائے گا اور پڑھنے والے کی طرف آنے کے لیے بے چین ہو جائے گا اور خود بھاگا ہوا ہوگا تو فوری واپس آئے گا اور اگر کسی نے اغوا کیا ہوا ہے تو جلد رہائی مل جائے گی۔

آیت اور عبارت:۔

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ع

''یاالٰہی بحرمتہ ایں سورۂ مزمل فلاں بن فلاں زود تر حاضر گردد۔''

محبت و تسخیر

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں مقبول ہو جائے اور جہاں بھی چاہے لوگ اس کی عزت و آبرو کریں اور خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور اس کا جائز کام بغیر حیل و حجت کے کریں تو ایسی صورت میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر تین مرتبہ سورۂ مزمل شریف کی ذیل کی آیت

مبارکہ پڑھ کر اپنے اوپر ہر روز دم کیا کرے اور اور ذیل کی دُعا بھی مانگے، نیز ذیل کا نقش بھی زعفران وگلاب و مشک و خوشبو سے کسی سفید کاغذ پر بنا کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی مداومت سے جہاں کہیں بھی جائے گا ہر کوئی مہربانی سے پیش آئے گا۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ونصفه	ثلثی الیل	من	ادنی	تقوم	انک	ربک یعلم	ان
وثلثه	ونصفه	ثلثی الیل	من	ادنی	تقوم	انک	ربک یعلم
وطائفه	وثلثه	ونصفه	ثلثی الیل	من	ادنی	تقوم	انک
من الذین	وطائفه	وثلثه	ونصفه	ثلثی الیل	من	ادنی	تقوم
معک	من الذین	وطائفه	وثلثه	ونصفه	ثلثی الیل	من	ادنی
والله	معک	من الذین	وطائفه	وثلثه	ونصفه	ثلثی الیل	من
یقدر الیل	والله	معک	من الذین	وطائفه	وثلثه	ونصفه	ثلثی الیل
والنهار	یقدر الیل	والله	معک	من الذین	وطائفه	وثلثه	ونصفه

آیت مبارکہ:۔

اِنَّ رَبَّکَ یَعۡلَمُ اَنَّکَ تَقُوۡمُ اَدۡنٰی مِنۡ ثُلُثَیِ الَّیۡلِ وَنِصۡفَہٗ وَثُلُثَہٗ وَطَآئِفَۃٌ مِّنَ الَّذِیۡنَ مَعَکَ ؕ وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ الَّیۡلَ وَالنَّہَارَ ؕ

محمد شبیر قادری

دُعا:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

يَامَلٰئِكَةُ كُلُّكُمۡ بِاَمۡرِ اللّٰهِ اَنۡ تُعِيۡنُوۡنِيۡ وَاَنۡ تَمُدُّوۡنِيۡ فِيۡ مُرَادِيۡ وَمَقۡصُوۡدِيۡ وَاحۡفِظُوۡالِيۡ وَاَهۡلِيۡ وَوَلَدِيۡ وَوَلِدِيۡ وَذُرِّيَّاتِيۡ وَاِخۡوَانِيۡ وَاَحۡبَّائِيۡ وَاَصۡدِقَّائِيۡ وَمَا اَحَاطَتۡ عَلَيۡهِ شُفۡقَةُ قَلۡبِيۡ مِنۡ اٰفَاتِ الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ وَمِنۡ نُحُوۡسَاتِهِمۡ وَمِنۡ نُحُوۡسَاتِ الزُّحَلِ وَالۡمُشۡتَرِيۡ وَالۡمَرِيۡخِ وَالشَّمۡسِ وَالزُّهۡرَةِ وَالۡعِطَارِدِ وَالۡقَمَرِ وَالرَّاسِ وَالذَّنۡبِ وَالۡاِكۡلِيۡلِ وَمِنۡ شَرِّ كُلِّ ذِيۡ شَرٍّ مِّنَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ وَالشَّيۡطٰنِ وَسَاحِرٍ وَّفَاجِرٍ وَّسَاكِنٍ وَّظَالِمٍ وَّبَاغٍ وَّطَاغٍ وَّمَارِدٍ وَّمُعَانِدٍ وَّلَاحِقٍ وَّسَابِقٍ وَّمُتَصَرِّفٍ وَسَاكِنٍ وَّهَامَّةٍ وَّلَامَّةٍ وَّذَكَرٍ وَّاُنۡثٰى وَمِنۡ اٰفَاتِ السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ وَمِنۡ شَيۡءٍ الۡبَحۡرِيَّةِ وَالۡعَجۡرِيَّةِ اَجۡمَعِيۡنَ وَاَغۡلِمُوۡا اَبۡصَارَهُمۡ وَاَقۡبِضُوۡا لِسَانَهُمۡ وَاَيۡدِيۡهِمۡ وَعَلِّمُوۡنِيۡ عِلۡمَ الَّذِيۡ يَكُوۡنُ نَافِعًا وَّصَرۡفًا عَلٰى جَمِيۡعِ الۡعُلُوۡمِ وَاَعۡطُوۡنِيۡ رِزۡقًا حِلَالًا طَيِّبًا وَجَلَّبۡتُكُمۡ لِجَلۡبِ قُلُوۡبِ الۡخَلۡقِ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ اَبِيۡ بِالۡمُوۡدَةِ وَالۡمَحَبَّةِ وَانۡصُرُوۡنِيۡ نَصۡرَةً عَلٰى سَآئِرِ الۡاَعۡدَآءِ وَّاَخۡبِرُوۡنِيۡ مَافِي الۡحَوَادِثِ

الْخَیْرِ وَالشَّرِّ قَبْلَ وَقْتِ الْوُقُوْعِ وَمَا اَطْلُبُ مِنْ اَخْبَارِ الْعَالَمِ الْعَجَلِ الْعَجَلُ السَّاعَۃَ السَّاعَۃَ السَّاعَۃَ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا بِحَقِّ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَوَلَدِہِ الشَّرِیْفِ السَّیِّدِ مُحْیِ الدِّیْنِ حَضْرَتِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ دَاوٗدَ عَلَیْہِمَا السَّلَامُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

برائے مشکل کشائی

کوئی ایسی مشکل درپیش ہو جو حل نہ ہوتی ہو اور ہر تدبیر دنیاوی ناکام ہو جائے تو اس کے لیے لازم ہے۔ عروج ماہ کے پہلے جمعہ کی شب نماز عشاء کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل شریف اوّل و آخر درود شریف مشکل کشاء اکیس اکیس بار پڑھے اس کے بعد اس کا ثواب حضور رسول کریم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں تحفۃً ہدیۃً پیش کرے' اس کے بعد دو رکعت نماز نفل بہ نیت حل المشکلات اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے' پھر سلام پھیر کر اپنے مقصد کے حل کے لیے بارگاہ خداوندی میں عاجزی و انکساری سے دُعا مانگے سات جمعہ کی شب تک اس عمل کو بلاناغہ کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم کیسی مشکل ہی کیوں نہ ہوگی وہ اس کی برکت سے بفضل خداوند کریم حل ہو جائے گی۔

مفرور کی واپسی

اگر کوئی کسی کی کوئی شے لے کر مفرور ہو گیا ہو اور اس کا کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ

وہ۔اس وقت کہاں ہے تو ایسی حالت میں لازم ہے کہ باوضو حالت میں چالیس دانے کالی مرچ لے کر ہر ایک مرچ پر ایک مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھے اور پڑھتے وقت اس مفرور کا نام اور اس کی ماں کا نام لے کر یہ تصور رکھے کہ مفرور واپس آئے۔ دم کرنے کے بعد کالی مرچیں اس مفرور اور اس کی ماں کا نام لے کر جلتی آگ میں ڈال دے' اس عمل کے باعث بھاگا ہوا شخص جہاں کہیں بھی ہوگا وہ انتہائی بے چین ہوجائے گا اور جب تک وہ واپس نہیں آئے گا اس کو ایک پل بھی آرام وسکون کا میسر نہیں آئے گا اور وہ فوری طور پر حاضر ہو جائے گا۔

برقراری حمل

اگر کسی عورت کا حمل بار بار ساقط ہو جاتا ہو اور دوران حمل بہت زیادہ تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے اُس شخص پر لازم ہے کہ جب عورت کو حمل ٹھہر جائے تو باوضو حالت میں مشک و زعفران وگلاب سے ذیل کے نقوش کسی کاغذ پر چالیس چالیس کی تعداد میں لکھے اور ان نقوش کو لکھنے کے بعد اسی عدد کالی مرچیں لے کر دونوں پر اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر دم کرے اور چالیس یوم تک بلاناغہ ایک نقش اور دو کالی مرچ حاملہ کو کھلائے جب بچے کی ولادت ہو جائے تو پھر دونوں نقش نئے سرے سے لکھ کر اور ان پر اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر بچے کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بچہ اس کی برکت سے تازندگی ہر طرح کے آسیب اور سحر سے محفوظ رہے گا دوران حمل حاملہ کو کسی بھی قسم کی تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے گا اور بچے کی ولادت میں بھی بہت آسانی ہوگی۔

نقش نمبر 1:۔

نقش نمبر 2:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

٨	١١	٢٨٦	١
٢٨٥	٢	٧	١٢
٣	٢٨٨	٩	٦
١٠	٥	لا	٢٨٧

قضائے حاجت

ہر قسم کی جائز حاجت کے لیے ہر روز نماز فجر کے بعد تین مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد تین مرتبہ سورۂ مزمل شریف اس طرح سے پڑھے کہ جب آیت مبارکہ :۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ

وَكِيلًا ○

پر پہنچے تو تین مرتبہ اس آیت مبارکہ کو پڑھنے کے بعد نقش ذیل کو اپنے دائیں ہاتھ میں نظر کے سامنے رکھے اور اس پر چار سو پچاس مرتبہ آیت مبارکہ:۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

پڑھ کر سورۂ مزمل مکمل کرے اور سجدہ میں سر رکھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے نہایت عاجزی و انکساری کے ساتھ دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند دنوں میں اللہ تعالیٰ حاجت روائی فرمائے گا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۱۲	۱۱۵	۱۱۸	۱۰۵
۱۱۷	۱۰۶	۱۱۱	۱۱۶
۱۰۷	۱۲۰	۱۱۳	۱۱۰
۱۱۴	۱۰۹	۱۰۸	۱۱۹

حصول فوری شفایابی

لاعلاج مریض یا جس کی بیماری طویل پکڑ چکی ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے اُس شخص پر لازم ہے کہ وہ ذیل کا نقش سورۂ مزمل شریف زعفران وگلاب و مشک سے سفید کاغذ پر باوضو حالت میں لکھ کر اس کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنا دیں۔

پہنانے سے قبل اس پر تین مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر دم کرلیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی برکت سے مریض دن بدن صحت یاب ہوتا جائے گا اور بیماری کا نام و نشان بھی نہ رہے گا۔ مجرب اور مفید ہے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۲۸۲۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵
۲۲۸۲۴	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۰
۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱

تنگی رزق

جو کوئی رزق کی تنگی کے ہاتھوں مجبور و بے بس ہو چکا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔
اس مقصد کے لیے اس شخص پر لازم ہے کہ وہ بعداز نماز فجر روزانہ آیت مبارکہ:۔

اِنَّ لَكَ فِی النَّهَارِ سَبۡحًا طَوِیۡلًا ؕ

دس بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا کیا کرے نیز اس کے علاوہ ذیل کا نقش بھی زعفران وگلاب و مشک سے بنا کر موم جامہ کر کے گلے میں پہنے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے اللہ تعالیٰ عزوجل کی رحمت خاص ہو جائے گی اور دن بدن تنگی رزق کی شکایت ختم ہو جائے گی۔

نقش:۔

دفعیہ مسان

دفعیہ مسان کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے جس وقت ڈیڑھ ماہ کا حمل ہو اس وقت اکتالیس تار کچے سوت کے کہ جس کا رنگ نیلا ہو لے کر۔ یا نانت لے کر اکتالیس بار سورۂ مزمل شریف بڑھ کر اکتالیس گرہ اس میں لگائے مگر اوّل و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے اور ہر گرہ پر دم کرتا جائے پھر اس گنڈے کو حاملہ کی کمر سے باندھ دے۔ جب درد زہ شروع ہو اس وقت گنڈہ کھول دے۔ جب بچہ پیدا ہو وہ گنڈہ بچے کے گلے میں ڈال دے اور آنحضرت ﷺ و پیران پیر کی فاتحہ دلائے۔ ہر گرہ پر دم کرتا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم وہ عورت مسان کے ضرر سے بالکل محفوظ رہے گی۔

واسطے ہلاکت دشمن

دشمن کی ہلاکت کے لئے ذیل کا عمل از حد زود اثر اور تیر بہدف ہے۔

اس مقصد کے لئے درمیان سنت اور فرض نماز ظہر و عشاء کے ساتھ روز تک ہر روز گیارہ بارہ مرتبہ سورۂ مزمل شریف بطریق مندرجہ ذیل تلاوت کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔

طریق تلاوت:۔

سورۃ شریف شروع کر کے جب ہی:۔

اَشَدُّ وَطاً وَّاَقوَمُ قِيلًا ؕ○

پر پہنچے تو کہے کہ الٰہی فلان بن فلان کو دفع کرے جب:۔

وَاصبِرْ عَلٰى مَايَقُولُونَ

پر پہنچے تو کہے کہ الٰہی فلاں بن فلان کو بند کر اور دل اس کا میری جانب رجوع کرے جب:۔

وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيلَ وَالنَّهارَ ؕ

پر پہنچے کہ الٰہی فلان بن فلان کو پراگندہ کر اور اس کی قوم کو سرگردان کر جب:۔

اِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ○ؑ

پر پہنچے تو کہے فلان بن فلان کو ہلاک کر بحق لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ۔

نوٹ: ناجائز عمل کی صورت میں خود مستوجب عذاب الٰہی ہونگے۔

ترقی رزق

کسی بھی مہم حاجت رزق کے لیے حسب ذیل طریقے سے سورۂ مزمل کی مداومت کرنے سے سب مراد حاصل ہوتے ہیں۔

سورۂ مزمل پڑھتے ہوئے جب آیت مبارکہ:۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ○

تک پڑھے تو اس کے بعد:۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

سو مرتبہ پڑھے اور جب:۔

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ع

پر پہنچے تو اس کی سو بار تکرار کرے۔

اسی طرح سورۂ مبارکہ کو تین بار پڑھے اس کے بعد:۔

يَامُغْنِىْ يَامُعْطِىْ

کو گیارہ بار پڑھے۔

اوّل و آخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے جب فارغ ہو تو سجدے میں جا کر اپنا مقصد اللہ تعالیٰ سے بیان کرے اور اگر کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنا ہو تو سجدہ میں دُعا کرتے وقت اس کی دُعا کرے۔

دُعا:۔

يَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَهٗ اِنِّىْ لِيُغْنِنِىْ فلان بن فلان مِنْ رَّحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دُعا قبول ہوگی اور مراد مطلوبہ پوری ہو جائے گی۔ رزق میں دن بدن ترقی ہوتی جائے گی۔ انتہائی مجرب اور مفید ہے۔

نوٹ:۔ اس عمل کے لیے بہترین وقت بعداز نماز تہجد ہے۔ بصورت دیگر بعداز نماز عشاء پڑھیں۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

حصول دولت و تمنا

اگر کوئی شخص یہ خواہش رکھتا ہو کہ اس کے پاس بے تحاشا دولت ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ شخص ذیل کا نقش باوضو حالت میں شرف شمس میں چاندی کے پترے پر کندہ کر کے اس پر سورۂ مزمل شریف اکتالیس بار بمعہ اوّل و آخر درود پاک ذیل اکیس، اکیس بار پڑھ کر دم کر کے اپنے پاس رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کے پاس دولت کی کمی کبھی نہ ہوگی۔ نہایت مجرب اور مفید ہے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۷۱۱۶	۱۷۱۱۹	۱۷۱۲۲	۱۷۱۰۹
۱۷۱۲۱	۱۷۱۱۰	۱۷۱۱۵	۱۷۱۲۰
۱۷۱۱۱	۱۷۱۲۴	۱۷۱۱۷	۱۷۱۱۴
۱۷۱۱۸	۱۷۱۱۳	۱۷۱۱۲	۱۷۱۲۳

			۲۷۵			
		۲۸۹		۲۸۶		
	۲۸۵		۲۸۱		۲۸۰	
۲۸۲		۲۷۶		۲۸۳		۲۹۰
	۲۸۸		۲۹۱		۲۷۸	
		۲۷۷		۲۷۹		
			۲۸۴			

محمد شبیر قادری

حل المقاصد

ہر قسم کے مقاصد کے حل کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے اُس شخص پر لازم ہے کہ وہ ساعت مشتری میں عروج ماہ کی پہلی جمعرات کو باوضو حالت میں سفید کاغذ پر زعفران وگلاب ومشک سے لکھے اور اُس کو خوشبو لگا کر اس پر سورۂ مزمل شریف اکیس بار پڑھ کر دم کرے اور پھر موم جامہ کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز اس کی برکت سے ہر جائز مقصد پورا ہوگا۔ نہایت نافع اور مفید ہے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

١٧١١٦	١٧١١٩	١٧١٢٢	١٧١٠٩
١٧١٢١	١٧١١٠	١٧١١٥	١٧١٢٠
١٧١١١	١٧١٢٤	١٧١١٧	١٧١١٤
١٧١١٨	١٧١١٣	١٧١١٢	١٧١٢٣

٥٠	٦٤	٦٠	٥٧
٦١	٥٢	٥١	٦٣
٥٥	٥٨	٦٢	٥٤
٦٥	٥٣	٥٦	٥٩

تکلیف مثانہ

مثانے میں کسی بھی قسم کی تکلیف کے ازالہ کے لیے باوضو حالت میں سورۂ مزمل شریف ایک مرتبہ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف تنجینا پڑھ کر پانی کی بوتل پر دم کر کے بنالیں اور دن میں وقفے وقفے سے دو دو گھونٹ پانی استعمال کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے مثانہ کی تکلیف رفع ہو جائے گی چند یوم کے مسلسل عمل سے پیشاب کی جملہ تکالیف کا ازالہ ہو جاتا ہے۔

بچے کا رونا اور ضد کرنا

اگر کوئی بچہ بلاوجہ روتا رہتا ہو اور بہت زیادہ ضدی ہو گیا ہو اور بلاوجہ ماں باپ کو ہر وقت پریشان کرتا رہتا ہو تو ایسے میں بچہ کا ضدی پن اور بلاوجہ رونے کی شکایت کو دور کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اُس شخص پر لازم ہے کہ وہ باوضو حالت میں سورۂ مزمل شریف ایک بار پڑھ کر دم کرے اور کسی سفید کاغذ پر یا چینی کی طشتری میں آیات مبارکہ ذیل زعفران وگلاب و مشک سے لکھ کر پانی سے دھو کر بچے کو پلائیں۔

سات یوم تک بلاناغہ اس عمل کے کرنے سے بچے کا رونا اور ضد بفضل باری تعالیٰ ختم ہو جائے گی اور پرسکون نیند سویا کرے گا اور تنگ کرنا چھوڑ دے گا۔

آیت مبارکہ:۔

وَمَا تُقَدِّمُوا لِاَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

برے ہمسائے کے شر سے بچاؤ

اگر کسی کا ہمسایہ انتہائی برا اور شر پسند ہو اور اس سے اہل محلّہ بہت زیادہ تنگ ہوں تو ایسی حالت میں لازم ہے کہ اس کی شر پسندی اور بدزبانی سے محفوظ رہنے کے لیے نماز عصر کی چار سنت غیر موکدہ ادا کرنے کے بعد تین مرتبہ سورۂ مزمل شریف بمعہ اول و آخر درود شریف تخیناً گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور پڑھتے وقت یہ تصور رکھے کہ اللہ تعالیٰ اس کی زبان بندی فرما رہے ہیں اور اس کے شر کا خاتمہ کر رہے ہیں پھر اللہ تعالیٰ اہل محلّہ کو اس کے دنگا فساد اور بدزبانی سے ہمیشہ کے لیے نجات بخش دیں گے اور وہ نیکی کے کاموں کی طرف مائل ہو جائے گا۔

سوکھے پن کا علاج

جو بچہ کسی بیماری یا آسیب کی وجہ سے سوکھ کر کانٹا ہوگیا ہو اور اسے کسی بھی شے سے آرام نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے اس شخص پر لازم ہے کہ روغن زیتون لے کر اس پر اکیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف اور اوّل و آخر درود شریف تخیناً گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس روغن زیتون کی بچے کے جسم پر اکیس روز تک مسلسل مالش کریں۔

اس عمل سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بچے کو صحت کاملہ نصیب ہوگی اور بچہ کا سوکھا پن مکمل ختم ہو کر جسم فربہی کی طرف مائل ہو جائے گا۔

فتح و کامیابی کے لیے

کسی بھی کھیل کے میدان میں یا کسی بھی جائز جھگڑے میں دشمن پر کامیابی و فتح حاصل کرنے کے لیے ذیل کا عمل نہایت مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے بعداز نماز فجر نہایت عجز و انکساری کے ساتھ گیارہ مرتبہ سورۂ

مزمل شریف اور اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک ذیل پڑھے اس کے بعد گڑگڑا کر خدا کے حضور ذیل کی دُعا مانگے۔

دُعا گیارہ بار پڑھے اور تصور میں اپنے مقصد کو پیش نظر رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مقصد مطلوبہ میں خداوند کریم کے فضل وکرم سے کامیابی و کامرانی نصیب ہوگی۔

دُعا:۔

يَاقَاضِيَ الْحَاجَاتِ يَاكَافِيُ الْمُهِمَّاتِ يَارَافِعَ الدَّرَجَاتِ يَادَافِعَ الْبَلِيَّاتِ يَامُفَتِّحِ الْاَبْوَابِ يَاشَافِيَ الْاَمْرَاضِ يَاحَلِ الْمُشْكَلَاتِ يَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ يَامُجِيْبَ الدَّعْوَاتِ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥ اٰمِيْنَ ط

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

برائے حب

اگر کسی کے دل میں محبت پیدا کرنی ہو یا کہنا نہ ماننے والی اولاد کے دل میں محبت و اطاعت پیدا کرنی ہو تو ذیل کا عمل اس کے لیے بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے چینی، شہد، کھجور، کشمش، بادام، ناریل اور دودھ یہ سات اشیاء ہم وزن لے کر ان پر باری باری سات مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر دم کریں اور بعد میں ان کو باہمی ملا کر ان کو پکائیں اور پکوان مطلوب کو کھلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے اس کے دل میں محبت و الفت اور

فرمانبرداری پیدا ہو جائے گی اور عمل کرنے والے کی ہر بات کو مانے گا اور تابعداری کرے گا' یہی عمل دو بھائیوں کے درمیان نفرت کو دور کرنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

سوکنوں کی لڑائی

اگر کسی شخص کی دو بیویاں باہم ایک جگہ رہتی ہوں اور ہر وقت بات بات پر آپس میں لڑتی رہتی ہوں اور اس وجہ سے گھر کا سکون ہر وقت برباد رہتا ہو اور ایسا شخص اس وجہ سے ابتلاء میں مبتلا رہتا ہو تو اس کے لیے لازم ہے کہ ان کے درمیان باہمی محبت و یگانگت و الفت کے لیے ذیل کا عمل کرے جو اس مقصد کے لیے بے حد فائدہ مند اور نفع بخش ہے۔

کسی سفید کاغذ یا چینی کی بڑی پلیٹ پر زعفران وگلاب و مشک سے سورۂ مزمل شریف باوضو حالت میں لکھے اور اس کو پانی سے دھو کر اس پانی سے مکئی کا آٹا گوندھے اور اس میں شکر ملائے اور اس کی روٹی پکا کر دونوں بیویوں کو کھلا دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ان کے درمیان بے مثال محبت و یگانگت پیدا ہو جائے گی۔ ناچاقی کا خاتمہ ہو کر گھر کی ہر وقت کی کشیدگی راحت و آرام میں بدل جائے گی اور بقیہ زندگی امن و سکون سے گزرے گی۔

عذاب قبر سے نجات

اگر کوئی یہ چاہے کہ مرنے کے بعد وہ عذاب قبر سے محفوظ و مامون رہے اور اللہ تعالیٰ عزوجل اسے اپنی رحمت سے بخش دے تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل شریف اور اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود پاک ذیل کا ورد رکھے اور اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دعا مانگتا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے عذاب قبر سے نجات پا جائے گا اور اللہ تعالیٰ عزوجل اس عمل کے طفیل اسے بخش دیں گے۔

درود پاک:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَنْ تَصَلِّیَ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِo

امتحان میں کامیابی

امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی کے لیے اپنی پڑھائی پر مکمل توجہ دیتے ہوئے آیت مبارکہ ذیل کا عمل ان دنوں میں ہر روز بوقت نصف شب باوضو حالت میں اکتالیس بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے اور اس آیت کا نقش پہلے روز زعفران وگلاب و مشک یا سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھ کر اوپر اسی آیت مبارکہ کا دم بھی کرے اور موم جامہ کر کے سیدھے بازو پر باندھیں۔ پڑھائی کا عمل تااختتام امتحان جاری رکھیں۔ امتحان میں کامیابی کے بعد اس نقش کو اتار کر دریا میں بہادیں اور حسب توفیق شیرینی بطور نیاز ہدیۃ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں پیش کر کے بچوں میں تقسیم کر دے اور شکرانے کے دو نوافل بھی ادا کرے۔

آیت مبارکہ:۔

عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْہُ فَتَابَ عَلَیْکُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ط

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۷۶۴	۷۷۰	۷۶۲	۷۷۶
۷۶۳	۷۷۵	۷۶۵	۷۶۹
۷۷۴	۷۶۰	۷۷۲	۷۶۶
۷۷۱	۷۶۷	۷۷۳	۷۶۱

رنج و غم سے نجات

اگر کسی بھی دکھ، تکلیف کے باعث حالت دل و دماغ خراب ہو اور رنج و غم شدید تر ہو یا صدمہ بے انتہا ہوگیا ہو اور حالت کسی بھی طرح نہ سنبھلتی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل اختیار کرے جو اس تکلیف اور دُکھ سے نجات کے لیے بے حد اکسیر اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لیے ہر روز بعداز نماز عشاء پانچ مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر سجدہ میں جائے اور سو مرتبہ ذیل کے اسمائے حسنیٰ کا ورد کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات یوم کے اندر اندر اس عمل سے قلبی سکون پیدا ہو گا اور غم و رنج کی مکمل علامات رفع ہو جائیں گی۔

اسمائے حسنیٰ:۔

يَااَللّٰهُ يَارَحۡمٰنُ يَاحَيُّ يَاقَيُّوۡمُ

غربت و افلاس سے نجات

غربت و افلاس دور کرنے اور معاشی بدحالی کو درست کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے ہر روز بعد نماز ظہر دو رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھے اور بعداز سلام پھیرنے کے نہایت صمیم قلب سے اکیس مرتبہ درود پاک تاج پڑھے پھر سات مرتبہ سورۂ مزمل شریف اور بعد میں پھر اکیس مرتبہ درود پاک تاج پڑھ کر ایک سو ایک مرتبہ ذیل کی دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے اس کی غربت و افلاس دور ہوجائے گی اور معاشی بدحالی سے بفضل باری تعالیٰ نجات مل جائے گی۔ عمل چالیس یوم تک بلاناغہ کرے۔ انتہائی مجرب اور مفید ہے۔

دُعا:۔

اَللّٰھُمَّ مَا عَلِمْتَ مَنْ عَمِلَ فِیْ ھٰذِہِ السَّنَۃِ مَا نَھَیْتَنِیْ عَنْہُ وَلَمْ تَرْضٰی وَنَسِیَۃِ وَلَمْ تَنْسَہٗ وَعَلِمْتَ عَنِّیْ بِقُدْرَتِكَ عَلٰی عَقُوْبَتِیْ وَدَعْوَتِیْ اِلٰی التَّوْبَۃِ بَعْدَ حَرَمِیْ عَلَیْكَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ فَاسْتَغْفِرُبِكَ فِیْھَا یَاغَفُوْرُ فَاغْفِرْلِیْ وَمَا عَلِمْتَ مَنْ عَمِلَ تَرْضَاہُ عَنِّیْ وَوَعَدْتَنِیْ التَّوَّابَ فَتَقَبَّلْہٗ مِنِّیْ وَلَا تَقْطَعُ رَجَائِیْ یَاعَظِیْمَ الرَّجَاءِ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ ھٰذِہِ السَّنَۃِ ط

تہجد کی نماز کے لیے اٹھنا

جو شخص اگر ذیل کی آیات مبارکہ کا سات مرتبہ ورد سوتے وقت ہر روز کرے گا۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم وہ تہجد کی نماز کے وقت خود بخود اٹھ جایا کرے گا۔

آیات مبارکہ:۔

یٰاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ۙ نِّصْفَهٗۤ اَوِانْقُصْ مِنْهُ قَلِیْلًا ۙ اَوْزِدْ عَلَیْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ؕ اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا ۔ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیْلِ هِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِیْلًا ؕ

نامردی کا علاج

جو کوئی نامردی کا شکار ہو اور قوت باہ انتہائی پتلی اور ریلی نہ ہو اور عورت کے آگے شرمسار ہوتا ہو تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ ہر روز بعداز نماز عشاء باوضو حالت میں آیت مبارکہ:۔

اِنَّ لَكَ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا ؕ

ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور اس کا پانی بنا لے اور چوبیس گھنٹوں میں تھوڑا تھوڑا کر کے اس پانی کو استعمال کرے۔

چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس موذی مرض سے ہمیشہ کے لیے نجات مل جائے گی اور قوت باہ میں گاڑھا پن اور عجیب تاثیر والی قوت پیدا ہو جائے گی اور عورت کے سامنے شرمسار نہیں ہونا پڑے گا۔

نیز ذیل کا نقش بھی زعفران وگلاب و مشک سے سفید کاغذ پر بنا کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔

نقش:۔

درختوں کی حفاظت

جس کے باغ کے پھلدار پودے اور درخت کیڑے مکوڑوں کا شکار ہو گئے ہوں اور باوجود ادویات چھڑکنے کے کیڑے مکوڑوں سے نجات نہ ملتی ہو تو ایسے میں باغ کے پھلدار پودے اور درختوں کو کیڑے مکوڑوں سے نجات حاصل کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے وہ شخص بعداز نماز فجر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ کے اتنے ٹکڑوں پر ذیل کی آیت مبارکہ کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے لکھ کر گتے پر چسپاں کر کے ہر درخت پر ایک ایک نقش لٹکا دے تمام نقشوں پر ایک ایک بارسورۂ مزمل شریف بھی پڑھ کر دم کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کے تمام درخت ہر قسم کے کیڑوں مکوڑوں اور خرابیوں سے پاک ہو جائیں گے اور آئندہ کے لیے بالکل محفوظ ہو جائیں گے' ان درختوں پر پھل بھی پہلے سے زیادہ لگیں گے اور ہر قسم کی قدرتی آفات سے بچے رہیں گے۔

نقش:۔

تنگی و برہنگی لباس کا خاتمہ

جو کوئی فقر و فاقہ کے ہاتھوں اس حد تک مجبور ہو گیا ہو کہ اس کو لباس بھی تن ڈھانپنے کے لئے نصیب نہ ہوتا ہو تو ایسے میں عطیہ روحانی سید شمس الدین سیالوی چشتی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ بے حد نافع اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے اس انسان کو روزانہ بعداز نماز فجر سورۂ مزمل اور سورۂ مدثر طریق ذیل سے پڑھنا چاہیے اور اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر دعا مانگنی چاہیے' اس کے علاوہ نقش ذیل زعفران و گلاب سے روز گیارہ عدد تیار کر لے اور ان نقوش کو آٹے کی گولیوں میں بند کر کے دریا یا نہر کے اندر ایسی جگہ ڈالے جہاں مچھلیاں عام ہو' بہ امر مجبوری ان کو بہتے پانی میں اس تصور کے ساتھ ڈالے کہ میں مچھلیوں کے آگے ڈال رہا ہوں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے عمل سے مراد برآئے گی اور فقر و فاقہ

کی تنگی و برہنگی لباس کا مسئلہ ختم ہو جائے گا' اگر اس عمل کو ایک سو بیس یوم تک کر لیا جائے تو پھر کبھی بھی زندگی بھر فاقہ مستی اور برہنگیِ لباس کا سامنا نہ کرنا پڑے گا' دولت کی ریل پیل ہو جائے گی۔

ترکیب تلاوت سورۂ مزمل:۔

☆ اول وآخر درود شریف تاج (دس مرتبہ)

☆ آیت الکرسی (تین مرتبہ)

☆ **اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْهِ** (دس مرتبہ)

☆ سورۂ مزمل شروع کریں اور آیت مبارکہ:۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا

کی تکرار تین مرتبہ کرنے کے بعد اسی آیت کے ساتھ لفظ یا ملا کر تین مرتبہ پڑھیں' پھر آگے چل کر آیت مبارکہ:۔

وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

کی تکرار تین مرتبہ پڑھ کر:۔

یَامَنْ یُّقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ قَدِّرْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ اَنَّكَ قَادِر" وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر"

تین بار پڑھے' پھر آیت مبارکہ:۔

یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ

کی تکرار تین مرتبہ کر کے دعا۔

اَللّٰهُمَّ مِنْ فَضْلِكَ ابْتَغَيْتُ وَمِنْ فَضْلِكَ

اَرْجِيْ فَلَا تَحَيْتِيْ يَاذَاالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

تین مرتبہ پڑھے اور پھر سورۂ ختم کر لے۔

تلاوت سورۂ مدثر:۔

☆ سورۂ فاتحہ (سات مرتبہ) جس میں آیت مبارکہ:۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

کی تکرار ہر مرتبہ سترہ سترہ مرتبہ کریں۔

☆ اب سورۂ مدثر شروع کریں اور:۔

يَآاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ه قُمْ فَاَنْذِرْ

کی تکرار سات مرتبہ کریں' آگے سورۃ پڑھیں جب آیت مبارکہ:۔

فَقَالَ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ه اِنْ هٰذَآ

اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ

کی تکرار تین مرتبہ کریں' آگے آیت مبارکہ:۔

وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

کی تکرار سات مرتبہ کریں' آگے آیت مبارکہ:۔

فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِيْنَ

کی تکرار گیارہ مرتبہ کریں اور پھر سورۃ ختم کر لیں۔

اب تین مرتبہ:۔

وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

پڑھے پھر:۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ

اَلْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ

تین مرتبہ پڑھ کر پھر دعائے ذیل تین تین مرتبہ مانگیں۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الباسط — الرزاق

یٰۤاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ — یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ

۳۲۱۷۰	۳۲۱۷۷	۳۲۱۵۲	۳۲۱۵۸	۳۲۱۶۴
۳۲۱۵۳	۳۲۱۵۹	۳۲۱۶۵	۳۲۱۷۱	۳۲۱۷۳
۳۲۱۶۶	۳۲۱۶۷	۳۲۱۷۴	۳۲۱۵۴	۳۲۱۶۰
۳۲۱۷۵	۳۲۱۵۵	۳۲۱۶۱	۳۲۱۶۲	۳۲۱۶۸
۳۲۱۵۷	۳۲۱۶۳	۳۲۱۶۹	۳۲۱۷۶	۳۲۱۵۶

حبیب — رحیم

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَکِیْلًا

دعا:۔

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذِالسُّوَرِ الشَّرِیْفَةِ الْمُزَّمِّلِ وَالْمُدَّثِّرِ الْعَظِیْمَةِ وَاَسْئَلُكَ بِحَقِّ اَسْمَآئِكَ الشَّرِیْفَةِ الْعِظَامُ یَاظَهِیْرُ یَاعَظِیْمُ یَاسَتَّارِ اَیْشُ یَاسَمِیْعُ

يَاصَعْيَسْ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ سَمِّيْتَهٗ فِىْ كِتَابِكَ الْعَزِيْزِ يَآاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ وَالْمُدَّثِّرُ اَنْ تَزْمِنِىْ عَنْ عُيُوْنِ النَّاظِرِيْنَ وَالطَّاغِيْنَ وَالْحَاسِدِيْنَ مِنْ اَعْدَآئِكَ وَاَعْدَائِىْ بِرَحْمَتِكَ يَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

سحر و جادو کا توڑ

سحر و جادو کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل بھی بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بروز اتوار شرف شمس میں باوضو حالت میں سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے سورۂ مزمل شریف مکمل تحریر کریں۔ اور اس کے گردا گرد آیت الکرسیٔ سورۂ فاتحہ بھی لکھیں۔

اور نیچے درود پاک ذیل تحریر کریں۔

ایک بوتل میں پانی لے کر اس میں اس نقش کو ڈال دیں اور اس میں سے پانی پانچ گھونٹ روزانہ صبح نہار منہ درود پاک ذیل پانچ مرتبہ پڑھتے ہوئے اور رات کو سوتے وقت پانچ مرتبہ یہی درود پاک پڑھتے ہوئے پی لیں اور چلو بھر پانی لے کر اپنے چہرے اور اپنے سینے، گردن اور کانوں کے اندر لگائیں، اس بوتل کا پانی ہفتہ بھر استعمال کریں۔

اگلی اتوار کو پھر تازہ نقش بنالیں اور اسے ہفتہ بھر استعمال کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین مرتبہ کے مسلسل عمل سے ہر قسم کے سحر و جادو، سفلی علم وغیرہ سے نجات مل جائے گی۔ (اجازت ہے)

درود پاک:۔

مَنْ صَلّٰى عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَعَلٰى جَسَدِهٖ فِى الْاَجْسَادِ وَعَلٰى قَبْرِهٖ فِى الْقُبُوْرِ جَزَى

جَزَى اللهُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا هُوَ اَهْلُهٗ

ہیروئن اور دیگر نشہ جات چھڑانے کا عمل

ہیروئن اور دیگر نشہ جات شراب' گانجہ' چرس وغیرہ وغیرہ عادی شخص سے چھڑوانے کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے نوچندی سوموار سے اس عمل کو شروع کریں ہفتے میں سوموار' جمعرات اور جمعہ کی رات کو بعداز نماز عشاء تھوڑی سی مٹھائی یا پانی پر:۔

☆ اول و آخر درود شریف ذیل اکیس اکیس مرتبہ

☆ سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ

☆ سورۂ اخلاص اکتالیس مرتبہ

☆ سورۂ جمعہ تین مرتبہ

☆ سورۂ رحمان تین مرتبہ

☆ سورۂ مزمل شریف تین مرتبہ

پڑھ کر دم کریں اور اس مٹھائی یا پانی کو نشے کے عادی شخص کو اس وقت کھلا یا پلا دیں جب وہ نشے میں نہ ہو۔

اس عمل کو نوے دن تک ہر ہفتہ میں تین دن مسلسل جاری رکھنے سے مقصود حاصل ہو جائے گا اور نشئی آدمی ہمیشہ کے لئے نشہ سے توبہ کر لے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

قید سے رہائی

اگر کوئی شخص کسی جھوٹے الزام میں گرفتار ہو کر جیل چلا جائے اور رہائی کی کوئی بھی شکل نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں جیل سے رہائی حاصل کرنے کے لئے ذیل کا عمل ازحد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے عروج ماہ میں جمعرات کے دن سے شروع کرے اشراق کے بعد دو رکعت نماز پڑھے' بعد سلام کے سو بار درود شریف پڑھ کر تیں بار سورۂ مزمل شریف پڑھے' بعد از سلام کے سو بار درود پاک پڑھ کر دُعا کرے' چند روز تک یہی عمل کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ضرور قید سے رہائی ہوگی۔ اثنائے عمل میں کسی سے بات چیت نہ کرے۔

سحری بندش رشتہ

سحری بندش رشتہ کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر شرف قمر میں تیار کریں اس کو خوشبو لگا کر لیمینیشن کر کے اپنے پاس رکھیں یا بچے یا بچی کے گلے میں ڈال دیں۔

بعدازاں روزانہ بعداز نماز عشاء:۔

- ☆ اول وآخر درود شریف تنجینا (اکتالیس' اکتالیس مرتبہ)
- ☆ سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف (اکتالیس مرتبہ)
- ☆ سورۂ مزمل (تین مرتبہ)
- ☆ سورۂ رحمان (تین مرتبہ)
- ☆ سورۂ جمعہ (تین مرتبہ)
- ☆ سورۂ اخلاص (اکیس مرتبہ)

پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد رشتے آنے شروع ہو جائیں گے، بہرحال اکتالیس یوم تک اس عمل کو جاری رکھیں اور دوران عمل کسی سے بھی گفتگو کرنے سے اجتناب برتیں۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۳۷۳۶۰	۳۷۴۰۹	۳۷۴۰۱	۳۷۳۹۳	۳۷۳۸۵	۳۷۳۷۶	۳۷۳۶۸
۳۷۳۷۷	۳۷۳۶۹	۳۷۳۶۱	۳۷۴۰۳	۳۷۴۰۲	۳۷۳۹۴	۴۷۳۸۶
۳۷۳۹۵	۳۷۳۸۷	۳۷۳۷۸	۳۷۳۷۰	۳۷۳۶۲	۳۷۴۰۴	۳۷۳۹۶
۳۷۴۰۵	۳۷۳۹۷	۳۷۳۸۹	۳۷۳۸۸	۳۷۳۹۹	۳۷۳۷۱	۳۷۳۷۳
۲۷۳۷۲	۳۷۳۶۴	۳۷۴۰۶	۳۷۳۹۸	۳۷۳۲۰	۳۷۳۸۴	۳۷۳۸۰
۳۷۳۸۳	۳۷۳۷۴	۳۷۳۷۳	۳۷۳۶۵	۳۷۴۰۷	۳۷۳۹۹	۳۷۳۹۱
۳۷۴۰۰	۳۷۳۹۲	۳۷۳۴۸	۳۷۳۷۵	۳۷۳۷۶	۳۷۳۶۶	۳۷۴۰۸

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ

فالج میں شفاء کے لئے

فالج اور لقوہ میں مبتلا مریض کو شفایاب کرنے کی غرض سے چند اشخاص جو نیک و صاحب کردار ہوں باوضو حالت میں پاک صاف جگہ پر بیٹھیں اول وآخر ایک سو مرتبہ

درود پاک پڑھیں، درمیان میں اکتالیس بار سورۂ یٰسین شریف، سورۂ مزمل اور اکتالیس بار ہی سورۂ جمعہ پڑھیں اور خالص عرق وگلاب پر دم کر کے مریض جو دوا استعمال کر رہا ہے اُس میں خوب اچھی طرح ملا کر مریض کو دوا پلا دیں، اس کے علاوہ اس کے تمام جسم پر ملیں جہاں مرض کے اثرات ہوں، سات یوم تک ہر روز اسی طرح کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات یوم میں شفائے کاملہ نصیب ہوگی اور مرض جاتا رہے گا، مگر ہر روز یہ عمل باقاعدگی سے کیا جائے اور ہر روز تعداد کے مطابق پڑھائی کی جائے اور ہر روز نئے عرق گلاب پر دم کیا جائے۔

بفضل باری تعالیٰ فالج اور لقوہ کا مرض اللہ تعالیٰ کے پاک کلام کی برکت سے رفع ہو جاتا ہے اور مریض کو صحت حاصل ہو جاتی ہے۔

ہر بیماری سے شفاء کا نقش معظم

ہمہ اقسام کی بیماریوں کے لئے ذیل کا نقش معظم عطیہ روحانی سید ابوداؤد کرمانی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ازحد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے اس نقش کو بعداز نماز فجر قبل از طلوع آفتاب چاندی کی لوح پر کندہ کروا کر اس پر:۔

☆ اول وآخر درود شریف شفاء ایک سو ایک مرتبہ

☆ سورۂ حٰم السجدہ سات مرتبہ

☆ سورۂ یٰسین شریف سات مرتبہ

☆ سورۂ حجرات تین مرتبہ

☆ سورۂ مزمل گیارہ مرتبہ

پڑھ کر دم کر کے اپنے پاس محفوظ کر لیں۔

جب بھی کوئی فرد بیمار ہو اس کے لئے اس نقش کو کسی چینی کے پیالے میں پانی اور عرق گاؤزبان میں بھگو دیں، چینی کے پیالے میں سب سے پہلے باوضو حالت میں ذیل

کے کلمات زعفران وگلاب و مشک سے لکھ لیں۔ نقش ایک گھنٹہ بھیگا رہے اس کے بعد نقش کو نکال کر حفاظت سے سنبھال لیں اور اس پانی کو مریض دن میں پانچ مرتبہ پی لے۔ زیادہ سے زیادہ تین یوم میں بیماری سے نجات مل جائے گی'البتہ! شدیداور لاعلاج مرض کے لئے اس عمل کو گیارہ سے اکیس یوم تک جاری رکھیں' پانی روزانہ بنانا ہے اور نقش کا ہدیہ ایک سو اکیاون روپیہ فقراء میں تقسیم کر دیں۔ بعداز نماز شفاء کاملہ نیاز حضور غوث الاعظم رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ دلوا کر تقسیم کر دیں۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰسٓ بحق یٰسٓ والقرآن الحکیم

۶۴۴۴۸ ۶۶۱۸۸ ۶۰۶۹۳ ۲۲۲۷۲	۶۴۴۵۱ ۶۶۱۹۱ ۶۰۶۹۶ ۲۲۲۷۶	۶۴۴۵۴ ۶۶۱۹۴ ۶۰۶۹۹ ۲۲۲۷۹	۶۴۴۴۱ ۶۶۱۸۱ ۶۰۶۸۵ ۲۲۲۶۵
۶۴۴۵۳ ۶۶۱۹۳ ۶۰۶۹۸ ۲۲۲۷۸	۶۴۴۴۲ ۶۶۱۸۲ ۶۰۶۸۶ ۲۲۲۶۶	۶۴۴۴۷ ۶۶۱۸۷ ۶۰۶۹۲ ۲۲۲۷۱	۶۴۴۵۲ ۶۶۱۹۲ ۶۰۶۹۷ ۲۲۲۷۷
۶۴۴۴۳ ۶۶۱۸۳ ۶۰۶۸۷ ۲۲۲۶۷	۶۴۴۵۶ ۶۶۱۹۶ ۶۰۷۰۱ ۲۲۲۸۱	۶۴۴۴۹ ۶۶۱۸۹ ۶۰۶۹۳ ۲۲۲۷۴	۶۴۴۴۶ ۶۶۱۸۶ ۶۰۶۹۱ ۲۲۲۷۰
۶۴۴۵۰ ۶۶۱۹۰ ۶۰۶۹۵ ۲۲۲۷۵	۶۴۴۴۵ ۶۶۱۸۵ ۶۰۶۹۰ ۲۲۲۶۹	۶۴۴۴۴ ۶۶۱۸۴ ۶۰۶۸۸ ۲۲۲۶۸	۶۴۴۵۵ ۶۶۱۹۵ ۶۰۷۰۰ ۲۲۲۸۰

یٰسٓ بحق یٰسٓ والقرآن الحکیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَاوَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِوَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَا ئِقَ

محمد شبیر قادری

الفاظ:۔

یَااَللّٰہُ یَاشَافِیُ یَامُحَمَّدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○ شَفَاءُ لَکَ بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ○ مُزَّمِّلٌ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَبِحَقِّ حٰمٓ ○ حٰمٓ ○ حٰمٓ ○

علاج سحر لقوہ

اس سحر کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور کارگر ہے۔

(۱)۔ سورۂ یٰسین شریف، سورۂ مزمل اور سورۂ جمعہ اکتالیس اکتالیس مرتبہ اول و آخر درود پاک ذیل اکتالیس مرتبہ پڑھ کر گل قند پر باوضو حالت میں بعداز نماز ظہر دم کریں اور اس گل قند کو مریض روزانہ صبح نہار منہ کھائے، اس کے علاوہ انہی سورہ ہائے مبارکہ کا اسی تعداد میں پڑھ کر پانی بھی بنا کر مریض کو صبح و شام اور رات کو سوتے وقت:۔

بسم اللّٰہ شافی رد سحر لقوہ، بحرمۃ ایں سورۂ ہائے مبارکہ یا شافی

کہہ کر پلایا کریں۔

(۲)۔ کلونجی کے تیل پر انہی سورہ ہائے مبارکہ اور درود پاک کے ساتھ آیت الکرسی بھی اکتالیس، اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور صبح و شام اس تیل کی متاثرہ حصے پر مالش کریں۔

(۳)۔ ذیل کا نقش مبارک باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر بعداز نماز عصر زعفران وگلاب و مشک سے بنائیں اور فقراء میں گیارہ روپیہ خیرات

تقسیم کر کے مریض کے گلے یا بازو پر باندھیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس سحر سے اکیس یوم کے مسلسل عمل سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔

نقش:۔

سامنے کی طرف:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلۡمَلِکُ الۡقُدُّوۡسُ الۡعَزِيۡزُ الۡحَکِيۡمُ

۵۵۳۴۵	۵۵۳۵۹	۵۵۳۵۵	۵۵۳۵۲
۵۵۳۵۶	۵۵۳۵۱	۵۵۳۴۶	۵۵۳۵۸
۵۵۳۵۰	۵۵۳۵۳	۵۵۳۶۱	۵۵۳۴۷
۵۵۳۶۰	۵۵۳۴۸	۵۵۳۴۹	۵۵۳۵۴

يٰۤاَيُّهَا الۡمُزَّمِّلُ

يٰسٓ ۚ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِيۡمِ ۙ

پشت کی طرف:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

تَنۡزِيۡلُ الۡقُرۡاٰنِ

۴۷۷۵ع۶۶۶	۴۷۷۰ع۶۶۶	۴۷۷۷ع۶۶۶
۴۷۷۶ع۶۶۶	۴۷۷۴ع۶۶۶	۴۷۷۲ع۶۶۶
۴۷۷۱ع۶۶۶	۴۷۷۸ع۶۶۶	۴۷۷۳ع۶۶۶

قُلۡ هُوَ لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا هُدًى وَّشِفَآءٌ

وَمَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

حصول روزگار

فراخی رزق اور روزگار کے حصول کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اکسیر اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز عشاء اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل گیارہ مرتبہ اور اسم الٰہی "یَامُغْنِیُّ" گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دعا مانگا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے اندر اندر مقصود حاصل ہوگا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِيْلَتِىْ اَدْرِكْنِىْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ

تسخیر القلوب

تسخیر القلوب کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے اس سے مخلوق خدا میں عزت و وقار اور کشش خاص پیدا ہوتی ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے نقش کو بعداز نماز عصر زعفران وگلاب ومشک سے سفید پارچہ ریشمی پر تحریر کریں، خوشبو لگائیں اور اس پر ذیل کی آیات مبارکہ و سورۂ ہائے مبارکہ کو سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں، اول وآخر درود شریف ذیل بھی سات مرتبہ پڑھیں، موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالیں یا سیدھے بازو پر باندھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بفضلِ باری تعالیٰ چند یوم میں مخلوق خدا اور حکام میں خاص کشش، توقیر وعزت پائیں گے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِکَ

☆ آیت الکرسی

☆ حروف مقطعات

الٓمّٓ ○ الٓمّٓصٓ ○ الٓرٰ ○ الٓمّٓرٰ ○ کٓھٰیٰعٓصٓ ○ طٰہٰ ○ طٰسٓمّٓ ○ طٰسٓ ○ یٰسٓ ○ صٓ ○ حٰمٓ ○ عٓسٓقٓ ○ قٓ ○ نٓ ○

☆ ہفت سلام

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○ سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ○ سَلَامٌ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ ○ سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھَارُوْنَ ○ سَلَامٌ عَلٰٓی اِلْیَاسِیْنَ ○ سَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ○ سَلَامٌ عَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ

☆ سورۂ آل عمران کی آیات مبارکہ:۔

قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ

تَشَآءُ ط بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْر'' ٥
تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِى
الَّيْلِ ط وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ
مِنَ الْحَيِّ ز وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ٥

☆ سورۂ یوسف
☆ سورۂ الفتح
☆ سورۂ قٓ
☆ سورۂ الشمس
☆ سورۂ مزمل
☆ سورۂ جن
☆ سورۂ چہار قل

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۸ع ۲۱۷ع	۱ع۲۱۷ع	۶ع۲۱۷ع
۳ع۲۱۷ع	۵ع۲۱۷ع	۷ع۲۱۷ع
۴ع۲۱۷ع	۹ع۲۱۷ع	۲ع۲۱۷ع

مفاتیح القلوب

جو کوئی بھی اس بات کا خواہاں ہو کہ لوگوں کے دل اس کے لئے مسخر ہو جائیں اور اسے مخلوق خدا میں عزت و وقار نصیب ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور

نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش بعداز نماز فجر سفید ریشمی پارچہ پر مشک' زعفران و گلاب سے تحریر کر کے اس پر خوشبو لگائیں اور اس پر آیات و سورۂ ہائے مبارکہ ذیل کا سات' سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں' اسے موم جامہ کر کے گلے میں باندھیں یا سیدھے بازو پر باندھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بفضلہٖ تعالیٰ چند یوم کے اندر اندر لوگوں کے دلوں میں اپنے لئے محبت وعزت اور توقیر بے پناہ پائیں گے۔

آیات وسورہ ہائے مبارکہ:۔

- ☆ حروف مقطعات
- ☆ سات سلام
- ☆ آیت الکرسی
- ☆ سورہ آل عمران کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ○ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّيْلِ ؗ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَیِّ ؗ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○

- ☆ سورۂ جن
- ☆ سورۂ مزمل
- ☆ سورۂ یوسف
- ☆ سورۃ الشمس

☆ سورۃ الفتح

☆ سورۂ قٓ

☆ سورۂ چہار قل

نقش:۔

[illegible]

قیوم	قائم	قادر	قدیر	قهار	قاهر	قوی	قدیم	قدوس	قریب
قائم	قادر	قدیر	قهار	قاهر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم
قادر	قدیر	قهار	قاهر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم
قدیر	قهار	قاهر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قادر
قهار	قاهر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قادر	قدیر
قاهر	قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قادر	قدیر	قهار
قوی	قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قادر	قدیر	قهار	قاهر
قدیم	قدوس	قریب	قیوم	قائم	قادر	قدیر	قهار	قاهر	قوی
قدوس	قریب	قیوم	قائم	قادر	قدیر	قهار	قاهر	قوی	قدیم
قریب	قیوم	قائم	قادر	قدیر	قهار	قاهر	قوی	قدیم	قدوس

بسم الله الرحمن الرحيم ○ وهو القاهر فوق عباده ويرسل عليكم حفظة حتى اذا جاء احدكم الموت توفته رسلنا وهم لا يفرطون [illegible]

[illegible]

حصول قرب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

قرب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ذیل کا عمل از حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بطور مداومت کے نماز مغرب کے بعد دو رکعت نماز پڑھے۔ رکعت اوّل میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ مزمل شریف اکیس بار اور رکعت دوئم میں

بیس بار پڑھے، بعد سلام کے ثواب اس کا آنحضرت ﷺ کی روح مبارک کو ہدیہ کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند روز میں عجیب برکت پیدا ہوگی۔

علاج سحر و جادو

سحر اور جادو سے حفاظت کے لئے ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے مریض کے پاؤں کے ناخن سے لے کر سر تک نیلے رنگ کے سوتی دھاگہ کو ماپیں، پھر اس پر باوضو حالت میں سات مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْاَنْوَارِ وَالْاَسْرَارِ وَکَاشِفِ الْاَسْتَارِ وَکَاشِفِ الْاَسْرَارِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَانُوْرَ الْاَنْوَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَامَعْدِنَ الْاَسْرَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاکَاشِفَ الْاَسْتَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاکَاشِفَ الْاَسْرَارِ اِکْشِفْ عَیْنِیْ

پڑھیں اور دم کریں۔

اب مریض کے جسم پر اس کو پھیریں اور پھر اس دھاگے کی پیائش کریں۔

1:۔ اگر دھاگہ چھوٹا ہو جائے تو سحر ہے۔

2:۔ اگر دھاگہ بڑھ جائے تو آثار ہوائیہ اور آسیب، جن، بھوت، پری ہے۔

3:۔ اگر دھاگہ کی پیائش یکساں رہے تو امراض جسمانیہ میں مریض مبتلا ہے۔

سخت ترین سفلی اعمال کا توڑ

سخت ترین سفلی اعمال کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا

درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز فجر باوضو حالت میں سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے ذیل کے دو عدد نقش معظم بنائیں اور اس پر ذیل کی سورۂ ہائے مبارکہ اور درود بہ تعداد ذیل پڑھ کر دم کریں اور ایک نقش کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے گلے میں پہنیں اور دوسرا نقش کسی پانی والی بوتل میں حل کر لیں، روزانہ صبح وشام اس پانی کو نہ صرف پی لیں بلکہ مطلوبہ جگہ تکلیف پر اس پانی سے ہاتھ تر کر کے پھیریں۔

نقش کا ہدیہ مبلغ ایک صد ایک روپیہ راہ الٰہی میں خیرات کر دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد تمام اعمال خبیثہ اور کارستانی جنات وموکلین سے مکمل آرام وشفاء حاصل ہوگی اور کوئی بھی شے کبھی بھی تنگ نہ کر پائے گی اور نہ ہی کسی بھی قسم کی تکلیف پہنچا پائے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّجَهْرًا ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْمُصِیْبَةِ وَالْخَنَّاسِ یَامُحَمَّدُ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا دَائِمًا دَائِمًا اَبَداً اَبَداً

سورۂ مبارکہ:۔

☆	سورۃ البقرہ	=	ایک مرتبہ
☆	سورۂ کہف	=	تین مرتبہ
☆	سورۂ طٰہٰ	=	سات مرتبہ

☆	سورۂ مزمل	=	سات مرتبہ
☆	سورۂ جن	=	گیارہ مرتبہ
☆	سورۂ ہائے چہار قُل	=	گیارۂ گیارہ مرتبہ

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الرَّحۡمٰنُ عَلَی الۡعَرۡشِ اسۡتَوٰی ہ لَہٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ

وَمَافِی الۡاَرۡضِ وَمَا بَیۡنَھُمَا وَمَا تَحۡتَ الثَّرٰی

طٰہٰ طٰہٰ طٰہٰ طٰہٰ طٰہٰ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّجَھۡرًا

دَافِعِ الۡبَلَاءِ وَالۡوَبَاءِ وَالۡمُصِیۡبَۃ" وَالۡخَنَّاسِ

حصول نظر رحمت الٰہی

رحمت الٰہی کے خواہاں حضرات کے لئے ذیل کا عمل موثر اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز ظہر کے ایک بار سورۂ مزمل شریف پڑھ کر ایک بار ذیل کی دُعا پڑھے۔انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم باری تعالیٰ عرش معلےٰ سے اس پر رحمت کی نظر ڈالیں گے۔

دُعا:۔

یَامُسَبِّبُ سَبَبًا یَا مُفْلِحُ اَفْلِحْ یَامُفَرِّجُ فَرِّجْ یَامُسَهِّلُ سَهِّلْ یَامُیَسِّرُ یَسِّرْ یَامُعَمِّمُ عَمِّمْ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ط

دفعیۂ سفلی و شیطانی ارواح خبیثہ

ذیل کا عمل سفلی وشیطانی ارواح خبیثہ کے دفعیہ کے لئے بے حد نفع بخش اور کارگر ہے۔

(i):۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں ذیل کے اکیس عدد فتیلے اس سیاہ روشنائی سے بنائیں جس میں قدرے لوبان حل کیا گیا ہو۔اب ان فتیلوں کو روزانہ رات کو مریض کی چارپائی کے داہنی جانب اس طرح نئے کوڑے مٹی کے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلائیں کہ مریض ساری رات چراغ کی لو میں مسلسل دیکھتا رہے۔ یہ کام اکیس یوم تک کرنا ہے۔ چراغ کے پیندے میں تین مرتبہ [illegible]:۔

یَاجَبَّرُ یَاقَھَّارُ عَلٰی کُلِّ جَبَّارٍ وَقَھَّارٍ

تحریر کر دیں۔

نقش فتیلہ:۔

ج۸۰۱۱۲۸۱۲۸۱۲۱۱ ۷۸۶ ۲۱۸۳۳

یَاقَاھِرُ ذُوالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اَشْقَامَہٗ یَاقَاھِرُ فَھِیَ فَلْکَ فِی الْحُبَّۃِ

اجب میکائیل	اجب یاجرائیل	اجب یاجرائیل	اجب یااسماعیل
اجب یااسرافیل	اجب یااسماعیل	اجب یالوائیل	اجب یالوائیل
اجب یاتنکفیل	اجب یاجبرائیل	اجب یاکلکائیل	اجب یارحمائیل
اجب یاتنکفیل	اجب یاعبائیل	اجب یاعزرائیل	اجب یادوارئیل

ابلیس وھامان، ابلیس وفرعون، ابلیس وھٰذا دما کان فی ھٰذا سیّد الحق
یحرق فی ھٰذا المصباح ۶۶۶۶۶۶ھرھرص ص ص ھرھرھر اا لا

(ii):۔

ذیل کے تین عدد نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں ان پر خوشبو لگا کر سورۂ مزمل اکیس مرتبہ پڑھ کر انہیں دم کریں' ایک نقش موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں لپیٹ کر مریض کے گلے میں ڈالیں' دوسرا نقش پانی کی بوتل میں حل کر لیں اور اس پانی کو مریض صبح وشام ان الفاظ:۔

اَلشِّفَاءُ یَاشَافِیُ بِحَقِّ یَااَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ یَاسَیِّدَ الْقَاھِرِیْنَ

پڑھ کر پیا کرے۔ یہ کام اکیس یوم تک جاری رہے گا۔

تیسرا نقش سرسوں اور زیتون کا تیل ہموزن لے کر اس میں حل کریں اور اس تیل کی روزانہ رات کو سارے جسم اور بالخصوص کانوں کی کنپٹیوں اور لوؤں کے پیچھے اور سر میں اچھی طرح مالش کریں اور صبح کو مریض نیم گرم پانی سے نہالیا کرے یہ کام گیارہ روز تک مسلسل کرنا ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت سخت سے سخت ترین شیطانی وسفلی ارواح جل کر خاکستر ہوجائیں گی اور ساحر کو بھی ضعف پہنچے گا' بے حد کارگر مفید اور مجرب عمل ہے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۳۱۷۸۰۱	۳۱۷۸۱۴	۳۱۷۸۱۱	۳۱۷۸۰۸
۳۱۷۸۱۲	۳۱۷۸۰۷	۳۱۷۸۰۲	۳۱۷۸۱۳
۳۱۷۸۰۶	۳۱۷۸۰۹	۳۱۷۸۱۶	۳۱۷۸۰۳
۳۱۷۸۱۵	۳۱۷۸۰۴	۳۱۷۸۰۵	۳۱۷۸۱۰

توڑ سحر شیطانی مخلوق کا جسم کے اندر حلول

سحر شیطانی مخلوق کے جسم کے اندر حلول کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بروز اتوار ساعت شمس میں باوضو حالت میں سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و شہد سے سورۂ مزمل شریف معہ بسم اللہ شریف اس طریق سے لکھیں کہ آیت مبارکہ:۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝

پر پہنچے تو پھر اسمائے الٰہی:۔

يَاجَبَّارُ يَاقَهَّارُ يَامُتَكَبِّرُ يَاخَافِضُ قَهر كُنْ اِيْن مخلوق غير مرئي بحكم قَادِرُ قُدرت" ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اَحَدُ يَااَحَدُ يَااَحَدُ

لکھے پھر آگے سورۂ مزمل لکھے اور سورہ کو ختم کرے' پھر سورۂ فاتحہ اس کے گردا گرد لکھے اور آیت الکرسی اس کے گرد لکھے (نقش لکھنے کا خاکہ ذیل میں دیا جارہا ہے)۔

بعدازاں نیچے درود پاک:۔

مَنْ صَلّٰى عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَعَلٰى جَسَدِهٖ فِى الْاَجْسَادِ وَعَلٰى قَبْرِهٖ فِى الْقُبُوْرِ وَجَزَى اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا هُوَ اَهْلَهٗ

لکھیں اس کے نیچے خاکہ میں دی گئی عبارت لکھیں۔

بعدازاں اس پر سورۂ مزمل' سورۂ فاتحہ اور آیت الکرسی تین' تین مرتبہ اور اول و آخر یہی درود پاک سات' سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس نقش کو کسی پانی والے برتن یا بڑی بوتل میں ڈال دیں'سات دن تک اس میں مریض کو صبح نہار منہ اور رات کو سونے سے پہلے پانی پلائیں اور اس میں سے پانی لے کر مزید پانی میں ملا کر مسحور کو روزانہ غسل بھی کروائیں۔ ہر اتوار کو نیا نقش بنائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم پانچ ہفتوں کے عمل مسلسل سے مریض ہمیشہ کے لئے

ایسی بدروح سے نجات پاجائے گا۔

بعدازاں اس کے گلے میں نقش ذیل زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر خوشبو لگائیں اور اس پر سورۂ مزمل' آیت الکرسی اور سورۂ فاتحہ اکتالیس' اکتالیس مرتبہ اول وآخر درود پاک تجینا اکیس' اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے خوشبو لگا کر مسحور کے گلے میں ڈال دیں اس طرح وہ تازندگی ایسی ہر قسم کے شیطانی ذریات سے محفوظ ومامون رہے گا اور کسی بھی عامل کا جادو اس پر اثر انداز نہ ہوگا۔

خاکہ نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

جبرائیل — میکائیل

سورہ مزمل شریف مکمل

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ

ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ

درود پاک بالا

وَمَنْ يُخْرِجُ مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِراً اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْراً رَّحِيْماO

گلے میں ڈالنے والا نقش

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جبرئیل میکائیل

۲۳۱۵۳	۲۳۱۵۶	۲۳۱۶۰	۲۳۱۴۶
۲۳۱۵۹	۲۳۱۴۷	۲۳۱۵۲	۲۳۱۵۷
۲۳۱۴۸	۲۳۱۶۲	۲۳۱۵۴	۲۳۱۵۱
۲۳۱۵۵	۲۳۱۵۰	۲۳۱۴۹	۲۳۱۶۱

جبار قہار

قادرٌ علیٰ قادرٌ

نوٹ:۔ بعداز شفاء نیاز مولا علی مشکل کشاء علی حسب توفیق دے کر بچوں میں خیرات کر دیں اور بعدوالے نقش کا ہدیہ اکیاون روپے فقراء میں خیرات کر دیں۔

آسیب سے نجات کے لئے

جو مسانی آسیب انتہائی ظالم اور شدید تنگ کرنے والا ہو اور عام اعمال سے دفع نہ ہوتا ہو تو ایسے مسانی آسیب سے نجات کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور آزمودہ ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا فتیلہ سیاہ روشنائی سے تیار کریں اور مریض کو پاک

زمین پر بٹھا کر اس کے سامنے مٹی کا کورا چراغ تیل سرسوں ڈال کر اس میں اس فتیلہ کو روئی میں لپیٹ کر جلائیں' مریض اس چراغ کی لو کی جانب مسلسل دیکھتا رہے لیکن چراغ جلانے سے پہلے اپنا اور مریض کا مکمل حصار باندھ لے اور اس کے بعد چراغ جلاتے ہی آیت الکرسی پڑھنا شروع کر دے اور کلمہ:۔

وَلَا يَؤُدُهٗ حِفۡظُهُمَا

کی تکرار بار بار کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم آسیب مسانی ظاہر ہو کر خاک ہوجائے گا اور مریض اس سے نجات پاجائے گا۔

نقش فلیتہ:۔

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

بعدازاں ذیل کے دو عدد نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر ان پر سورۂ مزمل اکیس مرتبہ' اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ' گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں' ایک نقش کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

دوسرا نقش کسی پانی والی بوتل میں بھگو دیں اور اس کا پانی گیارہ یوم تک مریض کو روزانہ صبح وشام پلائیں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰـنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَا ئِق

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۲۲۸۲۵	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۳
۲۲۸۲۰	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۴
۲۲۸۲۱	۲۲۸۲۶	۲۲۸۱۹

سحری بانجھ پن

علاج سحری بانجھ پن کے لئے ذیل کا عمل عطیہ حضور غوث الاعظم دستگیر رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے جو بے حد کارگر اور آزمودہ عمل ہے۔

اس مقصد کے لئے کچے نیلے رنگ کے سوت کے اکتالیس تار عورت کے قد کے برابر لیں اور ڈوری بنا کر ان پر اول وآخر مرتبہ درود پاک غوثیہ گیارہ گیارہ مرتبہ:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

پڑھیں' بعدازاں آیت الکرسی اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اب سورۂ رحمٰن بسم

اللہ شریف کے ساتھ شروع کریں اور جب آیت مبارکہ:۔

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ تا اِلَّا بِسُلْطٰنٍ

پر پہنچیں تو اس آیت مبارکہ کی تکرار گیارہ مرتبہ کریں اور سورۂ رحمٰن کو ختم کر کے اس پر ایک گرہ لگادیں' اس طریق سے سورۂ رحمٰن کی تعداد اکتالیس مرتبہ پوری کریں اور دھاگے کی ڈوڑی پر اکتالیس گرہیں لگائیں'اس کے بعد سورۂ مزمل شریف اس طریق سے شروع کریں کہ:۔

یٰاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

کی تکرار تین مرتبہ کریں جب آیت:۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا ○

پر پہنچے تو اس کی تکرار لفظ وکیلاً تک سات مرتبہ کریں' اس کے بعد آیت مبارکہ:

یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ ۙ

کی تکرار سات مرتبہ کریں بعدازاں آیت مبارکہ:۔

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ○ؑ

کی تکرار سات مرتبہ کرتے ہوئے اس سورۃ کو ختم کریں اور دھاگے کی ڈوڑی پر ایک گرہ لگائیں' اس طریق سے اس ڈوڑی پر اکتالیس گرہیں لگائیں' ڈوڑی تیار ہونے پر گیارہ روپیہ راہ الٰہی میں خیرات کریں اور حسب توفیق شیرینی غوث پاک رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی فاتحہ دلا کر بچوں میں تقسیم کردیں اور عورت اس ڈوڑی کو اپنی کمر میں باندھ لے بوقت صحبت اس ڈوڑی کو اتار دے اور بعداز غسل دوبارہ پہن لے۔

روزانہ سورۂ مزمل تین مرتبہ اور آیت مبارکہ:۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

تین سو اکہتر مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے عورت اور مرد یکساں پیا کریں۔

ہفتے میں ایک روز سات نلکوں کے پانی پر آیت الکرسی سات مرتبہ اور سورۂ فلق و الناس سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے دونوں میاں بیوی غسل کیا کریں، یہ عمل سات ہفتے جاری رہے گا۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ہر قسم کا سحری اثر ختم ہوجائے گا اور اللہ تعالیٰ عزوجل اولادِ صالح سے نوازیں گے۔

علاج پکھی

ذیل کا عمل پکھیوں کے خاتمے کے لئے موثر اور آزمودہ ہے۔

اس مقصد کے لئے ماش سیاہ ثابت آدھ پاؤ لے کر ان کو مریض کے جسم پر پھیر لے اور اس پر سورۂ مزمل اکتیس مرتبہ اور سورۂ جن سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور ان ماش کو تھوڑا تھوڑا کر کے آگ میں جھونک دیں، ابتداء میں پکھی چیخے چلائے گی دھمکیاں دے گی لیکن حوصلہ مندی سے کام لیتے ہوئے ماش جلاتے جائیں، جب ماش جل جائے گی تو پکھیوں کا خاتمہ ہوجائے گا۔

اب مریض کو سورۂ مزمل اکیاون مرتبہ، سورۂ جن اکیس مرتبہ اور معوذ تین ایک سو ایک مرتبہ اور اسم الٰہی **یَاحَفِیْظُ یَاقَادِرُ** چار سو ایک مرتبہ پڑھ کر پانی بنا کر دیں۔

مریض اس پانی کو اکیس یوم تک پیئے اور اسی پانی سے اپنے چہرے اور بقیہ جسم پر چھینٹے لگایا کرے، پھر مریض کبھی بھی اس کا شکار نہ ہوگا۔

توڑ سحر درگاہ داس

درگاہ داس کے چیلے جس قسم کا سفلی سحر کرتے ہیں وہ انتہائی جان لیوا سحر ہوتا ہے اور اس کا علاج کسی عامل کامل کے ذریعے ذیل کے طریقے سے کروانے سے مکمل نجات بفضل باری تعالیٰ مل جاتی ہے، اس عمل میں سخت صبروتحمل اور صدق یقین اللہ تعالیٰ عزوجل پر بے حد ضروری ہے۔

اس مقصد کے لئے سات اتوار تک مسلسل ذیل کے عمل سے مسحور پر نہ صرف دم کیا جائے' بلکہ اس کا دم شدہ پانی بھی پلایا جائے اس کے علاوہ شہد پر بھی دم کر کے روزانہ نہار منہ شہد ایک چمچ چٹایا جائے۔

☆ اول وآخر درود پاک شفا (ایک سو گیارہ مرتبہ)

☆ سورۂ مزمل (اکیس مرتبہ)

☆ سورۂ کوثر (تینتیس مرتبہ)

☆ سورۂ ہائے معوذتین (دو سو مرتبہ)

سات اتوار کے عمل کے خاتمہ کے بعد انہی سورہ ہائے مبارکہ کو باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے سفید پارچہ ریشمی پر لکھ کر خوشبو لگائیں اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں پہنادیں' اسی طرح چاندی کی انگوٹھی پر **یَامُقِیتُ یَابَاقِیُ** کندہ کرواکر مریض کی انگشت شہادت میں پہنادیں' انگوٹھی ساڑھے چار ماشہ وزن کی ہو۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت مریض ہمیشہ کے لئے صحت یاب ہوجائے گا اور آئندہ ایسے کسی سحر کا شکار نہ ہوگا۔

دفعیۂ ڈائن اور چڑیل

ذیل کا عمل دفعیہ ڈائن اور چڑیل سے بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں ایک چھری نوکدار لے کر اس کو پاک صاف کیا جائے اور اس پر اول وآخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورۂ مزمل اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے اور اس چھری کو مریض کے سامنے اس طرح گاڑ دیا جائے کہ اس چھری کی نوک مریض کے سامنے کی جانب رہے' مریض کو ہدایت دیں کہ وہ معوذتین کا ورد جاری رکھے' یہ عمل تین دن جاری رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت مریض کی ان اشیاء سے جان چھوٹ جائے گی' بعدازاں ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے باوضو حالت میں سفید کاغذ پر

بنائیں اور مریض کے گلے میں پہنادیں اور اس نقش کا ہدیہ گیارہ روپیہ راہ اللہ میں خیرات کردیں نہایت مجرب آزمودہ عمل ہے:۔

نقش:۔ (سامنے کی طرف)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۷۳۱۹	۱۷۳۲۳	۱۷۳۲۶	۱۷۳۱۲
۱۷۳۲۵	۱۷۳۱۳	۱۷۳۱۸	۱۷۳۲۴
۱۷۳۱۴	۱۷۳۲۸	۱۷۳۲۱	۱۷۳۱۷
۱۷۳۲۲	۱۷۳۱۶	۱۷۳۱۵	۱۷۳۲۷

پشت کی طرف۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۱۶۹ / ۱۳۲۳	۲۱۷۲ / ۱۳۲۷	۲۱۷۵ / ۱۳۳۰	۲۱۶۱ / ۱۳۱۶
۲۱۷۴ / ۱۳۲۹	۲۱۶۲ / ۱۳۱۷	۲۱۶۸ / ۱۳۲۲	۲۱۷۳ / ۱۳۲۸
۲۱۶۳ / ۱۳۱۸	۲۱۷۷ / ۱۳۳۲	۲۱۷۰ / ۱۳۲۵	۲۱۶۷ / ۱۳۲۱
۲۱۷۱ / ۱۳۲۶	۲۱۶۶ / ۱۳۳۰	۲۱۶۴ / ۱۳۱۹	۲۱۷۶ / ۱۳۳۱

سحر بندش نکاح و شادی

سحر بندش نکاح و شادی کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

عورت کی صورت میں:۔

(i):۔ صبح جاگنے اور رات کو سوتے وقت روزانہ اپنے اوپر آیت الکرسی گیارہ مرتبہ' معوذ تین سات مرتبہ' اول و آخر درود شریف شفاء سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے کا معمول بنایا جائے۔

(ii):۔ روزانہ تازہ پانی پر سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف گیارہ مرتبہ' چہار قل شریف گیارہ مرتبہ' آیت الکرسی سات مرتبہ اور آیات سحر سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں' اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ' گیارہ مرتبہ پڑھیں اور اس دم شدہ پانی کو صبح نہار منہ پی لیا کریں یہ عمل اکتالیس یوم تک جاری رکھیں۔

آیات سحر:۔

سِحۡرُ دفع شود وَبِحَقِّ اللّٰهُ عَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ o فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسۡتَطَعۡتُمۡ وَاسۡمَعُوۡا وَاَطِیۡعُوۡا o فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ مَا جِئۡتُمۡ بِهِ السِّحۡرُ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبۡطِلُهٗ o وَلَا یُفۡلِحُ السَّاحِرُ حَیۡثُ اَتٰی

(iii):۔ کلونجی کا تیل لے کر اس پر آیات سحر بالا اور سورۂ مزمل شریف سات سات مرتبہ اور اول و آخر درود شریف شفاء سات' سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس تیل کی مالش رات کو سینے اور سر کی نسوں میں کریں اور صبح کو اٹھ کر نیم گرم پانی میں چٹکی برابر نمک ڈال کر:۔

عَلِیٌّ" قَاطِعُ السَّحْرِ سِفْلِیَه وَنَارِیَه بحق علی"

ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس سے غسل کریں، یہ عمل اکیس یوم تک جاری رکھیں۔

(iv):۔ کھلا ورد زبان:۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر"

کا ورد رکھیں۔اس عمل کی بدولت یہ سحری کیفیات مکمل طور پر ختم ہوجاتی ہیں اور عورت نہ صرف تندرست و توانا ہوجاتی ہے بلکہ وہ فطرتی عمل شادی کے لئے بھی تیار ہوجاتی ہے۔

مرد کی صورت میں:۔

عورت کے صورت میں دیئے ہوئے نمبر (i) (ii) اور (iv) اسی طرح کریں اس کے علاوہ ذیل کا عمل بھی کریں جو بے حد نافع ہے۔

کلونجی کا تیل لے کر اس پر سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ اس طریق سے پڑھیں کہ اس میں آیت مبارکہ:۔

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ

اکتالیس مرتبہ پڑھیں سورۂ مزمل سات مرتبہ اس طریق سے پڑھیں کہ:۔

یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِدْفَعْ سَحْرُ سِفْلِیْ بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ اِدْفَعْ كُلَّ سِفْلِیْ عِلْمُ اِدْفَعْ بَحَقِّ یٰاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ-------

آگے ساری سورۂ شریف پڑھنا ہے آیات سحربالا بھی سات مرتبہ پڑھ کر تیل کو دم کریں اور رات کو اس تیل کی مالش سر کی نسوں، سینے اور کندھوں کے عضلات پر کریں

اور صبح کو حسب قاعدہ۔نیم گرم پانی پر ایک سو ایک مرتبہ:۔

عَلِیٌّ قَاطِعُ السَّحْرِ سِفْلِیَه وَنَارِیَه بحق علی

پڑھ کر دم کرکے نہائیں یہ عمل اکیس یوم تک جاری رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس سفلی سحر سے مکمل نجات مل جائے گی اور مرد مکمل شفایاب ہوجائے گا۔

بندش کاروبار

بندش کاروبار کو توڑنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور آزمودہ ہے۔

اس مقصد کے لئے رات کو بعداز نماز عشاء چار رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھے کہ ہر نفل میں بعداز سورۂ فاتحہ سورۂ مزمل تین مرتبہ اور سورۂ الم نشرح سات مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد سجدہ میں جاکر:۔

اِنَّ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا

اکیس مرتبہ پڑھے اور سجدہ سے سر اٹھا کر سلام پھیرے۔

بعداز سلام پھیرنے کے اول وآخر درود شریف ذیل ایک سو ایک مرتبہ اور آیت مبارکہ بالا ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے اور ایک بوتل پانی کو دم کرے۔

صبح دوکان پر جاتے ہوئے راہ میں اس عمل کی زکوۃ گیارہ روپے فقراء میں تقسیم کردے اور دوکان کھولنے سے پہلے اسی درود پاک اور آیت مبارکہ بالا کو گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دوکان کے بیرونی حصے پر پھونک لگائے' پھر بسم اللہ شریف سات مرتبہ پڑھ کر دوکان کے تالے کھولے اور اس کے بعد دوکان کے اندر چاروں طرف اس پانی کو چھڑکائے اور ساتھ ہی اس پانی سے ہاتھ تر کرکے اپنے چہرے پر پھیرے۔

اس کے بعد اپنی نشست پر بیٹھ کر ذیل کی دُعا اکیس مرتبہ اوّل وآخر درود پاک ذیل سات سات مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے سپرد سارے معاملے کو چھوڑ دے۔

اکیس یوم کے مسلسل عمل سے ہر قسم کی بندش سحر جادو ٹونہ بفضل باری تعالیٰ ختم

ہو جائے گا اور کاروبار پھر سے رواں دواں ہو جائے گا۔

اکیس دن کے عمل کے بعد دُعا والا کام ہمیشہ کے لئے جاری رکھے اور پھر قدرت الٰہی سے دوکان یا کاروبار کی روز افزوں ترقی بچشم خود دیکھے۔

نوٹ:۔ نماز پنجگانہ کی پابندی کریں اور توکل الٰہی پر کاربند ہونا ضروری ہے' اس عمل کی فقیر کی طرف سے اجازت ہے۔ اس عمل کو نوچندی سوموار سے شروع کرنا ہے۔

دُعا:۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ بِاِمِّ یَحْیٰی بِنْ زَکَرِیَّا مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنَ

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

دفعیۂ آسیب

دفعیۂ آسیب کے لئے ذیل کا عمل مجرب اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز فجر چینی کی بڑی طشتری پر زعفران وگلاب و مشک سے سورۂ مزمل شریف بمعہ بسم اللہ شریف تحریر فرما دیں بعد میں اس کو نل کے تازہ پانی سے دھو لیں۔

اس پانی کے سات گھونٹ آسیب زدہ کو پلائیں اور اسی پانی سے آسیب زدہ کو کسی پاک صاف جگہ پر نہلائیں۔ غسل کا پانی گندی نالی میں نہیں بہنا چاہیئے۔ اس بات کی احتیاط رکھیں۔ بعد از غسل سورۂ مزمل شریف تین مرتبہ پڑھ کر آسیب زدہ کو دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات یوم کے مسلسل عمل سے آسیب سے چھٹکارا مل

جائے گا بعداز شفاء چار رکعت دوگانہ نفل شکرانہ ادا کریں اور حسب توفیق شیرینی بچوں میں تقسیم کر دیں۔

بچے کے آسیب کے دفعیہ کے لئے

بچے کے آسیب کے دفعیہ کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے ثابت کالی ماش کے اکتیس عدد دانے لے کر ان پر باوضو حالت میں سورۂ مزمل شریف اکتیس مرتبہ پڑھیں اور پھر بچے کے ہاتھ سے ان دانوں کو مس کر کے آگ میں جھونک دیں۔ آسیب حاضر ہو کر اپنی زبان سے گفتگو کرے گا اور اپنے دفعیہ کی قسم اٹھائے گا۔ قسم لئے بغیر اس کا اعتبار بالکل نہ کریں' بعداز قسم جب وہ بھاگ جائے تو بچے کے اوپر سات مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر دم کریں اور ایک کالی ڈوڑی کو سات مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر سات گرہیں لگا کر بچے کے دائیں بازو پر باندھ دیں یا گلے میں ڈال دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت آسیب کبھی بھی واپس نہیں آئے گا اور نہ ہی بچے کو تنگ کرے گا۔

دفعیہ جن' بھوت و پریت

دفعیہ جن' بھوت پریت وغیرہ کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر چینی کی طشتری پر زعفران و گلاب و مشک سے سورۂ مزمل شریف لکھیں اور اس کو دھو کر پانی بنالیں۔ یہ پانی دن میں کئی مرتبہ پلائیں۔ پانی پلانے کا کام اکیس روز تک جاری رکھیں۔

سرسوں کا تیل لے کر اس پر گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر دم کر لیں اور اس تیل کی مالش ایسے فرد کو گیارہ روز تک اچھی طرح کروائیں اور بعد میں نیم گرم پانی سے مریض غسل کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

علاج نظر بد

اگر کسی کو غیر مرئی مخلوق، جن، بھوت، پریت، ڈائن وغیرہ کی نظر لگ جائے تو ذیل کا عمل بے حد مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے ایک دو فٹ لمبی چھڑی لے کر اس کو پاک صاف کر لیں اور اس پر اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر دم کر لیں اول و آخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ بھی پڑھ کر دم کریں۔

اس چھڑی کو مریض کے سایہ میں گاڑ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت مریض تھوڑی دیر میں ہی تندرست ہو جائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَائِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَائِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ

علاج سحر حب

سحر حب کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے دریا یا نہر سے پانی لائیں اور اس میں قدرے نمک ملائیں اس پانی کو گرم کریں اور اس پر ذیل کی آیات مبارکہ و کلمات مبارکہ کا دم کریں اور کسی علیحدہ جگہ پر روزانہ سات یوم تک غسل فرمادیں۔

آیات مبارکہ و کلمات مبارکہ:

وَاُلْقِیَ السَّحَرَۃُ سَاجِدِیْنَ (اکہتر مرتبہ)

فَاتَّقُوا اللّٰہَ مَااسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِیْعُوْا (اکتالیس مرتبہ)

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَۃُ مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ (اکتالیس مرتبہ)

وَلَا یُفْلِحُ السَّاحِرُ حَیْثُ اَتٰی (اکتالیس مرتبہ)

سورۃ الناس (اکہتر مرتبہ)

عَلِیٌّ (اکتالیس مرتبہ)

اس کے بعد ذیل کی آیات مبارکہ اور درود پاک ذیل کا باوضو حالت میں ایک بوتل پانی بنائیں اور صبح نہار منہ بعداز نماز عصر اور رات کو سوتے وقت اس پانی کے پانچ گھونٹ ان الفاظ کے ساتھ پی لیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ شَافِیَ الشَّفَآءِ فِی السِّحْرِ الْحُبِّ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

اس عمل کو اکتالیس یوم تک جاری رکھیں۔ جب بوتل والا پانی ختم ہو جائے تو اسے دوبارہ بنالیں۔ اور اپنے جذبات پر حتی الوسع کنٹرول کرنے کی کوشش کریں۔

محمد شبیر قادری

آیات مبارکہ:۔

(i) وَاِلٰهُكُمْ اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ (اکتالیس مرتبہ)

(ii) وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِيْنَ (اکتالیس مرتبہ)

(iii) فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَاسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ (اکتالیس مرتبہ)

(iv) سورۂ رحمان (تین مرتبہ)

(v) سورۂ مزمل (تین مرتبہ)

(vi) آیت الکرسی (اکیس مرتبہ)

(vii) سورۂ فلق (اکیس مرتبہ)

(viii) سورۃ الناس (اکیس مرتبہ)

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

بندش دوکان

دوکان یا کاروبار کی بندش کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند، مفید اور نفع بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ صبح کو بعداز نماز فجر سورۂ مزمل شریف سات مرتبہ پڑھ کر اس کا پانی بنائیں اور اس پانی کو روزانہ دوکان یا کاروباری جگہ پر چاروں اور

بالخصوص چاروں کونوں اور چوکھٹ کے کونوں میں اس طرح ڈالیں کہ پانی پر پاؤں نہ آنے پائے۔اس عمل کو گیارہ دن کرنے سے بندش کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

اس کے علاوہ اپنی نشست پر بیٹھ کر باوضو حالت میں۔

☆ سورۂ فاتحہ شریف (ایک مرتبہ)

☆ سورۂ مزمل شریف (تین مرتبہ)

☆ آیت الکرسی (سات مرتبہ)

لیکن اس میں آیت مبارکہ:۔

وَلَا يَؤُدُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ

سات مرتبہ دہرانا ہے۔

☆ سورۂ کافرون (سات مرتبہ)

☆ سورۂ اخلاص (سات مرتبہ)

☆ سورۂ فلق (سات مرتبہ)

☆ سورۂ والناس (سات مرتبہ)

پڑھ کر اپنے اوپر اور کاروباری جگہ پر چاروں طرف پھونک لگائیں۔

یہ عمل اکیس روز تک روزانہ کیا جائے۔ اس عمل کی بدولت انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ہر قسم کے جادو ٹونے اور بندش سے نجات مل جائے گی۔

علاج پکھی

ذیل کا عمل پکھیوں کے خاتمے کے لئے بے حد آزمودہ اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے مریض کو زمین پر بٹھا کر اس کے گرد حصّار لگائیں اور پھر ذیل کی سورۂ ہائے مبارکہ بہ تعداد مندرجہ پڑھ کر پانی بنائیں اور مریض پر سات مرتبہ دم بھی کریں پانی بنا کر مریض پر چھینٹیں لگائیں، مریض کے چیخنے چلانے کی پرواہ نہ کریں مسلسل اکیس یوم کے عمل سے مریض مکمل صحت یاب ہوجائے گا۔

سورہ ہائے مبارکہ:۔

☆ سورۂ بقرہ کی آیت مبارکہ (ایک سو گیارہ مرتبہ)

اُولٰئِكَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

☆ سورۂ توبہ کی آخری آیت مبارکہ (ایک سو گیارہ مرتبہ)

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

☆ سورۂ مزمل کی آیت مبارکہ (اکیاون مرتبہ)

اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا لا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ط

☆ سورۂ جن (سات مرتبہ)

☆ سورۂ کافرون (ایک سو گیارہ مرتبہ)

☆ سورۃ الاخلاص (ایک سو گیارہ مرتبہ)

☆ سورۂ فلق (ایک سو گیارہ مرتبہ)

☆ سورۃ الناس (ایک سو گیارہ مرتبہ)

اس کے علاوہ مریض کے گلے میں ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے بنا کر خوشبو لگائیں، اس پر سورۂ مزمل کی آیت مبارکہ بالا ایک سو اکیاون مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت مریض ہمیشہ کے لئے صحت مند ہوجائے گا اور دوبارہ اس کا شکار نہ ہوگا۔

محمد شبیر قادری

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۸۰۳	۸۱۰	۸۰۵
۸۰۸	۸۰۶	۸۰۴
۸۰۷	۸۰۲	۸۰۹

سحرِ حُب

ذیل کا عمل بھی بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے بروز اتوار بوقت طلوع آفتاب باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و مشک سے سورۂ مزمل شریف اس طریقے سے تحریر کرے کہ آیات مبارکہ:۔

وَاذۡکُرِاسۡمَ رَبِّکَ وَتَبَتَّلۡ اِلَیۡہِ تَبۡتِیۡلًا ؕ○

گیارہ مرتبہ لکھے اور جب آیات مبارکہ:۔

فَعَصٰی فِرۡعَوۡنُ الرَّسُوۡلَ فَاَخَذۡنٰہُ اَخۡذًا وَّبِیۡلًا ○ فَکَیۡفَ تَتَّقُوۡنَ اِنۡ کَفَرۡتُمۡ یَوۡمًا یَّجۡعَلُ الۡوِلۡدَانَ شِیۡبَا ○ ق صلے

تک پہنچے تو اس کو سات مرتبہ لکھیں اور اس کے بعد ساری سورۂ شریف کو مکمل کرلیں اس کے بعد آیت مبارکہ:۔

وَالۡقِیَ السَّحَرَۃُ سٰجِدِیۡنَ ○ مَاجِئۡتُمۡ بِہِ السِّحۡرُ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبۡطِلُہٗ

تین مرتبہ لکھیں اور اس کے چاروں طرف آیت الکرسیٰ اس طریق سے لکھیں کہ:۔

اَللّٰـهُ لَا اِلٰـهَ اِلَّا هُـوَ الْـحَـيُّ الْقَيُّوْمُ دَافِعُ السَّحْرِ الْـحُـبُّ الْـخَـبَائِثُ بحق حَـيُّ الْقَيُّوْمُ بِحَقِّ رَسُوْلِ الْكَرِيْمِ

اور اس سے آگے پوری آیت الکرسیٰ لکھیں اور اس نقش کو کسی پانی والی بوتل میں ڈال کر اوپر درود پاک شفاء اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرلیں۔

اور یہ پانی مسحور دن میں پانچ مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ شَافِي

پڑھ کر پی لیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس یوم کے اندر مسحور کی اس سحر سے ہمیشہ کے لئے جان چھوٹ جائے گی۔ (اجازت ہے)

روزانہ صبح اور شام کو سورۂ مزمل شریف تین مرتبہ، آیت الکرسی سات مرتبہ اور آیات مبارکہ بالا اکتالیس مرتبہ اوّل و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم بھی کیا کرے۔

نقش برائے صحت تندرستی و حفاظت از آفات و بلیّات

جو شخص یہ چاہے کہ اس کو کسی بھی قسم کی بیماری و آفات و بلیّات لاحق نہ ہوں اس کے لئے لازم ہے کہ وہ ذیل کا نقش بعداز نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفرا و گلاب و مشک سے بنائے۔ اس پر خوشبو لگا کر سورۂ ہائے مبارکہ چہار قل اکتالیس م اور سورۂ مزمل شریف ایک سو ایک مرتبہ بمعہ اوّل و آخر درود شریف ذیل اکیس، اکیس م پڑھ کر دم کر لے اور اسے موم جامہ کر کے اپنی جیب میں ہر وقت رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی بدولت ہر قسم کی آفات وبلیات، حوادثات اور بیماریوں سے بفضل باری تعالیٰ محفوظ وماموں رہے گا۔ نہایت مجرب اور مفید ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَائِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَائِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

١٧١١٦ / ٤٤٤٤٠	١٧١١٩ / ٤٤٤٣٤	١٧١٢٢ / ٤٤٤٣٧	١٧١٠٩ / ٤٤٤٣٣
١٧١٢١ / ٤٤٤٣٦	١٧١١٠ / ٤٤٤٤٢	١٧١١٥ / ٤٤٤٢٩	١٧١٢٠ / ٤٤٤٣٥
١٧١١١ / ٤٤٤٢٥	١٧١٢٤ / ٤٤٤٣٩	١٧١١٧ / ٤٤٤٣٢	١٧١١٤ / ٤٤٤٢٨
١٧١١٨ / ٤٤٤٣٤	١٧١١٣ / ٤٤٤٢٧	١٧١١٢ / ٤٤٤٤٦	١٧١٢٣ / ٤٤٤٣٨

سوزاک کا علاج

جس کسی کو سوزاک کا مرض لاحق ہوگیا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے لازم ہے کہ وہ باوضو حالت میں سات یوم تک سورۂ مزمل شریف' تین بار اوّل وآخر درود شریف شفاء گیارہ' گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی بنا کر مریض کو دن میں پانچ مرتبہ پینا چاہیئے روزانہ ایک مرتبہ سورۂ مزمل شریف کا دم بھی صبح و شام اپنے اوپر کیا کرے' ہو سکے تو زعفران وگلاب و مشک سے سورۂ مزمل لکھ کر یا اس کا نقش بنا کر گلے میں ڈالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس مرض سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

نقش برائے سنگ مثانہ و گردہ

جس کسی کو سنگ مثانہ و گردہ کی شکایت ہو تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ ذیل کے نقش کو باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر بعداز نماز فجر طلوع آفتاب سے پہلے پہلے سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و مشک سے لکھے اور اس پر خوشبو لگا کر درود پاک شفاء ایک سو ایک بار اور سورۂ مزمل شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرلے اور اس کو موم جامہ کر کے گلے میں پہن لے اور اسی نقش کو روزانہ چینی کی پلیٹ پر زعفران و گلاب ومشک سے لکھ کر تازہ پانی سے دھو کر دن میں تین مرتبہ یہ پانی درود پاک شفاء تین مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پی لیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ یوم کے اندر اندر سنگ مثانہ و گردہ ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستے سے خارج ہو جائے گی اور اس تکلیف سے نجات بفضل باری تعالیٰ مل جائے گی۔ مجرب اور مفید ہے۔

محمد شبیر قادری

نقش:۔

نقش حفظ ماتقدم از صدمہ دیو، جن، پری، شیطان، ہول دنیا

جو شخص ابتلاء صدمہ جن، دیو، پری، شیطان یا ہول دنیا کے خوف میں ہر وقت مبتلا رہتا ہو اور ہر وقت اس بات کے اندیشے میں غرق ہو کہ ابھی مصیبت مجھ پر نازل ہوئی اور اس قسم کے خوف سے کسی بھی طرح چھٹکارا حاصل نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ ذیل کا نقش بعد از طلوع آفتاب باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کسی سفید کاغذ پر

مشک و زعفران وگلاب سے بنائے۔ اس کو عطر خاص لگا کر اس پر آیت الکرسیٰ اکتالیس مرتبہ اور سورۂ مزمل شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس کو موم جامہ کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ روزانہ تین بار سورۂ مزمل شریف اور سات بار آیت الکرسیٰ کا دم بھی اپنے اوپر کیا کرے۔ نہایت مجرب اور مفید عمل ہے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
یَادَلِیۡلَ الۡمُتَحَیِّرِیۡنَ یَاغِیَاثَ الۡمُسۡتَغِیۡثِیۡنَ
یَامُجِیۡبَ الدَّعۡوَاتِ الۡمُضۡطَرِّیۡنَ یَا اِلٰہَ
الۡعَالَمِیۡنَ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ

محمد شبیر قادری

فالج اور لقوہ کا علاج

اگر کسی شخص کو فالج یا لقوہ کا مرض لاحق ہوگیا ہو اور اسے آرام نہ آتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اُس شخص پر لازم ہے کہ روغن زیتون لے کر اس پر سورۂ مزمل شریف اکتالیس بار' سورۂ یٰسین شریف اکتالیس بار' سورۂ جمعہ اکتالیس بار' اول وآخر درود شریف تنجینا اکیس' اکیس بار پڑھ کر دم کر لیں اور اس روغن زیتون کو جسم کے متاثرہ حصوں پر مالش روزانہ کریں ہو سکے تو مریض کے زیر استعمال دوا پر بھی دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے مرض میں دن بدن افاقہ ہوتا جائے گا اور بہت جلد مریض کو مکمل شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

ہکلاپن کا علاج

جو کوئی ہکلاہٹ کا شکار ہو اور آرام نہ آتا ہو اور اس وجہ سے گفتگو کُھل کر نہ کر سکتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ شخص ہر روز بعد از نماز عشاء اکتالیس بار سورۂ مزمل شریف بمعہ اوّل وآخر درود شریف شفاء اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور اس کا پانی بھی بنا کر پیئے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات یوم تک یہ عمل کرنے سے یہ شکایت ہمیشہ کے لئے دور ہو جائے گی اور اس کی قوت گویائی میں بھی اضافہ ہو جائے گا۔

حاسدین سے بچاؤ کے لئے

جس شخص کے حاسدین بہت زیادہ ہوں اور اس وجہ سے اس کو ضعف پہنچتا ہو تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۂ مزمل شریف

ایک بار بمعہ اوّل و آخر درود پاک تخیناً گیارہ' گیارہ مرتبہ پڑھے اور پھر فرضوں کے بعد سورۂ فلق سات بار' اوّل وآخر سات سات بار درود پاک پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے اور پھر ذیل کا نقش سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و مشک سے بنا کر اس پر سورۂ فلق اکتالیس بار' سورۂ مزمل شریف گیارہ بار' درود پاک تخیناً اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے موم جامہ کر کے سیدھے بازو پر باندھے۔ روزانہ دم والا عمل اکیس روز تک کرتا رہے۔ بفضل ربی اس کے تمام حاسدین اس کا پیچھا ہمیشہ کے لئے چھوڑ جائیں گے اور ان کی زبانیں اس معاملے میں گنگ ہو جائیں گی۔

نقش:۔

جبرائیل بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ میکائیل

۲۵۶۸۸	۲۵۶۸۳	۲۵۶۹۱
۲۵۶۹۰	۲۵۶۸۷	۲۵۶۸۵
۲۵۶۸۴	۲۵۶۹۲	۲۵۶۸۶

جبرائیل مِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ میکائیل

بحق محمد مصطفٰے ﷺ

جنون سے حفاظت

جو شخص یا فرد حالت جنون میں مبتلا ہو جاتا ہو اور وقفے وقفے سے اس پر جنون و پاگل پن کے دورے پڑتے ہوں تو ایسی حالت میں لازم ہے کہ ذیل کا نقش چینی کی پلیٹ پر زعفران وگلاب و مشک سے لکھ کر پانی سے دھوئیں اور اس پانی پر تین مرتبہ سورۂ مزمل شریف بمعہ اول وآخر درود شریف تخیناً گیارہ' گیارہ بار پڑھ کر اکتالیس روز بلاناغہ

پلانے سے جنون کا مرض اور دورے ہمیشہ کے لئے بفضلہٖ تعالیٰ ختم ہو جائیں گے اور پھر یہ شکایت نہ ہو گی۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۳۲۵۶۴	۳۲۵۵۹	۳۲۵۶۶
۳۲۵۶۵	۳۲۵۶۳	۳۲۵۶۱
۳۲۵۶۰	۳۲۵۶۷	۳۲۵۶۲

یاالٰہی بحرمت سورۂ مزمل

خلاص کردن

نقش برائے آسیب و نظربد

جو شخص یا بچہ آسیب زدہ یا بدنظری کا شکار ہو اور آسیب رفع نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے تین روز تک بلاناغہ بعداز نماز فجر:۔

☆ سورۂ مزمل شریف (گیارہ بار)

☆ سورۂ کافرون (اکتالیس بار)

☆ سورۂ اخلاص (اکتالیس بار)

☆ سورۂ فلق (اکتالیس بار)

☆ سورہ الناس (اکتالیس بار)

☆ درود شریف شفاء اوّل و آخر (اکیس مرتبہ)

پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ نیز ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور اس نقش پر دم بھی کیا کریں۔ تین روز کے بعد اس نقش کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے آسیب زدہ کے گلے میں ڈال دیں اور تین روز تک سورۂ مزمل شریف گیارہ بار اوّل وآخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ روز پڑھ کر پانی پر بھی دم کر کے پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی برکت سے آسیب ہر قسم دفع ہو جائے گا اور اس مصیبت سے جان ہمیشہ کے لئے چھوٹ جائے گی۔ مجرب اور مفید ہے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

٢٠٨٠٥	٢٠٨٠٩	٢٠٨١٢	٢٠٧٩٨
٢٠٨١١	٢٠٧٩٩	٢٠٨٠٤	٢٠٨١٠
٢٠٨٠٠	٢٠٨١٤	٢٠٨٠٧	٢٠٨٠٣
٢٠٨٠٨	٢٠٨٠٢	٢٠٨٠١	٢٠٨١٣

بعق این نقش هر قسم آسیب و نظر بد و
هر مرض در وجود این راد بحق شود
دفع شود دفع شود

نقش مسان

جس کسی کو مسان کھلا دیئے گئے ہوں اور درست نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے لازم ہے کہ ذیل کا نقش باوضو حالت میں طلوع آفتاب سے قبل کسی سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و مشک سے لکھ کر اس پر سورۂ مزمل شریف ایک سو ایک بار پڑھ کر دم کرے اور موم جامہ

کر کے لوبان کی دھونی دے کر اس کو سیدھے بازو پر باندھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی برکت سے مسان کا اثر دور ہو جائے گا اور چند دنوں ہی میں صحت ہو جائے گی۔ نقش کی حفاظت ضروری ہے۔

نقش:۔

حل المشکلات

حل المشکلات دین و دنیا کے لئے ذیل کا عمل ازحد نافع اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے اوّل و آخر درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ مُسْتَحَقُّہٗ

اور ایک مرتبہ سورۂ الحمد شریف اور سورۂ مزمل شریف پڑھیں، اس طریق سے اس کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں اس عمل کو بعداز نماز فجر کیا جائے، اس کے علاوہ نقش ذیل کو زعفران وگلاب و مشک سے سفید کاغذ پر بنا کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالیں یا دائیں بازو پر باندھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین یوم کے عمل مسلسل سے وہ مشکل پردۂ غیب سے حل ہو جائے گی۔

نقش:۔

مفاتیج القلوب

مفاتیج القلوب کے لئے ذیل کا عمل ازحد موثر اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے سفید کاغذ پر بنا کر اس پر سورۂ مزمل شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں' خوشبو لگائیں اور موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال لیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تمام مخلوق کے دل زیر ہونگے اور ہر ایک انتہائی عزت و آبرو سے پیش آیا کریں گے اور جائز حاجات برلاویں گے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۱۷۶۶	۲۱۷۶۱	۲۱۷۶۸
۲۱۷۶۷	۲۱۷۶۵	۲۱۷۶۳
۲۱۷۶۲	۲۱۷۶۹	۲۱۷۶۴

برائے حب

حب کے لئے ذیل کا عمل ازحد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے کسی پرانی قبر کی مٹی لائیں اس پر سات مرتبہ سورۂ الحمد شریف

اور اکیس مرتبہ سورۂ مزمل شریف اور اکیس مرتبہ:۔

الحب فلاں بن فلاں در فلاں بن فلاں

پڑھ کر دم کریں اور اس مٹی کو مطلوب کے گھر میں بکھیڑ دیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔

اسقاط حمل (خصوصی عمل)

جس کسی عورت کا حمل ضائع ہو جاتا ہو یا بچہ پیدا ہو کر مر جاتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے لکڑی کا چمڑہ نصف انگل چوڑا اور سر سے پیر کے ناخن تک لمبا لیں اس پر سورۂ مزمل شریف بمعہ بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں' ہر مرتبہ سورۃ پڑھ کر اس پر پھونک لگا کر گرہ باندھیں' ساتھ ہی اس عورت اور اس کی ماں کا نام بھی لیں اس کے بعد عورت کے دامن کا ایک ٹکڑہ' تھوڑی سی نئی روئی دو تین گرہ ہلدی لیں اور ان کو رنگ لیں۔ بعدازاں روئی کو چمڑے کے اوپر لپیٹیں اور اوپر سے کپڑا لپیٹ دیں' اس کے اوپر سرخ دھاگہ لپیٹیں' خیال رکھیں کہ کوئی جگہ خالی نہ رہے جب حمل قرار پا جائے تو اس چمڑے کو عورت کی کمر میں باندھ دیں' اگر چمڑے کی لمبائی کمر میں باندھنے کے لئے کم ہو تو سرخ دھاگہ جوڑ کر بڑا کر لیں' تاکہ اچھی طرح کمر میں بندھ سکے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم عورت اسقاط حمل سے محفوظ رہے گی' جب بچہ پیدا ہو جائے تو اس چمڑے کو کھول کر اس کے برابر سونا یا چاندی خیرات کریں اور اس چمڑے کو کسی جگہ دفن کر دیں۔

اس عمل کو حمل کے تین ماہ کے اندر اندر اوّل تاریخوں میں کرے۔

جس عورت کو استقرار حمل نہ ہوتا ہو وہ حیض سے پاکی کے بعد غسل کر کے کمر میں باندھ لے اور شوہر سے تین شب متواتر ہم بستری کرے' تین دن کے بعد اس چمڑے کو کھولدے اور دیکھے کہ حمل ٹھہرا ہے یا نہیں' دگرنہ دوسرے اور تیسرے طہر میں بھی یہی عمل

کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مراد پوری ہوگی۔ بعداز مراد نیاز حضرت سیدنا غوث الثقلین رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ واولیائے کرام و ارواح موکلان سورۂ مزمل شریف دلائیں۔

بانجھ پن

بانجھ عورت کے لئے ذیل کا عمل ازحد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے سوا سیر جو کا آٹا لے کر دو روٹی پکائیں' پھر ہر روٹی پر زعفران وگلاب و مشک سے سورۂ مزمل لکھیں' بعدازاں ان روٹیوں کو آدھ پاؤ دیسی گھی سے تر کریں اور ان روٹیوں میں سے ایک پر آیات قطب:۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ط يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ط قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ط يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ط يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ط قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ○

اکتالیس مرتبہ اور دوسری روٹی پر چہل قاف ذیل اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اب ہر روٹی کے بیس بیس ٹکڑے کر دیئے جائیں' پہلے بیس دن پہلی روٹی کے ٹکڑے روزانہ ایک ٹکڑا عورت کو کھلائیں اور بعدازاں بیس دن دوسری روٹی کے ٹکڑے روزانہ فی ٹکڑا

استعمال کرائیں۔

اکتالیس دن سورۂ مزمل شریف ایک مرتبہ اور آیات قطب و چہل قاف ایک ایک مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں' اس کے بعد عورت اپنے مرد سے ہم بستری کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے حمل ضرور بالضرور ٹھہرے گا اور وہ عورت بچے کو جنم دے گی۔

چہل قاف:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

كَفَاكَ رَبُّكَ كَمۡ يَكۡفِيۡكَ وَاٰلِفَةً كِفَافُهَا كَلِمِيۡنَ كَانَ كَلَكَ وَتُكِرُّ كَرَّ الۡكَرِّ الۡكَرِّفِىۡ كَبَدٍ تَجَلّٰى مُشۡكَشۡكَتٍ كَلَظُلُكَ وَكَلَكَ كَفَاكَ الۡكَافُ كُرۡبَتَهٗ يَا كَوۡكَبًا كَانَ تَعۡكِىۡ يَا كَوۡكَبَ الۡفَلَكِ

استقرار حمل

استقرار حمل کے لئے ذیل کا عمل ازحد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے چاند کی پہلی تاریخ سے بشرطیکہ سعد دن ہو بصورت سعد دن اور سعد ساعت میں شیرینی پر گیارہ مرتبہ آیت مبارکہ ذیل اور گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر دم کرے' بعداز فراغ غسل حیض میاں بیوی دونوں اس شیرینی کو کھائیں اور باہم صحبت کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے حمل ضرور ٹھہرے گا۔

آیت مبارکہ:۔

اِذۡ قَالَتِ امۡرَاَتُ عِمۡرٰنَ رَبِّ اِنِّىۡ نَذَرۡتُ لَكَ

مَافِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ ج اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ o

دشمنوں کی زبان بندی

دشمنوں کی زبان بندی کے لئے ذیل کا عمل ازحد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے لازم ہے کہ ظہر کی سنت اور فرض کے درمیان' عشاء کے فرض و سنتوں کے درمیان' فجر کی سنت و فرض کے درمیان کسی سے کوئی کلام نہ کیا جائے پھر درود پاک اول وآخر ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھئے اب درود پاک ذیل پڑھنے کے بعد سورۂ مزمل شریف اس طرح شروع کریں جب آیت مبارکہ:۔

اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیْلِ هِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِیْلاًo

پر پہنچے تو ستر مرتبہ پڑھیں پھر کہیں:۔

اَللّٰهُمَّ فلاں بن فلاں (یہاں دشمن اور اس کی ماں کا نام لیں) رادفع وهلاك گرداں

جب کلمہ:۔

عَلٰی مَایَقُوْلُوْنَ

پر پہنچے تو دس مرتبہ پڑھیں' پھر فلاں بن فلاں را بند گرداں پڑھ کر جب:۔

عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ

پر پہنچیں تو ایک مرتبہ:۔

خداوند فلاں را برائے فن افگندہ گرداں و موم سرگرداں و رسوا گرداں اوراو هفت اندام گره گردلوں تاوقت مرگ بحق لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّد"

رَّسُوْلِ اللّٰهِ

پڑھ کر بقیہ سورۂ مکمل کریں اور بعداز ختم سورۂ ذیل کی دُعا پڑھیں۔

اس طریق سے سات دن تک ہر روز گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی اور وہ کبھی بھی ضرر نہ پہنچا سکے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍۢ بِعَدَدِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْكَافِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍۢ بِعَدَدِ الْمَطَرِ وَالْاَنْبِيَآءِ

دُعا:۔

يَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ يَامُفَتِّحُ فَتِّحْ يَامُفَرِّجُ يَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ وَيَامُيَسِّرُ يَسِّرْ يَامُنْعِمُ تَمِّمْ عَلَيْنَانِعْمَتَكَ وَهَبْ لَنَا كَرَامَتَكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ادائیگی قرض

ادائیگی قرض کے لئے ذیل کا عمل ازحد مجرب اور آزمودہ ہے۔

اس مقصد کے لئے درمیان سنت و فرض فجر کے سات مرتبہ سورۂ مزمل شریف اس طرح پڑھیں کہ:۔

يَآاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ

تین مرتبہ کہیں اس کے بعد تین یا سات مرتبہ:۔

زَمِّلْنِىْ بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ

پڑھ کر آگے سورۃ پڑھیں جب :۔

أَوْزِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝ؕ

پر پہنچیں تو آیت کریمہ:۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّه، مَخْرَجًاۙ وَّ يَرْزُقْه، مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ مَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُه، اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْراً

ایک مرتبہ پڑھیں جب:۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝

پر پہنچیں تو:۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

پھر آگے پڑھتے ہوئے جب :۔

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ع

پر پہنچیں تو پھر آیت مبارکہ:۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

تین مرتبہ پڑھ کر آگے سورۃ پڑھیں اور جب:۔

قَرْضًا حَسَنًا ط

پر پہنچیں تو:۔

اَلَا اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرِ

اکیس مرتبہ پڑھ کر سورۃ مکمل کریں' اس طریقہ سے سات مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر آگے ذیل کی دُعا مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت قرض سے بفضل باری تعالیٰ بہت جلد نجات مل جائے گی۔

دُعا:۔

اَللّٰهُمَّ يَامُسَبِّبُ سَبِّبْ وَيَامُفَتِّحُ فَتِّحْ وَيَامُفَرِّجُ فَرِّجْ وَيَامُسَهِّلُ سَهِّلْ وَيَامُدَبِّرُ دَبِّرْ وَيَامُيَسِّرُ يَسِّرْ وَيَامُتَمِّمُ تَمِّمْ بِالْخَيْرِ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الْعَظِيْمَةِ وَبِحَقِّ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمْ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ (یہاں حاجت کا نام لے کر کہے) **اِلٰهِیْ بِحَقِّ شَرَفِ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الْعَظِيْمَةِ وَكَرَامَتِهَا وَحَقَائِقِهَا وَدَقَائِقِهَا وَتَفْسِيْرِ هَا وَتَعْظِيْمِهَا اَنْ تُعْطِیَ لَنَا خَيْرَ الدُّنْيَا وَخَيْرَ الْاٰخِرَةِ وَاَنْ تَصْرِفَ عَنَّا شَرَّ الدُّنْيَا وَشَرَّ الْاٰخِرَةِ وَاَنْ لَّا تُسَلِّطَ عَلَيْنَا مَنْ لَايَرْحَمُنَا فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ**

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ بِحَقِّ كٰهٰيٰعٰصٰ بِحَقِّ حٰمٰعٰسٰقٰ وَبِحَقِّ نَبِيِّكَ مُحَمَّدِ ن الَّذِىْ سَمَّيْتَهٗ فِىْ كِتَابِكَ الْعَزِيْزِ يَاۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ اَنْ تَزَمَّلَنِىْ فِىْ رَدَاءِ لُطْفِكَ عَنْ عُيُوْنِ الْبَاغِيْنَ مِنْ كُلِّ الْاَمْرَاضِ وَالْاَسْقَامِ وَالْاَوْجَاعِ بِحَقِّ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ" رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

مفتاح القلوب

اس بات کی آزمائش کرنا کہ عورت حاملہ ہوگی یا نہیں اس کے لئے ذیل کا عمل ازحد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بروز جمعرات عورت روزہ رکھے بوقت افطار جس قدر وہ دودھ پی سکتی ہو اتنا دودھ لے کر اس پر سورۂ مزمل شریف سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اسی دودھ سے روزہ افطار کرے۔

اگر تو دودھ ہضم ہو جائے تو پھر انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ضرور حاملہ ہوگی اور اگر دودھ ہضم نہ ہو تو پھر صبر کرے۔ (درنصیبہ او فرزند نیست)

حمل کی روک تھام

جس عورت کا حمل کچا گر جاتا ہو اور باوصف علاج کے اس سے نجات نہ ملتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل ازحد مجرب اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے سفید کاغذ پر بنائیں

اور اس پر انہی آیاتِ مبارکہ کا ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر ورد کریں اور اس کو عورت اپنی کمر میں بعداز پاکی حیض باندھ لے اس کے علاوہ روزانہ ذیل کی آیت مبارکہ کا نقش چینی کی طشتری پر زعفران وگلاب ومشک سے لکھ کر اس کو پانی سے گھول کر حل کرے اور اس پانی پر اکیس مرتبہ یہی آیت مبارکہ بمعہ درود شریف شفاء اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے صبح نہار منہ پیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد حاملہ ہوگی اور حمل محفوظ رہے گا۔ پینے والا عمل تاوضع حمل جاری رکھے۔

نقش:۔

کمر میں باندھنے والا:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كُلُّ نَفْسٍ لَّمَا عَلَيْهَا حَافِظٌ
فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ خُلِقَ
مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ
الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ ط فَاللّٰهُ خَيْرٌ
حَافِظًا وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ

محمد شبیر قادری

پینے والا نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيۡلِ

٦٦١	٦٦٤	٦٦٧	٦٤٥
٦٦٦	٦٥٥	٦٦٠	٦٦٥
٦٥٦	٦٦٩	٦٦٢	٦٥٩
٦٦٣	٦٥٨	٦٥٧	٦٦٨

هِىَ اَشَدُّ وَطۡاً

وَّاَقۡوَمُ قِيۡلًا ۝

دفع فقر و فاقہ

دفع فقر و فاقہ کے لئے عطیہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز فجر سورۂ واقعہ سورۂ مزمل شریف' سورۂ والیل اور سورۂ الم نشرح ایک سو ایک مرتبہ اوّل و آخر درود شریف:۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الۡاُمِّيِّ الۡكَرِيۡمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ

گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر ذیل کی دُعا مانگا کریں اور ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے سفید کاغذ پر بنا کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت فقر و فاقہ دور ہو گا' قرض کی ادائیگی پردہ غیب سے پوری ہوگی اور کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

نقش:۔

دُعا:۔

یَارَازِقَ السَّائِلِیْنَ یَااَرْحَمَ الْمَسَاکِیْنَ یَاوَلِیَّ الْمُؤْمِنِیْنَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَّعْصِیَتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ یَا اِلٰہَ الْعٰلَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ

محمد بشیر قادری

جامع عمل سورۂ مزمل و سورۂ مدثر

ہر قسم کے دینی و دنیاوی امور میں کامیابی' فتوحات' وسعت رزق' ذہنی امراض' جادو' سحر' اثرات بد' حصول اولاد اور بندش دور کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور موثر ہے لیکن جس مقصد کے لئے بھی پڑھیں اس کو مدنظر رکھیں۔

اس عمل کو باشرائط عملیات و وظائف نوچندی بدھ سے اس طرح شروع کریں کہ اوّل سورۂ مزمل شریف اس طریق سے پڑھیں کہ جب آیت مبارکہ:۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ○

پر پہنچیں تو اس کو نوے یا نو مرتبہ دھرائیں اور ساتھ ہی:۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

کی تکرار نو مرتبہ کریں اس کے بعد سورۂ مزمل شریف کو ختم کریں اور اپنی حاجت اللہ تعالیٰ عزوجل سے مانگیں اور پھر سورۂ مدثر پڑھنا شروع کر دیں اور سورۃ کے اختتام کے بعد پھر اپنی حاجت اللہ تعالیٰ عزوجل سے مانگیں۔

بعدازاں ذیل کے دو نقوش زعفران وگلاب و مشک سے مومی کاغذ پر بنا کر دونوں کو موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں' اگر آفات و بلیات اور رزق کے لئے پڑھیں تو نقش کو فریم کر کے اپنی دوکان میں آویزاں کروائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت مطلوبہ حاجت روا ہو گی اور تمام پریشانی ختم ہوجائے گی۔

محمد شبیر قادری

نقش نمبر 1:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۲۸۲۵	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۳
۲۲۸۲۰	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۴
۲۲۸۲۱	۲۲۸۲۶	۲۲۸۱۹

یا اللہ بہ حق محمد وآل محمد و بحق ایں سورہ میری حاجت -- دور فرما

نقش نمبر 2:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۳۰۷۸۸	۳۰۷۸۱	۳۰۷۸۶
۳۰۷۸۳	۳۰۷۸۵	۳۰۷۸۷
۳۰۷۸۴	۳۰۷۸۹	۳۰۷۸۲

یا اللہ بہ حق محمد وآل محمد و بحق ایں سورہ میری تمام مشکلات و حاجات برلا۔

محمد شبیر قادری

اسقاط حمل کی روک تھام

(غیر مسلموں کے لئے)

اسقاط حمل کی روک تھام کے لئے ذیل کا نقش ازحد کارگر اور مفید ہے یہ نقش صرف غیر مسلموں کے لئے ہے۔

اس مقصد کے لئے اس نقش کو زعفران وگلاب ومشک سے سفید کاغذ پر تیار کر کے متعلقہ عورت کی کمر میں بندھوا دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اسقاط حمل سے روک تھام ہو جائے گی۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۱۶۸	۲۱۷۱	۲۱۷۵	۲۱۶۱
۲۱۷۴	۲۱۶۲	۲۱۶۷	۲۱۷۲
۲۱۶۳	۲۱۷۷	۲۱۶۹	۲۱۶۶
۲۱۷۰	۲۱۶۵	۲۱۶۴	۲۱۷۶

سحر و جادو سے نجات کے لئے

سحر و جادو سے نجات کے لئے ذیل کا عمل ازحد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے تانبے کے پترے

پر کندہ کروائیں اور اس کی پشت پر نقش سیفی ذیل بھی کندہ کروائیں۔

اب اس نقش پر ساعت عطارد میں ستر مرتبہ سورۂ مزمل شریف اور اکتالیس مرتبہ نادعلی بمعہ اوّل و آخر درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ الزَّکِیِّ صَلَاۃً تَحُلُّ بِہِ الْعُقَدُ وَتُفَکُّ بِھَا الْکُرَبُ وَالسِّحْرُ وَالسَّاحِرُ وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

گیارہ، گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو سرخ ریشمی کپڑے میں بند کر کے مسحور کے گلے میں ڈال دیں۔ روزانہ سورۂ مزمل شریف گیارہ مرتبہ بمعہ اول وآخر درود شریف بالا گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر مسحور کو نہ صرف دم بھی کریں بلکہ اس کا پانی بھی پلایا کریں۔

اس نقش کا ہدیہ ایک سو ایک روپیہ فقراء وغرباء میں تقسیم کردیں اور بعداز شفاء نیاز حضرت ابوالحسن خرقانی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ دلوائیں۔

نقش:۔

سامنے کی طرف:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۷۱۱۶	۱۷۱۱۹	۱۷۱۲۲	۱۷۱۰۹
۱۷۱۲۱	۱۷۱۱۰	۱۷۱۱۵	۱۷۱۲۰
۱۷۱۱۱	۱۷۱۲۴	۱۷۱۱۷	۱۷۱۱۴
۱۷۱۱۸	۱۷۱۱۳	۱۷۱۱۲	۱۷۱۲۳

پشت کی طرف:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۱۶۵۱۸	۱۶۵۲۱	۱۶۵۲۵	۱۶۵۱۱
۱۶۵۲۴	۱۶۵۱۲	۱۶۵۱۷	۱۶۵۲۲
۱۶۵۱۳	۱۶۵۲۷	۱۶۵۱۹	۱۶۵۱۶
۱۶۵۲۰	۱۶۵۱۵	۱۶۵۱۴	۱۶۵۲۶

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ٥ نَادِ عَلِیًّا مَّظۡهَرِ الۡعَجَائِبِ تَجِدۡهُ عَوۡنًا لَكَ فِی النَّوَائِبِ كُلِّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنۡجَلِیۡ بِعَظۡمَتِكَ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَامُحَمَّدُ يَامُحَمَّدُ يَامُحَمَّدُ بِوِلَايَتِكَ يَاعَلِیُّ يَاعَلِیُّ يَاعَلِیُّ

قوت حافظہ درست ہو جائے

جس کسی کا حافظہ خراب ہوگیا ہو اور ہر شے وہ بھول جاتا ہو تو ایسے میں اس کی درستی، تیزی اور ہر بات یاد رکھنے کے لئے ذیل کا عمل ازحد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے طریقہ سے بعداز نماز فجر نقش زعفران و گلاب و مشک سے سفید کاغذ پر بنا کر پانی میں حل کر لیں اور اس پانی پر سورۂ مزمل شریف گیارہ مرتبہ اور الم نشرح اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو مریض اکتالیس یوم تک نہار منہ استعمال کرتا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم قوت حافظہ قوی ہو جائے گی اور کوئی بھی پڑھی ہوئی یا

سنی ہوئی بات بھولنے نہ پائے گا۔

نقش:۔

سامنے کی طرف:۔

یا رحمٰن	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	یا رحیم
سورۃ الم نشرح	سورۂ مزمل لکھیں	سورۃ الم نشرح
[illegible]	سورۃ الم نشرح	[illegible]

پشت پر:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

١٧١١٦ / ٢٧٤٣٨١	١٧١١٩ / ٢٧٤٣٨٤	١٧١٢٢ / ٢٧٤٣٧٧	١٧١٠٩ / ٢٧٤٣٧٤
١٧١٣١ / ٢٧٤٣٨٦	١٧١١٠ / ٢٧٤٣٧٥	١٧١١٥ / ٢٧٤٣٨٠	١٧١٣٠ / ٢٧٤٣٨٥
١٧١١١ / ٢٧٤٣٧٦	١٧١٢٤ / ٢٧٤٣٨٩	١٧١١٧ / ٢٧٤٣٨٢	١٧١١٤ / ٢٧٤٣٧٩
١٧١١٨ / ٢٧٤٣٨٤	١٧١١٣ / ٢٧٤٣٧٨	١٧١١٢ / ٢٧٤٣٧٧	١٧١٢٣ / ٢٧٤٣٨٨

کافر اور مشرک موکل کو سزا دینا

کافر اور مشرک موکل عملیات کے دفعیہ اور اس سے ہمیشہ کے لئے نجات کے لئے ذیل کا عمل مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے آدھی رات کو اٹھ کر تازہ غسل اور وضو کریں اور پھر دو رکعت نماز نفل بہ نیت نجات الموکل سفلی مشرک بہ طریق ادا کریں کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ جن ایک مرتبہ اور سورۂ اخلاص سات مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ مزمل شریف ایک مرتبہ اور سورۂ اخلاص سات مرتبہ پڑھ کر نماز مکمل کریں اور بعداز سلام پھیرنے کے عمل میں کامیابی اور اس سے نجات کے لئے اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور بوسیلہ حضور نبی کریم ﷺ دعا مانگیں۔

بعدازاں اس جگہ آیت الکرسی پڑھتے ہوئے ایک تیز نوکدار چھری سے حصار باندھیں اور چھری کو حصار کے اوپر اپنے سامنے رکھ لیں اور بہ تعداد ذیل عمل شروع کریں وہ موکل یا پیر سامنے آجائے گا' اس سے کہے کہ وہ اگلے روز تمام لوگوں کے سامنے آئے اور کوئی شرارت نہ کرے' صبح کو اٹھ کر اس عمل کو سات سات مرتبہ پڑھیں اور چاروں طرف پھونک لگائیں تاکہ جتنے لوگ بھی موجود ہوں ان کے سامنے موکل یا پیر حاضر ہو جائے۔

اس کے ساتھ ہی عامل فوری طور پر سورۂ الفیل کو دونوں ہاتھوں پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ان کی مٹھیاں باندھ کر گھونسے بنائے جیسے ہی موکل یا پیر ہاتھ باندھے سامنے آتا دکھائی دے اور قریب پہنچے تو فوری طور پر اللہ تعالیٰ عزوجل کا نام لے کر اس کی پسلیوں میں ایک ایک گھونسہ زور سے مارے جس سے وہ درد اور اذیت محسوس کرتے ہوئے چیخنا شروع کر دے گا روئے گا گڑگڑائے گا اور معافی کا طلب گار ہو گا اور نہ مارنے کی التجا کرے گا۔

محمد شبیر قادری

ایسے وقت عامل اس سے اس شرط کا وعدہ لے کہ وہ اس جگہ سے فوری چلا جائے گا اور آئندہ کبھی بھی نہیں آئے گا اور نہ ہی جاتے ہوئے کسی کو تنگ کرے گا وہ وعدہ کرے گا اور ایک دھماکہ بطور نشانی کرتے ہوئے وہاں سے دفع ہو جائے گا اور آئندہ نہیں آئے گا۔

اب عامل ایک مرتبہ اسی عمل کو پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں اور متعلقہ مریض پر دم کرے تاکہ دوبارہ اس کا داخلہ وہاں کبھی بھی نہ ہو اور پھر حصار توڑ کر باہر نکل آئے۔

نوٹ:۔ یہ عمل انتہائی جلالی ہے اس لئے پوری طرح شرائط عملیات کو مدنظر رکھے اور ان کی پابندی کرے عام آدمی اس عمل کو کسی بھی صورت نہ کرے وگرنہ نقصان اٹھائے گا' بہتر ہے کہ اس کو صاحب قوت یا عمل کامل انسان کرے۔

وردِ عمل:۔

- ☆ اوّل و آخر درود شریف (ایک سو ایک مرتبہ)
- ☆ سورۂ مزمل شریف (تین سو تین مرتبہ)
- ☆ **یَاظَاهِرُ یَابَاطِنُ** (ایک ہزار ایک مرتبہ)
- ☆ سورۂ جن (تینتیس مرتبہ)

رہائی قید

رہائی قید کے لئے ذیل کا عمل ازحد مفید اور سریع الاثر ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کی آیت مبارکہ کو روزانہ بعداز نماز فجر اور نماز عشاء ایک سو پچاس مرتبہ بمعہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ صدق دل سے پڑھنا قیدی اپنا معمول بنالے' چند یوم کے عمل تسلسل سے قید سے رہائی کا بندوبست ہو جائے گا اس کے علاوہ ذیل کا نقش بھی زعفران وگلاب و مشک سے بنا کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے۔

نوٹ:۔ اگر قیدی کسی وجہ سے خود نہ پڑھ سکتا ہو تو اس کا کوئی عزیز اس عمل کو خلوص نیت سے کر کے اس کا نام لے کر اللہ تعالیٰ عزوجل سے اس کی رہائی کے لئے دُعا مانگے لیکن نقش قیدی کو ضرور دے دیں۔

آیت مبارکہ:۔

وَاصْبِرْ عَلٰى مَايَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝

نقش:۔

۲۹۸	۳۰۳	۲۹۵	۳۰۹
۲۹۶	۳۰۸	۲۹۹	۳۰۲
۳۰۷	۲۹۳	۳۰۵	۳۰۰
۳۰۴	۳۰۱	۳۰۶	۲۹۴

بدنصیبی دور ہو

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی بدنصیبی دور ہو جائے اور اس پر خوشحالی کا نزول اللہ تعالیٰ عزوجل کی جانب سے ہو جائے تو اس کے لئے ذیل کا عمل اکسیر کا درجہ

رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے سفید گتہ پر خوش خط کر کے بنائیں اور اس کو لیمینیشن کر کے اپنے پاس رکھیں' روزانہ رات کو بعداز نماز عشاء اس نقش پر نگاہ جماتے ہوئے سو مرتبہ آیت مبارکہ ذیل بمعہ درود شریف تخیناً گیارہ' گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے عمل مسلسل سے نصیبہ مکمل طور پر کھل جائے گا۔

آیت مبارکہ:۔

وَذَرْنِیْ وَالْمُکَذِّبِیْنَ اُولِی النَّعْمَۃِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِیْلًا٥

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وذرنی — والمکذبین — اولی — النعمۃ — ومهلهم — قلیلا

٦٩٢	٦٨٧	٦٨٨
٦٨٥	٦٨٩	٦٩٣
٦٩٠	٦٩١	٦٨٦

نوٹ:۔ بعداز کھلنے در نصیب بارہ نوافل شکرانہ الٰہی ادا کر دیں اور نیاز حسب توفیق پنجتن

پاک پکا کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔

کشائش رزق

کشائش رزق کے خواہاں حضرات کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز ہر فرض نماز آیت مبارکہ ذیل ایک سو ایک مرتبہ بمعہ اوّل و آخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت پردۂ غیب سے اس کا رزق وسیع ہو جائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

نجات از جن' بھوت پریت

جن بھوت پریت کا اثر دور کرنے اور ان سے خلاصی پانے کے لئے ذیل کا عمل ازحد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے اکیس یوم تک بعداز نماز فجر آیت مبارکہ ذیل کا ورد دو ہزار چار سو انیس مرتبہ بمعہ اوّل و آخر درود شریف تنجینا گیارہ' گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس کے علاوہ ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے سفید کاغذ پر بنا کر اس کو خوشبو لگا کر موم جامہ کریں اور مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے ان آفات و بلیات سے بہت جلد چھٹکارا مل جائے گا۔

آیت مبارکہ:۔

إِنَّآ أَرۡسَلۡنَآ إِلَيۡكُمۡ رَسُولًا ۙ۬ شَٰهِدًا عَلَيۡكُمۡ كَمَآ أَرۡسَلۡنَآ إِلَىٰ فِرۡعَوۡنَ رَسُولًا ۝ؕ

نقش:۔

بادشاہ جنات کو تابع فرمان کرنا

بادشاہ جنات کو تابع فرمان کرنے اور اپنی مشکل سے خلاصی پانے کے لئے ذیل کا عمل مجرب اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے چار سیسہ پانی کسی دیگچہ میں ڈالیں اور اس میں ایک کاغذ پر

قارون' ایک کاغذ پر فرعون اور ایک کاغذ پر ابلیس خوشخط موٹے مارکر سے لکھ کر ڈال دیں اور اس دیگچے کو آگ پر رکھ دیں' پھر باوضو حالت میں اپنے گرد آیت الکرسی کا حصار باندھ کر کھڑے ہو جائیں اور آیت مبارکہ ذیل کو ایک ہزار مرتبہ پڑھتے ہوئے ساتھ ساتھ پانی پر دم بھی کرتے جائیں۔

عمل کی تکمیل پر بادشاہ جنات حاضر ہوگا اور مشکل کے بارے میں استفسار کرے گا اور اس مشکل کو حل کرے گا اور جو بھی حاجت ہوگی اس کو پورا کرے گا۔

نوٹ:۔ باور رہے کہ کمزور دل والے حضرات اس عمل کو قطعی نہ کریں وگرنہ ڈر خوف سے خود نقصان اٹھائیں گے۔

آیت مبارکہ:۔

فَعَصٰی فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ۝

دشمن کی بربادی

جو شخص اپنے دشمن کے گھر کو ویران اور پریشان کرنا چاہتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل تیر بہدف ہے' لیکن باور رہے کہ ناجائز عمل کی صورت میں خود مستوجب عذاب الٰہی ہو جائے گا۔

اس مقصد کے لئے سات عدد پھول چنبیلی لے کر بروز اتوار قبرستان میں جائے اور آیت مبارکہ ذیل کو دو پرانی قبروں کے درمیان بیٹھ کر ان پھولوں پر دم کریں' ان میں سے ایک پھول اپنی جیب میں رکھیں اور بقیہ پھولوں میں سے تین پھول دشمن کے مکان کے مشرقی جانب اور تین پھول مغربی جانب ڈال دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ستر برس تک وہ گھر ویران و برباد رہے گا۔

آیات مبارکہ:۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ قَهَّارٌ وَّمُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ جَبَّارٌ

وَّالسُّلْطَانُ الْمُرْتَضٰی سَتَّار" فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبَا ۞ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ" بِهٖ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۞

حاجت براری

حاجت براری کے لئے ذیل کا عمل ازحد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے آدھی رات کو اٹھ کر تازہ غسل اور وضو کے ساتھ اوّل و آخر درود شریف ذیل پانچ پانچ سو مرتبہ اور آیت مبارکہ ذیل ایک سو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دعا مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند یوم کے عمل مسلسل سے مطلوبہ حاجت پردۂ غیب سے برآئے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَمُرْشِدِنَا وَرَاحَةِ قُلُوْبِنَا وَطَبِيْبِ ظَاهِرِنَا وَبَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَوْلِيَآءِ اُمَّتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ اِلٰی يَوْمِ الدِّيْنِ

آیت مبارکہ:۔

عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ

ہلاکی دشمن

دشمن کی ہلاکی کے لئے ذیل کا عمل ازحد سریع الاثر ہے لیکن باور رہے کہ اس عمل کو ناجائز بالکل نہ کیا جائے وگرنہ خود مستوجب عذاب الٰہی ہوگا۔

